تجلیاتِ رمضان



محمد صادق سیالکوٹی

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ط (قرآن)

قدحے درکش و سرخوش بتماشا بخرام
تا بہ بینی کہ "نگارت" بچہ آئیں آمد (حافظؒ)

تجلیاتِ رمضان

اس رسالہ میں رمضان المبارک، فرضی اور نفلی روزوں، نماز تراویح لیلۃ القدر، عید الفطر، عید الاضحیٰ، قربانی، اور قرآن مجید کے شرائف وفضائل اور احکام و مسائل کو "دریا بہ حباب اندر" کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔ تمام موضوع صرف قرآن اور حدیث کے استدلال سے بیان کئے گئے ہیں۔ جو جامعیت کے لحاظ سے تکمیل بر دوش اور کہکشاں گیر ہیں

از تالیفات
حکیم مولینا محمد صادق سیالکوٹی

ناشر: دائرۃ التبلیغ - پورہ ہیراں سیالکوٹ شہر (پاکستان)
رمضان المبارک ۱۳۷۱ھ

DATA ENTERED

حکیم محمد صادق صاحب کے اہتمام سے طور پرنٹنگ پریس میں چھپی۔ اور
دائرہ التبلیغ پورہ ہیراں سیالکوٹ نے شائع کی

Marfat.com

فہرست مضامین

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	پیش خبر	۳	۱۸	رمضان کے چاند کی گواہی	۳۰
۲	خطبۂ رمضان	۳	۱۹	عید کے چاند کی شہادت	۳۱
۳	رمضان کے روزہ کی فرضیت	۶	۲۰	اپنے اپنے شہر کی رویت	۳۲
۴	ماہ رمضان کی فضیلت	۹	۲۱	رویت چاند کی دعا	۳۳
۵	عبادت روزہ کی خصوصیت	۱۰	۲۲	سحری کھانے کے احکام	۳۳
۶	روزہ کا اجر بے پایاں	۱۱	۲۳	روزہ کی نیت ضروری ہے	۳۵
۷	بہشت کے دروازوں کا کھلنا	۱۴	۲۴	رمضان کی سلامی کا روزہ	۳۷
۸	باب ریان میں داخلہ	۱۶	۲۵	افطار صوم	۳۸
۹	روزہ اور قرآن کی شفاعت	۱۷	۲۶	روزہ کی تعجیل	۴۰
۱۰	بہشت کا بناؤ سنگار	۱۹	۲۷	ختم سے افطار میں تاخیر	۴۰
۱۱	رمضان کو غنیمت جانو	۲۱	۲۸	روزہ ملنے کی ممانعت	۴۲
۱۲	حقیقی بدعت	۲۲	۲۹	مجھے خدا کھلاتا پلاتا ہے	۴۳
۱۳	جبریل کی تین بددعائیں	۲۳	۳۰	روحانی کھانا پینا	۴۴
۱۴	روزہ کی تاکید و تخویف	۲۶	۳۱	کس چیز سے افطار کرے	۴۵
۱۵	رویت ہلال	۲۶	۳۲	روزہ افطار کرانے کا ثواب	۴۶
۱۶	روزہ اور عید کا حکم	۲۷	۳۳	دوسروں کی چیز سے افطار	۴۷
۱۷	شک کے دن روزہ کی ممانعت	۲۸	۳۴	افطار روزہ کی دعائیں	۴۸

Marfat.com

۳۵	دعائے افطار میں زیادتی	۴۹	۵۴	نفلی روزے	۶۳
۳۶	روزہ کی پاکیزگی اور طہارت	۵۰	۵۵	شوال کے چھ روزے	۶۳
۳۷	روزہ نہیں فاقہ ہے	۵۱	۵۶	ایام بیض کے روزے	۶۴
۳۸	رمضان کے ایک روزہ کا مرتبہ	۵۲	۵۷	یوم عرفہ کا روزہ	۶۵
۳۹	مسافر مریض اور حاملہ کیمتعلق	۵۲	۵۸	معراج کے روزہ کی ایجاد	۶۶
۴۰	سفر میں روزہ	۵۳	۵۹	یوم عاشورا کا روزہ	۶۸
۴۱	سفر میں افطار کو ترجیح	۵۴	۶۰	شوہر کی اجازت سے روزہ	۷۰
۴۲	سفر میں روزہ نیکی نہیں ہے	۵۴	۶۱	نفلی روزہ کے متفرق مسائل	۷۲
۴۳	صائم فی السفر کا افطار	۵۵	۶۲	نماز تراویح	۷۲
۴۴	روزہ توڑنے کا کفارہ	۵۷	۶۳	تراویح کی فضیلت	۷۴
۴۵	بھولے سے کھانا پینا	۵۷	۶۴	رسول اللہ نے تراویح پڑھائی	۷۵
۴۶	روزہ میں سرمہ لگانا	۵۸	۶۵	تراویح رسول اللہ کی سنت ہے	۷۶
۴۷	روزہ میں مسواک	۵۸	۶۶	تراویح کا طویل قیام	۷۹
۴۸	شدت روزہ میں تبرید	۵۸	۶۷	تراویح کا عدد مسنون	۸۲
۴۹	شیخ فانی کے روزہ کا مسئلہ	۶۰	۶۸	تین شب کی تعداد رکعت	۸۵
۵۰	حیض نفاس والی عورتوں کے روزہ کا مسئلہ	۶۰	۶۹	آٹھ تراویح کا نور	۸۶
۵۱	رمضان کی راتیں حلال ہیں	۶۱	۷۰	شہباز استدلال کی پرواز	۸۶
۵۲	عیدین کے روزہ کی حرمت	۶۱	۷۱	امام ابو حنیفہ کے شاگرد امام محمد کا نعرہ حق	۸۹
۵۳	ایام تشریق میں روزہ کی حرمت	۶۲	۷۲	لاکھوں پر بھاری گواہی	۸۹
			۷۳	تحقیق کا شمس نیمروز	۹۱

Marfat.com

۷۴	حضرت عمرؓ کا گیارہ رکعت کا حکم	۹۲
۷۵	شیخ ابن ہمامؒ حنفی کا فتویٰ	۹۴
۷۶	رسول پاکؐ کے سامنے گیارہ رکعت	۹۴
۷۷	لیلۃ القدر	۹۶
۷۸	لیلۃ القدر کا مفہوم	۹۷
۷۹	لیلۃ القدر کی قیمت	۹۸
۸۰	شب قدر کی فضیلت	۹۹
۸۱	لیلۃ القدر رمضان میں ہے	۱۰۲
۸۲	رمضان کے آخری عشرہ میں ہے	۱۰۲
۸۳	آخری عشرہ کی طاق راتوں میں ہے	۱۰۳
۸۴	ستائیسویں شب کا تعین	۱۰۴
۸۵	سب راتوں میں تلاش کرو	۱۰۶
۸۶	لیلۃ القدر تئیسویں رات میں	۱۰۶
۸۷	لیلۃ القدر اکیسویں شب میں	۱۰۷
۸۸	تعین نہیں کر سکتے	۱۰۹
۸۹	لیلۃ القدر کی عبادت	۱۱۰
۹۰	خضوع و خشوع سے عبادت	۱۱۱
۹۱	اعتکاف	۱۱۲
۹۲	حضرت انورؓ کا اعتکاف	۱۱۲
۹۳	اعتکاف کی نذر پوری کرو	۱۱۳
۹۴	نماز فجر کے بعد اعتکاف	۱۱۴
۹۵	محرمات اعتکاف	۱۱۵
۹۶	قضاء عمری کی بدعت	۱۱۶
۹۷	معتکف کیلئے ضروری ہدایات	۱۱۶
۹۸	عید الفطر	۱۱۸
۹۹	عید کے دن انعام و اکرام	۱۱۹
۱۰۰	صدقۃ الفطر کے مسائل	۱۲۰
۱۰۱	عید الفطر کے مسائل	۱۲۲
۱۰۲	نماز عیدین کا طریقہ	۱۲۴
۱۰۳	عید الاضحیٰ	۱۲۶
۱۰۴	حضرت ابراہیمؑ کا سفر عرب	۱۲۶
۱۰۵	سعی صفا مروہ کی داغ بیل	۱۲۸
۱۰۶	چاہ زمزم اور مکہ کی ابتداء	۱۳۰
۱۰۷	کعبۃ اللہ کی بنیاد	۱۳۰
۱۰۸	عید الاضحیٰ کا آغاز	۱۳۱
۱۰۹	ماہ ذی الحجہ کے فضائل	۱۳۴
۱۱۰	قربانی کی تاکید	۱۳۴
۱۱۱	قربانی کے وقت افلاس	۱۳۵
۱۱۲	قربانی جہاد کی مشق ہے	۱۳۵
۱۱۳	رحمت ایزدی کی ذرہ نوازی	۱۳۹
۱۱۴	قربانی کی دعا اور طریق ذبح	۱۴۰

Marfat.com

۱۱۵	امت کی طرف سے قربانی	۱۴۲	۱۳۶	نجات و فلاح کی صورت	۱۶۶
۱۱۶	گائے کی قربانی	۱۴۲	۱۳۷	بہتر مسلمان کون ہے؟	۱۶۶
۱۱۷	گائے کی قربانی کی فضیلت	۱۴۳	۱۳۸	قرآن بالحن کی تبلیغ	۱۶۸
۱۱۸	قربانی کی کھال کا حکم	۱۴۳	۱۳۹	ہر حرف پر دس نیکیاں	۱۷۰
۱۱۹	قربانی کی کھال کا مصرف	۱۴۳	۱۴۰	والدین کی توقیر کا منظر	۱۷۲
۱۲۰	عید الاضحیٰ کی نماز	۱۴۴	۱۴۱	قرآن بامعنی پڑھنے کا حکم	۱۷۳
۱۲۱	قربانی کیخلاف عطائیوں کا واویلا	۱۴۵	۱۴۲	ترجمہ پڑھنا گناہ ہے؟	۱۷۵
۱۲۲	عمل بالقرآن کی صورت	۱۴۶	۱۴۳	بہشت کا دار و مدار	۱۷۶
۱۲۳	قربانی کی دو حیثیتیں	۱۴۷	۱۴۴	قوموں کا عروج و زوال	۱۷۷
۱۲۴	حج کی قربانیاں	۱۴۹	۱۴۵	ثریا سے ثریٰ پر	۱۷۷
۱۲۵	بانی مرنے کی وجہ	۱۵۰	۱۴۶	حافظ اور قاری کا مرتبہ	۱۷۸
۱۲۶	حاجی پر قربانی واجب نہیں	۱۵۲	۱۴۷	قرآن جامع وظائف ہے	۱۷۹
۱۲۷	گھروں کی قربانیاں	۱۵۲	۱۴۸	ستر ہزار فرشتوں کی دعائیں	۱۸۱
۱۲۸	گھر گھر قربانی کی تاکید	۱۵۵	۱۴۹	دل کے زنگ کی جلا	۱۸۲
۱۲۹	شب برات	۱۵۷	۱۵۰	سورہ فاتحہ کی علمی عظمت	۱۸۳
۱۳۰	تمہاری رضا کیا ہے؟	۱۶۰	۱۵۱	دس سیپاروں کا ثواب	۱۸۴
۱۳۱	رمضان کا شرفِ صحبت	۱۶۲	۱۵۲	قرآن کی مزدوری لینے والے	۱۸۴
۱۳۲	فضائل قرآن	۱۶۳	۱۵۳	متاعِ کارواں جاتا رہا	۱۸۵
۱۳۳	شاہراہ بہشت پر چراغاں	۱۶۵	۱۵۴	قرآن پڑھ کر رزق کمانا	۱۸۶
۱۳۴	قرآن کی امامت و پیشوائی	۱۶۶	۱۵۵	حافظ کا ۱۰ آدمیوں کی شفاعت کرنا	۱۸۸
۱۳۵	حقیقت خرافات میں کھو گئی	۱۶۶	۱۵۶	دھوکہ نہ کھانا	۱۸۸

پیش خبر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خدائے بزرگ و برتر نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو معیاری رسول (IDEAL PROPHET) بنا کر بھیجا ہے آپ ہر قسم کی خوبی، بھلائی، اور نیکی کے قابل عمل نمونہ ہیں۔ ایک کامل مکمل انسان اور مثالی پیغمبر بن کر آئے ہیں۔ آپ پیمانہ ہدیٰ۔ نصاب رضا اور عمل بالقرآن کا جامع کورس ہیں۔ ذات گرامی وہ کسوٹی ہے۔ جس پر خدا کی خوشی اور ناخوشی کے

Marfat.com

کاموں کی پرکھ ہوتی ہے۔ "آیۂ رحمت" کے اعضاء و جوارح سارے جہان کے لئے ہدایت کی شمعیں ہیں۔ اور انکی حرکتیں قربِ خداوندی کی کرنیں۔ زبان پاک کے کلمات وہ پھول ہیں۔ جن کی عطر بیزیاں طائرِ لاہوتی کی روح در واں ہیں۔ تحیّات سرمدی۔ صلوٰت یزدانی۔ اور طیّباتِ رحمانی کی ایمان آفریں ——— عملی صورتیں ——— آپ ہی کے وجودِ اطہر سے شرف صدور پاکر شباب کو پہنچ گئیں۔

توحید نے اگر حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ میں جنم لیا لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دور ہمایوں تک مرورِ ایام کی آغوش میں رضاعت کے دن گزارا کئے۔ کہ اتنے میں ایوان نبوت کی خشت آخریں۔ حضور خاتم النبیین۔ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم ساری کائنات کے رسول بن کر تشریف لے آئے۔ اور آپ نے توحید کی ایسی ہمہ گیر تربیت فرمائی۔ کہ عہد رسالت میں ہی اس نے اپنی جوانی کے نقطۂ عروج کو پالیا۔

ایسی یکساں ہونے کا شرف صرف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی زبان ——— وحی بیان کو حاصل تھا۔ کہ جس سے رشد و ہدایت کے وہ نورانی سکّے ڈھلتے تھے۔ کہ جن سے بازار حشر

Marfat.com

میں فضل و رحمت کی جنس کے سودے ہوں گے۔ آپ ہی کے نفس نفیس سے خیر محض کی ایسی نہریں رواں ہوئیں۔ کہ ان سے تشنگان ہدیٰ تا صور اسرافیل پیاس بجھائیں گے۔

اسی لئے خدا نے آیت "وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ" نازل فرما کر تمام مسلمانوں کو حکم دیا۔ کہ وہ آسمانی ہدایت حاصل کرنے اور دینی مسائل پوچھنے کے لئے صرف باب رسالت کو ہی دستک دیں۔ خبردار! "مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى" کے کہن تا آشنا ۔۔۔ مہر نیمروز کی ضیا باری میں کوئی بھی امت میں سے دین کامل کی فضا میں اپنی اپنی "موم بتی" نہ جلائے!

ع ؎ بہ مصطفٰےؐ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست

جس طرح دوسرے ارکان مسلمانی کی عمارت کے قیام کا باعث ہیں۔ اسی طرح روزہ بھی ایوان دین کا عظیم الشان ستون ہے۔ روزہ مسلمانوں میں صبر، ضبط، ایثار، بردباری، تحمل، مروت، سلوک، غمخواری، حوصلہ، پائے مردی، ثابت قدمی اور احساس غربت ایسے فضائل پیدا کرتا ہے۔ آدمی کو مشکلات اور مصائب پر قابو پانے کا عادی بناتا ہے۔ بھوک پیاس کی سہار سے اس کو جفاکشی اور جہاد وغیرہ کی مشقت برداشت کرنے کا سبق سکھاتا ہے۔ شہوات کو

Marfat.com

دباکر روحانیت کو ابھارتا اور انسان کے اخلاق و کردار کو سنوارتا ہے۔ اور "دلے گرمے نگاہِ پاک بینے جانِ بیتابے" کی عملی روح پھونکتا ہے!

اس روزہ کی فرضیت تو قرآن سے ثابت ہے۔ لیکن اس سراپا خلوص عبادت کا طریقہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھنا واجب ہے۔ کیونکہ جو عبادت سنت کے مطابق نہ ہو۔ خدا قبول نہیں کرتا۔ (کما مرّ) اسی قرآنی اصول کے پیشِ نظر ہم نے روزہ، اس کے متعلقات، متضمنات، اور صدہا مسائل پر زیرِ نظر کتاب "تجلیاتِ رمضان" کے نام سے لکھی ہے۔ تاکہ مسلمان بھائی اور بہنیں اس موضوع کے تمام مسائل و احکام بالراست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اخذ کر کے عمل کریں۔ کہ اس کتاب کی سطروں کی تمام نہریں رسالتؐ کے چشمہ صافی کے زلالِ ہدیٰ سے لبریز ہو رہی ہیں ؎

دراں چمن کہ نسیمے وزد ز طرّہٗ دوست
چہ جائے دم زدن نافہائے تاتاریست
(حافظؒ)

محمد صادق سیالکوٹیؒ — رمضان المبارک ۱۳۷۱ھ

آفتابِ رسالت کی نور افشانی

خطبہ رمضان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّہِ الْکَرِیْمِ ۝

وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ اٰخِرِ یَوْمٍ مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ یَا اَیُّھَا النَّاسُ
قَدْ اَظَلَّکُمْ شَھْرٌ عَظِیْمٌ شَھْرٌ مُّبَارَکٌ شَھْرٌ فِیْہِ لَیْلَۃٌ خَیْرٌ
مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ جَعَلَ اللّٰہُ صِیَامَہٗ فَرِیْضَۃً وَّقِیَامَ لَیْلِہٖ
تَطَوُّعًا مَنْ تَقَرَّبَ فِیْہِ بِخَصْلَۃٍ مِّنَ الْخَیْرِ کَانَ کَمَنْ
اَدّٰی فَرِیْضَۃً فِیْمَا سِوَاہُ وَمَنْ اَدّٰی فَرِیْضَۃً فِیْہِ کَانَ
کَمَنْ اَدّٰی سَبْعِیْنَ فَرِیْضَۃً فِیْمَا سِوَاہُ وَھُوَ شَھْرُ الصَّبْرِ
وَالصَّبْرُ ثَوَابُہُ الْجَنَّۃُ وَشَھْرُ الْمُوَاسَاۃِ وَشَھْرٌ یُّزَادُ فِیْہِ
رِزْقُ الْمُؤْمِنِ مَنْ فَطَّرَ فِیْہِ صَائِمًا کَانَ لَہٗ مَغْفِرَۃً

لِذُنُوْبِهٖ وَعِتْقَ رَقَبَتِهٖ مِنَ النَّارِ وَكَانَ لَهٗ مِثْلُ اَجْرِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْتَقِصَ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْءٌ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَيْسَ كُلُّنَا نَجِدُ مَا نُفَطِّرُ بِهِ الصَّائِمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي اللّٰهُ هٰذَا الثَّوَابَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰى مَذْقَةِ لَبَنٍ اَوْ تَمْرَةٍ اَوْ شَرْبَةٍ مِّنْ مَّاءٍ وَمَنْ اَشْبَعَ صَائِمًا سَقَاهُ اللّٰهُ مِنْ حَوْضِيْ شَرْبَةً لَا يَظْمَاُ حَتّٰى يَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَهُوَ شَهْرٌ اَوَّلُهٗ رَحْمَةٌ وَّاَوْسَطُهٗ مَغْفِرَةٌ وَّاٰخِرُهٗ عِتْقٌ مِّنَ النَّارِ وَمَنْ خَفَّفَ عَنْ مَّمْلُوْكِهٖ فِيْهِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ وَاَعْتَقَهٗ مِنَ النَّارِ ٥ (مشکوٰۃ)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شعبان کے آخری دن رمضان سے ایک یوم قبل ہمیں خطبہ دیا۔ ارشاد فرمایا۔ اے لوگو! تحقیق تم پر (ایک) بڑے مہینے نے سایہ ڈالا (یعنی رمضان آیا چاہتا ہے) مہینہ ہے برکت والا (ایسا) کہ اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ (لیلۃ القدر) خدا تعالیٰ نے اس (رمضان) کے روزے فرض اور اس کی رات کا قیام (تراویح) نفل (سنت) فرمایا ہے۔ جو کوئی رمضان میں کسی نیکی کی خصلت (ذکر اذکار وغیرہ) سے خدا کا قرب تلاش کرے تو ایسا ہے کہ جیسے غیر رمضان میں فرض ادا کیا

(یعنی رمضان میں نوافل کا فرضوں کے برابر ثواب ہوتا ہے) اور جس نے رمضان میں (قولی۔ بدنی۔ یا مالی) فرض ادا کیا۔ تو ایسا ہے جیسے غیر رمضان میں ستر فرض ادا کیے۔ اور یہ وہ مہینہ ہے صبر کا۔ (کہ آدمی کھانے پینے اور شہوت سے باز رہتا ہے) اور اس صبر کا ثواب بہشت ہے۔ اور یہ مہینہ ہے مواسات یعنی غم خواری کا۔ (کہ بھوک پیاس وغیرہ سے غرباء اور فقراء کا احساس ہوتا ہے) اور یہ مہینہ ہے وہ کہ مومن کا (صوری اور معنوی) رزق اس میں زیادہ کیا جاتا ہے اور جس نے روزہ دار کو رمضان میں افطار کروایا (کسب حلال سے) تو اس کے سبب اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔ اور آگ سے نجات ہوگی اور روزے دار کے ثواب کے مانند اس افطار کرانے والے کو ثواب ملے گا (لیکن) روزے دار کا ثواب کچھ کم نہ ہوگا!

ہم (صحابہ رض) نے کہا۔ اے خدا کے رسول! ہم سب اس قابل نہیں۔ کہ روزے دار کو افطار کرانے کا سامان (خورد و نوش) پائیں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خدا اس شخص کو بھی یہ ثواب دیتا ہے۔ جو روزے دار کو خالص نیت سے ایک گھونٹ لسی۔ یا ایک کھجور۔ یا ایک گھونٹ پانی کے ساتھ افطار کروا دے! اور (سنیے!) جو روزے دار کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے گا۔ خدا قیامت کو اسے میرے حوض (کوثر) سے ایسا پلائے گا کہ بہشت میں داخل ہونے تک پیاس نہ لگے گی۔ اور روزہ (ایسا برکت

Marfat.com

والا) مہینہ ہے کہ اس کے شروع میں رحمت ہے۔ اور اس کے درمیان میں
بخشش اور آخر میں نجات ہے۔ اور جس شخص نے (اپنے) لونڈی غلام (نوکر
چاکر خادم) سے رمضان میں (خدمت لینے کا) بوجھ ہلکا کیا۔ خدا اس کو
بخشتا ہے۔ اور آگ سے نجات دیتا ہے۔" (مشکوٰۃ)

رمضان کے روزہ کی فرضیت:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ
عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ○ أَيَّامًا مَّعْدُودَاتٍ
فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ
(پ۲ البقرہ ۷)

"اے ایمان والو! فرض کیا گیا ہے تم پر روزہ، جیسے فرض کیا گیا تھا
تم سے اگلوں پر، تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ (روزے) گنتی کے دن ہیں
پھر جو کوئی تم میں سے بیمار یا سفر میں ہو۔ تو لازم ہیں اتنے (فوت شدہ) روزے
اور دنوں سے۔"

ملاحظہ:- اس آیت سے رمضان کے روزوں کی فرضیت
ثابت ہوتی ہے جس طرح پہلی امتوں پر روزہ فرض تھا۔ اسی طرح ہم پر

Marfat.com

فرض ہے۔ رمضان مبارک کے روزہ کا تارک کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے اور منکر اس کا کافر ہے۔ اس لئے بغیر عذر شرعی کسی مسلمان کو ترک صوم روا نہیں۔ مسافر ہو یا بیمار۔ جو کوئی سفر یا مرض کے باعث روزہ نہ رکھ سکے تو اسے چاہیئے کہ مقیم اور تندرست ہو کر اتنے دنوں کی قضا کرلے!

رمضان کے روزوں کی فرضیت اور زکوٰۃ کے متعلق ایک اور ارشاد تعالیٰ وندی ہوتا ہے ——

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ (پ ۲)

رمضان کا مہینہ (ہی) ہے جس میں قرآن (لوح محفوظ سے بیت العزت میں) اترا ہے جو لوگوں کو (اسلام کی) راہ دکھانے والا ہدایت کی کھلی نشانیاں اور (قیامت تک زندہ) معجزہ ہے۔ پھر جو کوئی تم میں سے رمضان کے مہینے کو پائے۔ تو وہ سارا مہینہ روزہ رکھے۔ اور جو کوئی بیمار یا مسافر ہو وہ (بحالت مرض یا سفر روزہ نہ رکھے۔ اور چھوڑے ہوئے

Marfat.com

روزوں کو گن کر (سوائے رمضان کے) اور دنوں میں رکھ لے۔ خدا تمہارے ساتھ آسانی کا ارادہ کرتا ہے۔ اور نہیں چاہتا تم پر سختی تاکہ تم (رمضان کے روزوں کی) گنتی پوری کر دو اور خدا کو بہت بزرگی سے یاد کرو کہ اس نے تم کو (اسلام کا) راستہ دکھایا۔ اور تاکہ تم (اس طرح خدا کا) شکر کرو۔

(پ۲ البقرہ)

ماحصل:۔ اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ رمضان المبارک ایسے بابرکت مہینے میں قرآن کا نزول ہوا ہے۔ یکبارگی لوح محفوظ سے آسمان دنیا کے بیت العزت میں اترا ہے۔ اور پھر وہاں سے تھوڑا تھوڑا ضرورت کے مطابق تئیس سال میں رحمت للعالمین ﷺ پر وحی کی صورت میں نازل ہو کر دنیا والوں کو ملا ہے۔ یہ قرآن کیا ہے؟ ہدایت کی واضح آیات — مہر نیمروز سے زیادہ روشن نشانیاں — اور لازوال معجزہ ہے۔

اور پھر فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۔۔۔ سے رمضان کا پورا مہینہ روزے رکھنے فرض ثابت ہوتے ہیں۔ یعنی جس طرح نماز، زکوٰۃ اور حج فرض ہیں اسی طرح روزۂ رمضان فرض ہے (اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ توحید و رسالت کی شہادت صدق دل کے ساتھ۔ نماز۔ زکوٰۃ۔ روزہ۔ حج۔ جس طرح دیگر ارکان اربعہ کے بغیر مسلمانی لاشئی ہے اسی طرح روزہ کے فقدان سے اسلام جواب دے جاتا

Marfat.com

ہے اگر ترکِ نماز سے دین کا سقف مرفوع گر پڑتا ہے۔ تو روزہ کے چھوڑنے پر بھی دین کی چار دیواری بحرام سے زمین پر آپڑتی ہے۔

ماہِ رمضان کی فضیلت

وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّاِحْتِسَابًا غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَمَنْ قَامَ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ اِیْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ (بخاری۔ مسلم)

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے روزہ رکھا رمضان کا ایمان سے (شریعت کو سچ جان کر اور فضیلت کا اعتقاد کر کے) اور (صرف) طالب ثواب کے لئے تو اس کے پہلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ اور جو کوئی کھڑا ہوا رمضان میں ایمان سے اور طلب ثواب کی غرض سے، تو اس کے پہلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ اور جو کوئی کھڑا ہوا شب قدر کو ایمان سے (کہ واقعی یہ شب ہزار ماہ سے بہتر ہے) اور ثواب کی نیت سے، تو اس کی سابقہ خطائیں مٹا دی جائیں گی۔!!

Marfat.com

ملاحظہ :- جو شخص رمضان کا روزہ صرف خدا کا حکم سمجھ کر اس سے ڈر کر۔ اجرِ آخرت کے لئے رکھے۔ اور رمضان میں قیام کرے یعنی راتوں کو خلوص و تقویٰ سے تراویح پڑھے۔ قرآن کی تلاوت اور ذکر کرے اور اسی طرح خدا کی خوشنودی اور رضا مندی کے لئے رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں قیام کرے شب قدر کا ثواب حاصل کرنے کی غرض سے ان راتوں کو زندہ رکھے۔ تو اس کی زندگی کے تمام صغیرہ گناہ سوائے حقوق العباد کے خدا تعالیٰ معاف کر دیتا ہے۔ اور کبائر میں بھی تخفیف آجاتی ہے!

عبادتِ روزہ کی خصوصیّت

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ یُضَاعَفُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰی سَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِلَّا الصَّوْمَ فَاِنَّهٗ لِیْ وَاَنَا اَجْزِیْ بِهٖ یَدَعُ شَهْوَتَهٗ وَطَعَامَهٗ مِنْ اَجْلِیْ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهٖ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْكِ وَالصِّیَامُ جُنَّةٌ فَاِذَا كَانَ یَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ

Marfat.com

فَلَا یَرْفُثْ وَلَا یَصْخَبْ فَإِنْ سَابَّهُ أَحَدٌ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْیَقُلْ إِنِّی امْرُؤٌ صَائِمٌ (بخاری۔ مسلم)

حضرت ابی ہریرہ رضی روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بنی آدم کے ہر نیک عمل کا ثواب بڑھایا جاتا ہے۔ اس طرح کہ ایک نیکی کے بدلے دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے (اسی طرح خلوص وتقوے کی بنا پر) سات سو نیکی تک ثواب پہنچتا ہے فرمایا خدا تعالیٰ نے۔۔ سوائے روزہ (کی عبادت) کے۔ کہ روزہ (محض) میرے ہی لئے ہے۔ اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔ (کیونکہ روزہ دار) چھوڑتا ہے خواہش اپنی اور کھانا اپنا (صرف) میرے لئے۔ (سنو!) روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں ایک خوشی اس کے افطار کے وقت اور ایک خوشی اس کے پروردگار کی ملاقات کے وقت (جب وہ اسے روزہ کا اجر دے گا) اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے خوشتر ہے۔ اور روزہ ڈھال ہے (شیطان کے شر اور دوزخ کی آگ سے) پھر جب تمہارا روزے کا دن ہو۔ تو نہ فحش بات کرے کوئی اور نہ بے ہودگی سے آواز بلند کرے پس اگر کوئی اسے برا کہے یا اس سے لڑنا چاہے۔ تو اسے کہنا چاہیے۔ کہ میں روزہ دار شخص ہوں۔“

روزہ کا اجر بے پایاں کراماً کاتبین ہر نیکی کا ثواب لکھتے ہیں

Marfat.com

اور ہر نیکی دس گنا سو گنا، سات سو گنا اور چھ ہزار گنا تک ثواب میں بڑھائی جاتی ہے۔ لیکن روزہ ہی ایک ایسی نیکی اور عبادت ہے کہ اس کے ثواب کی زیادتی اور مقدار کو کوئی نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ کے ا ظاہر ہے کہ جو شخص مسجد میں نماز پڑھنے جاتا ہے۔ خواہ وہ کتنی ہی خلوص سے نماز پڑھے لوگ ضرور اس کی نماز کو دیکھیں گے۔ اگر جمعہ کے لئے مسجد میں جاتا ہے تو ہزاروں آدمیوں کی نظر اس کی عبادت پر پڑے گی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے بھی اظہار ناگزیر ہے۔ فریضہ حج کو پورا کرنے کی خاطر اگر آپ بیت اللہ جائیں گے۔ تو کعبۃ اللہ اور عرفات میں لاکھوں آدمی آپ کے مناسک حج پر گواہ ہوں گے۔ غرض تمام قسم کی عبادتوں میں ضرور اظہار ہوتا ہے اور اظہار میں ریا و نمود کا خطرہ اور خدشہ ہوتا ہے۔ لیکن صرف روزہ ہی ایک ایسی عبادت ہے جس کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ایک شخص بظاہر رمضان میں نہ کھائے اور نہ پیئے۔ تو ہر شخص اس کو روزہ دار سمجھے گا لیکن درحقیقت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ اس کا روزہ ہے یا نہیں معلوم ہوا کہ روزہ کی عبادت میں نمود و ریا کا شائبہ بھی نہیں ہو سکتا۔ یہ عبادت سر بسر خلوص اور اخلاص پر ہی مبنی ہے صرف خدا ہی کو دکھانے کے لئے روزہ رکھا جاتا ہے اسی لئے حدیث محولہ بالا میں ہے کہ روزہ صرف اللہ ہی کے لئے ہے۔ اور روزہ کی جزا بھی قیامت کے دن اللہ ہی روزہ دار کو دے گا۔ روزہ کا ثواب

دس گنا یا سو گنا یا ہزار گنا کی گنتی سے بے نیاز ہے۔ نامۂ اعمال میں اگر کراماً کاتبین صرف ایک روزہ کا ثواب قیامت تک لکھتے رہیں تو نہیں لکھ سکتے کیونکہ روزہ کی عبادت میں خلوص اتنا کہکشاں گیر ہوتا ہے رضائے الٰہی کی نیت کی پہنائیاں اتنی آفاق گیر اور افلاک بدوش ہوتی ہیں کہ فرشتوں کی قوتیں ان کے شمار و احصار سے عاجز ہیں اس لئے صرف خدا تعالیٰ ہی اس سراپا خلوص عبادت کے ثواب کو جانتا ہے اور روزہ دار کو اپنے روبرو لاکر روزہ کے اجر بے پایاں سے نوازے گا!

تنہائی میں روزہ دار اگر چاہے تو کچھ کھا پی سکتا ہے۔ خلوت میں اس کے پاس کوئی نہیں ہوتا۔ ٹھنڈا پانی اور مرغوب غذا کے ہوتے ہوئے — نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے۔ شدت کی گرمی میں نہانے کے لئے صائم غسل خانے میں داخل ہوتا ہے سرد پانی اس کے سر اور بدن پر پڑتا ہے۔ اس کے چہرہ آنکھوں اور لبوں کو ٹھنڈک پہنچاتے ہوئے بہ جاتا ہے۔ اسی سرد پانی سے روزہ دار کلی کرتا ہے آب خنک اس کے منہ میں ہے۔ اگر وہ چاہے تو اسی ٹھنڈے پانی کو سیر ہو کر پی سکتا ہے لیکن کیا وجہ ہے کہ ایک قطرہ تک پانی اس کے حلق سے نیچے نہیں جاتا۔ دریا طلب پیاس بجھانے کے لئے ایک گھونٹ نہیں پیتا — ؟ معلوم ہوتا ہے کہ صرف خدا کا حکم — خوف — اور رضا پانی کو اس کے حلق سے نیچے نہیں اترنے دیتا

اللہ تعالیٰ کی ہیبت اور اس کا جلال مانع تجرع رہتا ہے۔ احکم الحاکمین کی بہشت اکل و شرب کے تصور سے لرزہ براندام رکھتی ہے۔ اور حکم کی زنجیر میں بندھا ہوا انسان پانی کی ایک چسکی کی جرأت نہیں کر سکتا۔ جب روزہ کی عبادت اس وجہ رضائے الٰہی کے بہشت اور رضاء حق کے فرزندوں اپنے بلاء میں لیٹے ہوئے ہیں۔ تو پھر کیوں نہ عطاء رضا پر متوقع ہوا

بہشت کے دروازوں کا کھلنا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَفِیْ رِوَایَةٍ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّیَاطِیْنُ وَفِیْ رِوَایَةٍ فُتِحَتْ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ (بخاری مسلم)

حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا نزول اجلال ہوتا ہے تو آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ بہشت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیروں سے کس دیا جاتا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ ابواب رحمت مفتوح ہوتے ہیں۔

Marfat.com

ملاحظہ :- آسمانوں کے دروازوں کے کھلنے سے مراد یہ ہے کہ ماہ رمضان میں خدا کی رحمت بکثرت نازل ہوتی ہے اعمال صالح صحیح کرنے اور دعائیں مستجاب ہوتی ہیں۔ اور بہشت کے دروازوں کے کھلنے کا یہ مطلب ہے کہ لوگوں کو ایسے نیک اعمال کی بہت توفیق ملتی ہے جو موجب بہشت ہوتے ہیں۔ اور ابواب جہنم کی بندش سے کنایہ اس سے ہے کہ صائم موجب آتش اعمال سے باز رہتا ہے اور روزہ کی برکت سے وہ کبائر سے اجتناب کرتا اور صغائر سے نجات پاتا ہے اور شیطانوں کے قید کئے جانے کا یہ مفہوم ہے کہ وہ ماہ رمضان میں لوگوں کو گمراہ کرنے اور بہکانے سے باز رہتے ہیں اور ان کے وسوسوں کا اثر لوگوں پر نہیں ہوتا مشاہدہ اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ رمضان کے مہینے میں مساجد غیر معمولی طور پر نمازیوں سے بھر جاتی ہیں۔ سارا مہینہ مسجدوں میں ذکر اذکار تسبیح وتہلیل اور کثرت عبادت سے رونق رہتی ہے جمعہ میں مسجدوں کے اندر جگہ نہیں رہتی تو بازاروں میں صفیں بچھائی جاتی ہیں اور اس کے علاوہ عام گذرگاہوں شاہراہوں اور بازاروں میں بھی بے حیائی، بدکاری، فسق وفجور، کذب وفریب کا جھکڑ نہیں چلتا۔ اور برائی کے ارتکاب سے ہر کہ ومہ کو حجاب آتا ہے شرم دامنگیر ہوتی ہے ۔ یہ ثبوت ہے اس بات کا کہ شیاطین زنجیروں میں کسے گئے ہیں اور اگر کوئی کہے کہ جب شیطان قید کر دیئے جاتے ہیں تو پھر رمضان میں جو کم از کم گناہ ہوتے

Marfat.com

ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ جواب یہ ہے کہ رمضان میں جو لوگ گناہ کرتے ہیں طبیعتیں ان گناہوں کی عادی ہو چکی ہوتی ہیں۔ اور وہ باز نہیں آتیں۔ جس طرح بچھو یا سانپ کاٹ جائے تو بہت عرصہ تک بعد میں درد کا احساس رہتا ہے اسی طرح جو لوگ رمضان میں بھی گناہوں سے باز نہیں آتے ہیں۔ وہ شیطان گزیدہ روحیں ہیں۔

بابِ ریّان میں داخلہ

وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنَّةِ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ مِنْهَا بَابٌ يُسَمَّى الرَّيَّانَ لَا يَدْخُلُهُ إِلَّا الصَّائِمُونَ (بخاری۔ مسلم)

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہا انہوں نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہشت میں آٹھ دروازے ہیں۔ ان میں ایک دروازے کا نام ریّان رکھا گیا ہے اس میں صرف روزہ دار ہی داخل ہوسکیں گے۔

ملاحظہ:۔ بخاری مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص (مثلاً کہ خلوص سے) نماز پڑھنے والا ہوگا وہ (قیامت کو) نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا۔ کہا جائے گا کہ نمازی اس دروازے سے (بہشت میں) داخل ہو اور جو کوئی اہل جہاد سے ہوگا (یعنی جس نے بکثرت جہاد کئے ہوں گے) بلایا جائے گا جہاد کے

دروازہ سے۔ اور جو اہل صدقہ سے (بکثرت خیرات کرنے والا) ہوگا۔
وہ صدقہ کے دروازہ سے بلایا جائے گا۔ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ
الصِّیَامِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الرَّیَّانِ۔ اور جو کوئی (بھوک
پیاس کے میدان کا شاہسوار) روزہ دار ہوگا۔ وہ بَابُ الرَّیَّان
سے بلایا جائے گا۔"

نوٹ۔ ریان کے معنی ہیں سیراب کیا گیا" روزہ دار جب
بہشت میں جانے کے لئے اس دروازے میں داخل ہوگا۔ تو وہاں
اُسے شراب طہور کے جام پلائے جائیں گے۔ پھر وہ خوب سیراب ہو کر
بہشت میں جائے گا۔ یعنی اور بہشتی تو بہشت میں داخل ہو کر شراب طہور کا
مزا چکھیں گے لیکن ماہ رمضان کی عزت کرنے والا۔ بڑے خلوص اور
محبت سے روزے رکھنے والا بہشت میں داخل ہونے سے پہلے۔
باب الریان پر ہی جنت کی لذت سے سرشار ہوگا۔

روزہ اور قرآن کی شفاعت

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ وَ اَنَّ
رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الصِّیَامُ وَالْقُرْاٰنُ
یَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ یَقُوْلُ الصِّیَامُ اَیْ رَبِّ اِنِّیْ مَنَعْتُہٗ
الطَّعَامَ وَالشَّھَوَاتِ بِالنَّھَارِ فَشَفِّعْنِیْ فِیْہِ وَ

Marfat.com

يقول القرآن منعته النوم بالليل فشفعني فيه فيشفعان (شعب الایمان)

حضرت عبداللہ بن عمرو رض سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ روزہ اور قرآن (قیامت کے روز) بندے کے لئے شفاعت کریں گے۔ روزہ کہے گا۔ اے رب میرے! تحقیق میں نے منع کیا تھا اس (روزہ دار) کو کھانے سے اور رغبت کی چیزوں سے دن میں۔ پس اس کے حق میں میری شفاعت قبول کر۔ اور کہے گا قرآن۔ باز رکھا تھا میں نے اس کو نیند سے رات کو (تا کہ مجھے پڑھے اور قیام کرے) پس اس کے حق میں میری شفاعت قبول کر۔ پھر ان کی شفاعت قبول کی جائے گی۔

ملاحظہ:- ہر مسلمان کے نیک عمل خدا کی جناب میں نجات کے لئے بہترین وسیلہ ہیں۔ اور اسی وسیلہ کی جستجو اور حصول کی خاطر تگ و دو جاری رکھنی چاہیئے۔ روزہ اور قرآن صائم اور قاری کے حق میں اللہ کے پاس سفارش کریں گے یعنی اللہ کی نیکی، جو وسیلہ ہے شفاعت کرے گی اکل و شرب اور جماع سے امساک کی روزہ شہادت دے گا اور عرض کرے گا خداوندا! اس آدمی کو بخش دے اور اسی طرح قرآن اپنے قاری کی قرأت کی گواہی دے گا اور اس کی مغفرت کے لئے خدا کو کہے گا۔ گویا روزہ اور

Marfat.com

قرآن کا اپنے عاملوں کے حق میں نیک گواہی دینا ہی شفاعت کرنا ہوگا! پس ہمیں چاہیئے کہ رمضان کے روزے بڑے خلوص اور محبت کے ساتھ رکھیں اور راتوں کو قیام کریں اور تہجد پڑھیں! تاکہ روزہ اور قرآن ہماری نیکی کے گواہ ہو کر شفاعت کرنے کرنے والے ہوں!

بہشت کا بناؤ سنگار

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ اِنَّ الْجَنَّةَ تُزَخْرَفُ لِرَمَضَانَ مِنْ رَأْسِ الْحَوْلِ اِلٰى حَوْلٍ قَابِلٍ قَالَ فَاِذَا كَانَ اَوَّلُ يَوْمٍ مِّنْ رَمَضَانَ هَبَّتْ رِيْحٌ تَحْتَ الْعَرْشِ مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ عَلَى الْحُوْرِ الْعِيْنِ فَيَقُلْنَ يَا رَبِّ اجْعَلْ لَنَا مِنْ عِبَادِكَ اَزْوَاجًا تَقَرُّ بِهِمْ اَعْيُنُنَا وَتَقَرُّ اَعْيُنُهُمْ بِنَا (شعب الایمان)

روایت ہے حضرت ابن عمرؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آمد رمضان پر بہشت ضرور زینت اور بناؤ کرتی ہے ہر سال سے آئندہ سال تک پھر جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے تو عرش کے نیچے حور عین[1] پر بہشت کے پتوں سے ہوا چلتی ہے پھر وہ (حور عین) کہتی ہیں۔ خدایا ہمارا ایسا

---

[1] حور حوراء کی جمع ہے اور عین عیناء کی جمع ہے۔ حوراء اس عورت کو بولتے ہیں جس کے معنے ہوئے موٹی آنکھ والی۔ نہایت خوبصورت گوری چٹی بہشتی بیبیاں (مرقات)

ہمارے لئے اپنے بندوں سے جوڑے، جن سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ اور ان کی آنکھیں ہم سے ٹھنڈی ہوں۔

ملاحظہ:- اس حدیث شریف سے رمضان المبارک کی فضیلت ظاہر ہے کہ ہر سال یعنی غرہ شوال سے بہشت بناؤ کرنا شروع کرتی ہے ــ رمضان کی خاطر۔ اور رمضان کی خاطر کا یہ مطلب ہے کہ رمضان میں جو خدا کے نیک بندے روزہ رکھتے ہیں۔ تراویح پڑھتے ہیں۔ قرآن خوانی اور خدا کے ذکر ــ کی کثرت سے راتوں کو زندہ رکھتے ہیں۔ آنکھ، کان، زبان، اور ہاتھ پاؤں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ایسے صالح روزہ داروں کی خاطر بہشت سارا سال بناؤ سنگار میں لگی رہتی ہے۔ اور جب رمضان آتا ہے تو بہشت کا بناؤ پورے جوبن پر آجاتا ہے۔ اور پھر جوبن فردوس ــ حوریں ــ خدا کی جناب میں سچ مچ کے روزہ داروں کے وصال کے لئے آرزو مند ہوتی ہیں۔ الہٰی ہمیں رمضان سے ملنے کی تمنا میں بارگاہ قدس میں سجدہ ریزی کرتی ہیں۔ قارئین کرام اس سے اندازہ لگالیں کہ روزہ کس درجہ ثمر بار عبادت ہے۔ اور رحمت دو عالم ﷺ نے روزہ کے درخت کی پھلوں سے لدی پھندی شاخوں کو ہی لئے جھکی ہوئی دکھایا ہے۔ تاکہ آخرت پر ایمان رکھنے والے رمضان کی پوری پوری قدر کریں۔ اور روزہ کی عبادت کے میدان میں گوئے سبقت لے جائیں!

رمضان کو غنیمت جانو

وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ قَدْ حَضَرَكُمْ وَفِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَلَا يُحْرَمُ خَيْرَهَا اِلَّا كُلُّ مَحْرُوْمٍ

(ابن ماجہ)

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تحقیق یہ مہینہ آیا ہے تم پر۔ اور اس میں ایک رات ہے جو (اگر زندہ کی جائے تو) ہزار مہینوں (کی عبادت) سے (زیادہ ہی) بہتر ہے! پس جو شخص اس (رات کی خیر) سے محروم رہا (کہ توفیق عبادت کی نہ ہوئی) پس تحقیق وہ ہر چیز (کی خوبی) سے محروم رہا۔ اور (سنو) اس کی خیر سے کوئی محروم نہیں کیا جاتا سوائے ہر بے نصیب کے۔"

ملاحظہ: - مسلمان بھائیو! رمضان کو غنیمت جانو۔ اور اس کے آنے پر عبادت کی خوب تیاری کیا کرو۔ بڑی پرہیز کے ساتھ سارا مہینہ روزے رکھو۔ اور رات کو قیام کرو۔ قرآن کی تلاوت کی کثرت سے اس کو اپنا گواہ بناؤ۔ صدقات، خیرات اور نوافل پڑھتے رہو۔ اور اس ماہ کے آخری عشرہ کی طاق راتوں کو شب قدر کا ثواب حاصل کرنے کی نیت سے

استغفار کرو۔ دوسروں کو بھی نیکیوں کی طرف رغبت دلاؤ۔ تمام گھر کے
اہل و عیال کو نماز کا پابند اور روزے کا عامل بناؤ۔ سب کو سحری کے وقت
اٹھا کر کھلاؤ پلاؤ۔ روزے رکھاؤ اور انہیں قرآن خوانی پر آمادہ کرو۔ اکل
حلال اور صدق مقال کا خاص طور پر خیال رکھو۔ کوئی جھوٹ نہ بولے
غیبت نہ کرے۔ گالی گلوچ اور فحش کلامی سے روزے کو مجروح نہ کرے
بد نصیب ہیں وہ لوگ جو رمضان کو پائیں اور پھر اس کی خیر سے محروم
رہیں!

حقیقی بدبخت

حضرت عبادہ بن صامت کہتے ہیں کہ رمضان کی آمد پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا۔ لوگو! تمہارے پاس رمضان آپہنچا ہے برکت کا مہینہ آگیا ہے
خدا کی رحمت نے تمہیں ڈھانک لیا ہے (یعنی) خدا کی رحمتوں کا نزول ہو
رہا ہے۔ گناہ معاف کئے جارہے ہیں۔ دعائیں قبول ہو رہی ہیں۔ اور
خدا دیکھ رہا ہے کہ کون تم میں سے عبادتوں اور نیکیوں میں ایک دوسرے
سے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے؟ پھر وہ (ایسے عابدوں کا) اپنے فرشتوں
میں فخر کرتا ہے۔ لوگو! اللہ تعالے کو اپنا جوش عمل دکھاؤ اور (یاد رکھو)
حقیقی بدبخت وہ شخص ہے جو اس مہینہ میں خدا کی رحمتوں سے محروم
رہے گا۔ (طبرانی)

جبریل کی تین بد دعائیں

عَنِ الْحَسَنِ ابْنِ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَلَمَّا رَقِيَ عَتَبَةً قَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ اُخْرٰى فَقَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ رَقِيَ عَتَبَةً ثَالِثَةً فَقَالَ اٰمِيْنَ ثُمَّ قَالَ اَتَانِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ اَدْرَكَ رَمَضَانَ فَلَمْ يُغْفَرْ لَهٗ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ قَالَ وَمَنْ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ اَوْ اَحَدَهُمَا فَدَخَلَ النَّارَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ قَالَ وَمَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ فَاَبْعَدَهُ اللّٰهُ فَقُلْتُ اٰمِيْنَ (ابن حبان)

حسن بن مالک بن حویرث اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں۔ وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ایک دن) منبر پر چڑھنے لگے۔ تو (چڑھتے وقت) پہلے زینہ پر آمین کہی پھر دوسرے پر (قدم رکھتے وقت) بھی آمین کہی۔ اور تیسرے زینہ پر بھی فرمائی پھر ارشاد ہوا۔ (سنو!) حضرت جبریل میرے پاس آئے اور کہا۔ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جس نے رمضان

کا مہینہ پایا پھر (بد اعمالی کی وجہ سے) اس کی بخشش نہ ہوئی۔ اسے اللہ (اپنی رحمت سے) دور ڈال دے میں نے کہا۔ آمین! پھر جبریل نے کہا جو اپنے ماں باپ کو یا ان میں سے ایک کو پائے پھر (ان کی نافرمانی کے سبب) دوزخی بنے۔ اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ میں نے کہا آمین پھر جبریل نے کہا جس شخص کے روبرو آپ کا ذکر کیا جائے۔ اور (آپ کا نام سن کر) پھر بھی درود نہ پڑھے۔ اسے بھی اللہ اپنی رحمت سے دور کرے میں نے کہا۔ آمین!!

ملاحظہ:۔ جو شخص رمضان میں نہ نماز پڑھے نہ روزہ رکھے نہ رات کو قیام کرے۔ خدا کی عبادت اور ذکر سے کنارہ کش رہے حضرت جبریل علیہ السلام اس پر لعنت بھیجتے ہیں۔ اور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وسلم آمین فرماتے ہیں۔ غور کریں کہ ایسے شخص کا کیا انجام ہو گا؟ حضرت جبریل کی دعائے پھٹکار اور اس پر حضرت انور کا آمین فرمانا رمضان کے بدعمل کے لئے یقیناً جہنم کا موجب ہے۔ مسلمانو! خدا سے ڈرو۔ اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔ ماہ رمضان میں خدا کے باغی اور سرکش بن کر بدنصیب نہ بنو۔ رحمت اور برکت کے مہینہ میں خدا کی بخشش کے اعمال سے اپنی عاقبت سنوار لو کہ دنیا میں آنے کا مقصد وحید یہی ہے!

Marfat.com

دوسری بد دعا حضرت جبریل نے والدین کے نافرمان، بے ادب اور باغی کے حق میں فرمائی۔ اور لبیب دوزخی کو بھی خدا کی پھٹکار سنائی حضرت انور نے یہاں بھی آمین کہی۔ والدین کے نافرمانوں، گستاخوں، بے ادبوں، اور انہیں ستانے والوں کو اپنے گریبان میں منہ ڈال کر سوچنا چاہیئے کہ جبریل معصوم کی دعائے دھتکار اور اس پر مہبط جبریل کی آمین ان کے حق میں کیسے مآل پر منتج ہو گی؟

تیسری لعنت جبریل نے اس شخص پر فرمائی جس کے سامنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے اور وہ آپ کی ذات اقدس پر درود شریف نہ بھیجے یاد رکھیں۔ جب بھی حضور پر نور رحمت للعالمین، خاتم النبیین، اکرم الاولین واکرم الآخرین کا نام پاک — محمدؐ — لیا جائے تو فوراً کہیں صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ۔ حضورؐ کا ہم پر بے حد احسان ہے آپ نے توحید کی تعلیم اور قرآن کی تبلیغ سے ہمیں دوزخ کے کنارے سے کھینچ کر جنت کی راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ اس احسان کے شکریہ میں ہم آپ کا حق ادا نہیں کر سکتے خدائے قادوس نے ہمیں حضور کے شکریہ کی یہ صورت بتائی ہے کہ ہم خدا کی جناب میں آپ کی ذات پر رحمتوں کی بارشوں کے نزول کی دعا کریں بس اس دعا کا نام درود شریف ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ

Marfat.com

وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

روزوں کی تاکید و تخویف

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ماہِ رمضان کا ایک روزہ بلا عذر شرعی چھوڑ دے گا۔ اگر تمام عمر (نافلہ) روزے رکھے تو اس کے گناہ کی تلافی نہیں ہو گی۔" (صحیح بخاری)

(۲) حضرت انورؐ نے فرمایا۔ رمضان المبارک کا روزہ بغیر عذر شرعی ترک کرنے والا کافر اور حلال الدم ہے (ابو یعلی)

(۳) حضور نے ارشاد فرمایا۔ جو شخص روزہ رمضان رکھ کر جان بوجھ کر (بلا وجہ) توڑ دے گا۔ اس کو جہنم میں معلق لٹکایا جائے گا۔ اس کی باچھیں چیری جائیں گی۔ اور وہ گھٹنے کے ہاتھ نہ کھینچے گا۔" (صحیح ابن خزیمہ)

(۴) آپ نے فرمایا۔ جو شخص رمضان میں بھی خدا کا خوش نہ کرے۔ وہ بڑا بدبخت ہے۔" (صحیح ابن حبان)

(۵) حضورؐ نے فرمایا مسلمانوں پر رمضان سے بہتر اور منافقوں پر اس سے بدتر کوئی مہینہ نہیں آیا۔" (صحیح ابن خزیمہ)

رویت ہلال

لہ شرعی حدود اور تعزیرات کا نفاذ اور اجرا حکومت کے فرائض سے ہے۔ (صادق)

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْیَتِہٖ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْیَتِہٖ فَاِنْ غُمَّ عَلَیْکُمْ فَاَکْمِلُوْا عِدَّۃَ شَعْبَانَ ثَلٰثِیْنَ (بخاری مسلم)

حضرت ابی ہریرہ رضی روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ چاند دیکھ کر روزہ رکھو۔ اور چاند دیکھ کر ہی افطار کرو (عید کرو) پھر اگر تم پر (مطلع) ابر (آلود) ہو۔ تو شعبان کی گنتی تیس دن پوری کرو۔

روزہ اور عید کا حکم

حدیث مذکور کا مطلب یہ ہے کہ شعبان کی انتیس تاریخ کو چاند دیکھو۔ اگر نظر آجائے تو دوسرے دن روزہ رکھو۔ اور اگر نظر نہ آئے یا مطلع ابر آلود ہونے کی وجہ سے دکھائی نہ دے۔ تو پھر شعبان کے تیس دن پورے کرکے رمضان کا روزہ شروع کرو۔ اسی طرح رمضان کی انتیس کو اگر چاند نظر آجائے تو دوسرے دن عید کرلو۔ ورنہ تیس دن پورے کرکے عید کرو۔ یعنی چاند دیکھ کر روزہ شروع کرو۔ اور چاند ہی دیکھ کر عید کرو۔

حضرت ابن ابی قیس کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کی تاریخوں کو اتنا

Marfat.com

یا دو رکھنے تھے کہ دوسرے مہینوں کی تاریخیں اتنی یاد نہیں رکھتے تھے پھر رمضان شریف کا چاند دیکھ کر روزہ رکھنا شروع کر دیتے تھے اور اگر مطلع صاف نہ ہوتا تو آپ شعبان کے تیس دن شمار کرنے کے بعد روزہ رکھتے تھے! (ابوداؤد)

شک کے دن روزہ کی ممانعت

وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ مَنْ صَامَ الْيَوْمَ الَّذِي يُشَكُّ فِيهِ فَقَدْ عَصَى أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (ابوداؤد ترمذی نسائی)

حضرت عمار بن یاسرؓ سے روایت ہے. انہوں نے کہا. جو شخص شک کے دن روزہ رکھے پس تحقیق اس نے نافرمانی کی ابوالقاسم حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کی"

ملاحظہ :- شعبان کی انتیسویں تاریخ کو اگر چاند بسبب ابر غبار وغیرہ دکھائی نہ دے. یا گواہی دے رویت ہلال کی ایک شخص اور اس کی گواہی کو رد کر دیا جائے یا دو فاسق گواہی دیں اور وہ بھی رد کر دی جائے. اس شام کے بعد جو دن ہو اس کو یوم شک کہتے ہیں. کیونکہ احتمال ہے کہ رمضان کا دن ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رمضان کا نہ ہو پس اس صورت میں جو یوم شک کا روزہ رکھے گا

Marfat.com

وہ گنہگار ہوگا۔ عبادات اور معتقدات یقینی چیزیں ہیں اور انہیں یقین کے ساتھ پورا کرنا چاہیئے۔ علی وجہ البصیرت بجالانا چاہیئے! اصل بات یہی ہے کہ اگر انتیس تاریخ کو چاند ہو جائے۔ تو دوسرے دن روزہ رکھ لو۔ اور اگر انتیس کو چاند نہ ہو یا ابر اور غبار کی وجہ سے دکھائی نہ دے تو پھر شعبان کے تیس دن پورے کر کے رمضان کا روزہ رکھیں۔

جو لوگ جمعہ کے بعد ظہر بھی احتیاطاً پڑھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر جمعہ نہ ہوا۔ تو ظہر ہو جائے گی۔ اور اگر ظہر نہ ہوئی تو جمعہ ہو جائے گا ایسے لوگوں کو شک اور تردد کی ظلمت سے نکل کر تحقیق کی روشنی میں آجانا چاہیئے۔ حضرت ابن عمر روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے بعد دو سنتیں پڑھتے تھے گھر جا کر (بخاری مسلم) صحیح مسلم کی ایک روایت میں حضور نے جمعہ کے بعد چار سنتیں پڑھنے کو بھی فرمایا ہے۔ اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ نماز جمعہ کے بعد چاہے کوئی دو سنتیں پڑھے چاہے چار پڑھ لے بس مسئلہ واضح ہو گیا کہ رحمت دو عالم نے تمام زندگی کبھی بھی جمعہ کے بعد ظہر نہیں پڑھی۔ پھر جو لوگ شک اور تردد کی بنا پر جمعہ کے بعد ظہر پڑھتے ہیں کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی نہیں کر رہے ہیں۔ حضور کی

Marfat.com

آواز سے اپنی آواز اونچی نہیں کرتے ہیں؟ انہیں ڈرنا اور خوف کھانا چاہیئے اور شک و شبہ کی تاریک غار سے نکل کر آفتاب رسالت کی روشنی میں بعد جمعہ صرف دو یا چار نفلوں پر اکتفا کرنی چاہیئے۔

رمضان کے چاند کی گواہی

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْهِلَالَ يَعْنِيْ هِلَالَ رَمَضَانَ فَقَالَ اَتَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ اَتَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا بِلَالُ اَذِّنْ فِي النَّاسِ اَنْ يَّصُوْمُوْا غَدًا ۔ (ابو داؤد۔ ترمذی۔ نسائی)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ کہا انہوں نے کہ ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا بتحقیق دیکھا میں نے چاند یعنی چاند رمضان کا۔ حضورؐ نے فرمایا۔ کیا تو اس بات کی گواہی دیتا ہے۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں؟ اس نے کہا ہاں۔ پھر آپ نے فرمایا۔ کیا تو اس بات کی بھی شہادت دیتا ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خدا کا رسول ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ پھر آپ نے حضرت بلالؓ کو حکم دیا۔ کہ لوگوں میں اس بات کا اعلان کر دو کہ وہ کل کو

روزہ رکھیں"!

ملاحظہ:- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی مستور الحال شخص رمضان کے چاند کی گواہی دے. تو شرعاً مقبول ہے گواہی اس کی. اور یہ بھی ثابت ہوا کہ رمضان کے چاند کے بارے میں ایک آدمی کی شہادت مقبول ہے. عادل ہو یا مستور الحال ہو عادل سے مراد پرہیزگار راستباز صوم وصلوٰۃ کا پابند اور مستور الحال اس شخص کو کہتے ہیں کہ جس کا فاسق ہونا معلوم نہ ہو!

عید کے چاند کی شہادت

حضرت ربعی بن حراش سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا بیان ہے کہ ماہ رمضان کی آخری تاریخ میں (چاند کے متعلق) لوگوں نے اختلاف کیا۔ اس پر دو آدمیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر شہادت دی کہ بخدا ہم نے کل شام چاند دیکھا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان دو آدمیوں کی گواہی پر) لوگوں کو افطار کرنے کا حکم فرما دیا۔ روایت خلف میں اتنا زیادہ ہے۔ کہ حضورؐ نے (یہ بھی) حکم دیا کہ دوسرے روز صبح کو تمام لوگ (نماز کے لئے) عیدگاہ جائیں"۔ (ابوداؤد)

ملاحظہ:- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عید کے چاند کے لئے

Marfat.com

دو عادل شخصوں کی گواہی معتبر ہے!

اپنے اپنے شہر کی رویت

حضرت کریبؓ کا بیان ہے کہ ام فضل بنت حارثؓ نے مجھے ملک شام میں معاویہؓ کے پاس بھیجا۔ پھر جب میں شام میں ان کے کاموں سے فارغ ہو گیا۔ تو رمضان شریف کا چاند دیکھا گیا میں اس وقت شام میں ہی مقیم تھا ہم نے جمعہ کی رات کو چاند دیکھا۔ پھر جب میں اواخر رمضان میں مدینہ واپس آیا۔ تو حضرت عباسؓ نے مجھ سے دریافت کیا۔ اور چاند کا ذکر کرتے ہوئے فرمانے لگے کہ تم نے چاند کب دیکھا؟ میں نے عرض کیا۔ جمعہ کی رات کو! وہ فرمانے لگے۔ کیا تم نے خود دیکھا تھا؟ میں نے عرض کیا۔ ہاں! خود دیکھا تھا۔ اور دوسرے لوگوں نے بھی دیکھا تھا۔ اور پھر چاند دیکھ کر لوگوں نے اور معاویہؓ نے روزے رکھنے شروع کر دیئے تھے۔ اس پر حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا۔ کہ ہم نے تو ہفتہ کی رات کو چاند دیکھا تھا اس لئے ہم تو پورے تیس روزے رکھیں گے۔ یا انتیس کا چاند دیکھ کر ختم کریں گے۔ میں نے دریافت کیا۔ کیا آپ معاویہؓ کی رویت ہلال اور روزوں کو اس امر میں کافی نہیں سمجھتے؟ انہوں نے فرمایا۔ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی حکم دیا ہے! (ابو داؤد)

ماحصل:۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ہر ملک اپنے شہر کی رویت

Marfat.com

اپنی اپنی ـــ جدا جدا ہے۔ جو معتبر ہے!

رویت چاند کی دعا

جب چاند دیکھیں تو یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ (ترمذی)[1]

سحری کھانے کے احکام

رمضان المبارک میں سحری کھانی چاہیئے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِی السَّحُوْرِ بَرَکَۃً (بخاری)[2] سحری کھاؤ! اس لئے کہ سحری کھانے میں یقیناً برکت ہے۔"

ارشاد نبوی "سحری کھاؤ" ـــ کا مطلب یہ ہے۔ کہ کھاؤ سحر کے وقت کچھ نہ کچھ۔ چنانچہ ایک روایت میں آپ نے فرمایا۔ سحری کھاؤ اگرچہ پانی کا ایک گھونٹ ہی ہو۔

---

[1] اے اللہ ہمارے! تو اس مہینے کو ہم پر سے امن و امان اور سلامتی اور اپنی فرماں برداری کے ساتھ گزار دے۔ اے (چاند کو روشنی سے بھر دینے والے) چاند (تو سن!) کہ میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہے۔

[2] سحر کے معنی ہیں۔ آخر رات کا چھٹا حصہ۔ اور سحور کہتے ہیں، آخر شب کو کھانا اور پینا تا صبح صادق! (صادق)

صحیح مسلم میں ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

فَصْلُ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحَرِ (مسلم)

ہمارے اور اہل کتاب (یہودیوں، عیسائیوں) کے روزوں کے درمیان سحری کھانا حد فاصل ہے۔"

ملاحظہ:۔ اہل کتاب کے لئے رات کو سونے کے بعد کھانا حرام تھا۔ اور ہمارے لئے مباح ہوا۔ پھر ہمیں یہودیوں کی مخالفت کرتے ہوئے ضرور سحری کھانی چاہیئے۔ تاکہ خدا کے اس انعام کی شکر گزاری پائی جائے۔ ارشاد خداوندی ہوتا ہے۔

وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ (پ ۲)

(رمضان میں سحری) کھاؤ اور پیو صبح صادق تک۔"

ملاحظہ: مذکورہ آیت میں خیط الابیض سے مراد صبح صادق ہے۔ اور خیط الاسود صبح کاذب سے عبارت ہے۔ آسمان کے مشرق کی طرف ایک روشن دھاری تاگے کی مانند ظاہر ہوتی ہے۔ اور آہستہ آہستہ آسمان کے کناروں میں پھیلتی جاتی ہے۔ اور روشنی بڑھتی جاتی ہے اس کو صبح صادق کہتے ہیں لیکن اس سفید تاگے کے ظہور سے کچھ پہلے

Marfat.com

ایک سفیدی دکھائی دیتی ہے۔ جو بھیڑیئے کی دُم کی طرح ہوتی ہے۔ اوپر کی جانب چڑھتی پھیلتی اور کچھ وقت کے بعد گم ہو جاتی ہے۔ اس کا نام صبح کاذب ہے۔ اس کے بعد پھر صبح صادق پھوٹ پڑتی ہے۔ بس اس صبح صادق تک کھانے پینے کی اجازت ہے۔ اس کھانے پینے کو سحور کہتے ہیں۔

پھر یاد رہے کہ روزہ نام ہے صبح صادق سے لے کر تا غروب آفتاب کھانے، پینے اور جماع سے ــ نیک نیتی، ایمانداری اور خدا ترسی ــ کے ساتھ باز رہنے کا!

روزہ کی نیّت ضروری ہے

عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهٗ (ترمذی۔ ابوداؤد)

حضرت حفصہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے فجر سے قبل روزہ کی نیت نہ کی تو اس کا روزہ نہیں ہے"!

ملاحظہ:- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ روزہ دار کو رات سے ہی روزہ کی نیّت کر لینی چاہیئے۔ کیونکہ بلا نیت روزہ درست نہیں ہوگا۔ اگرچہ علماء نے یہ کہا ہے کہ فَلَا صِيَامَ لَهٗ سے مراد یہ ہے۔ کہ

Marfat.com

کامل روزہ پورے درجہ کا نہیں ہوگا۔ ویسے فرضیت ساقط ہو جائے گی۔ لیکن ہم کہتے ہیں۔ کہ حدیث میں آیا ہے۔ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ۔ تمام اعمال کا دارومدار نیت پر موقوف ہے۔ یعنی ایک تو خالص نیت بغیر نمود و ریا کے ہونی چاہیئے۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ ہر کام کے لئے بھی نیت ضرور ہونی چاہیئے۔ بغیر نیت کے عمل کا بار آور ہونا ایک بے معنی چیز ہے۔ اور پھر حدیث لَا صِیَامَ لَہٗ میں صاف الفاظ موجود ہیں کہ بغیر نیت کے روزہ نہیں ہوگا۔ جب نبی کریمؐ فرماتے ہیں کہ روزہ بلا نیت نہیں ہوتا۔ تو ہمیں ڈرنا اور خوف کھانا چاہیئے۔ اور تاویلوں کے پیچھے پڑنے کی بجائے رات سے ہی روزہ کی نیت کرنے کی عادت ڈالنی چاہیئے۔ اور تمام گھر والوں اور دوستوں کو تاکید کریں کہ روزہ کے لئے رات کو نیت کر لیا کریں۔ یا کم از کم فجر سے قبل ہی قصد کر لیں!

پھر ایک اور بات ضرور یاد رکھیں۔ کہ نیت دل کے ارادہ کو کہتے ہیں۔ جب آپ کسی کام کا قصد یا ارادہ کرتے ہیں۔ تو گویا آپ نے اس کام کی نیت کر لی۔ پھر یہ ضروری نہیں ہے کہ نیت کی عبارت بنا کر اس کو زبان سے بھی ادا کریں۔ جیسا کہ روزہ کی نیت عربی زبان میں بنائی ہوئی ہے۔ اور کئی لوگوں کی زبان پر چڑھی ہوئی ہے۔ خیر اگر آپ ہر کہ

Marfat.com

ایسا نہ کریں۔ زبان سے کبھی نیّت کو ادا نہ کریں۔ دینی علم اور پڑھے لکھے لوگوں کو سوچنا چاہیئے۔ کہ جب نیّت کے معنی ہیں۔ دل کا قصد یا ارادہ! تو پھر اسے زبان کی سان چڑھانے کی کیا ضرورت ہے؟ جب تک قصد یا ارادہ اور نیت دل میں ہے اس کا نام نیّت ہے۔ اور جب زبان سے نکالی گئی۔ تو پھر اس کو اظہار یا بیان کہیں گے۔ یاد رکھیں نیّت دل کے ارادہ کو کہتے ہیں۔ اور اسے دل ہی دل میں رکھنا چاہیئے۔ ہم نے اس بات پر اس لئے اتنا زور دیا ہے کہ زبان سے نیت کا ادا کرنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے سوا لاکھ صحابہؓ سے کہیں بھی ثابت نہیں ہے۔ اور دین کی جو چیز دین سے ثابت نہ ہو۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور تعالیٰ صحابہ سے اس کا پتہ نہ چلے۔ اس کو دین سمجھ کر عمل میں لانا بدعت کا مرتکب ہونا ہے!!

رمضان کی سلامی کا روزہ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَتَقَدَّمَنَّ اَحَدُکُمْ رَمَضَانَ بِصَوْمِ یَوْمٍ اَوْ یَوْمَیْنِ (بخاری۔ مسلم)

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی تم میں سے رمضان سے پہلے ایک دن کا

Marfat.com

یا دو دن کا روزہ نہ رکھے"۔

ملاحظہ :- بعض لوگ رمضان سے متصل شعبان کے آخر ایک یا دو دن کا روزہ رکھتے ہیں جس کو رمضان کی سلامی کا روزہ کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روزہ سے منع کیا ہے۔ ہاں اگر کسی شخص کی سوموار یا جمعرات وغیرہ کو ہر ماہ روزہ نفل رکھنے کی عادت ہو۔ اور اتفاق سے وہ دن شعبان کی آخری تاریخ میں آجائے تو ایسا شخص ایک یا دو روزے رکھ سکتا ہے۔ حضور انور فرماتے ہیں اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ رَجُلٌ كَانَ يَصُوْمُ صَوْمًا فَلْيَصُمْ ذٰلِكَ الْيَوْمَ (متفق علیہ)۔

مگر وہ شخص جس کی عادت ہو روزہ رکھنے کی اسے چاہیئے کہ اس دن کا روزہ رکھ لے"۔ یعنی جو ہر ماہ کسی مخصوص دن کا روزہ رکھنے کا عادی ہو۔ اگر وہ دن رمضان کے متصل آجائے تو اس دن کا روزہ رکھ سکتا ہے

افطار صوم

وَعَنْ سَهْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

Marfat.com

(متفق علیہ)

حضرت سہل روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگ ہمیشہ بھلائی کے ساتھ رہیں گے۔ جب تک افطار میں جلدی کریں گے۔ (بخاری مسلم)

وضاحت:۔ اس ارشاد پاک کا یہ مطلب ہے کہ غروب آفتاب کے بعد روزہ کے افطار کرنے میں دیر نہ لگائیں یعنی غروب کے بعد فوراً روزہ کھول لیں۔ افطار کے لئے غروب کی پہچان یہ ہے کہ مشرق (جہاں سے سورج نکلتا ہے) کی جانب سیاہی بلند ہو جائے اتنی بلند کہ صبح صادق کے مبداء تک پہنچ جائے۔ اور یہ شرط نہیں ہے کہ سیاہی آسمان کے بیچوں بیچ پہنچے۔ اچھی طرح یاد رکھیں کہ جونہی مشرق میں سیاہی بلند ہو۔ فوراً ـــ اسی وقت روزہ افطار کر لیں۔

یہودی روزہ افطار کرنے میں تاخیر کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ستارے خوب روشن ہو جاتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو تاکید کی ہے کہ وہ بعد غروب فوراً افطار کریں۔ یہودیوں کی طرح ہرگز تاخیر نہ کریں۔ افسوس شیعہ حضرات افطار میں تاخیر کرتے ہیں۔ اور کافی اندھیرا ہونے پر روزہ کھولتے ہیں ان کو اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق بجائے تاخیر کے تعجیل

نی چاہیئے۔ یعنی مشرق میں سیاہی نمودار ہوتے ہی روزہ ختم کر دینا چاہیئے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے سامنے چوں و چرا ایمان کی بربادی کا موجب ہے۔

روزہ میں تعجیل

وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَقْبَلَ اللَّیْلُ مِنْ ھٰھُنَا وَاَدْبَرَ النَّھَارُ مِنْ ھٰھُنَا وَغَرَبَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ اَفْطَرَ الصَّائِمُ (بخاری مسلم)

حضرت عمرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس وقت آئے رات اس جگہ سے (یعنی جب مشرق کی طرف سیاہی بلند ہو) اور جائے دن اس جگہ سے (مغرب سے) اور غروب ہو جائے آفتاب پس تحقیق افطار کیا روزہ دار نے۔

نوٹ۔ مطلب حدیث پاک کا یہ ہے کہ جب مشرق کے مقام پر سیاہی بلند ہو جائے۔ اور آفتاب غروب ہو کر دن چلا جائے۔ تو روزہ دار نے افطار کر لیا یعنی اگرچہ فی الوقت نہ کھائے نہ پیئے۔ لیکن شریعت کے حکم سے وہ افطار کرنے والا ہو چکا۔ اسے چاہیئے کہ اب مزید تاخیر قطعاً نہ کرے۔ وقت ہو چکنے پر بہ عجلت تمام روزہ ختم کر دے۔

حتم سے افطار میں تاخیر ایک صاحب نے ہم سے بیان

کیا کہ ایک پیر صاحب نے افطار کے قریب وقت میں افطاری کی مشہور بات اور ماکولات پر ختم پڑھنا شروع کر دیا۔ روزہ کھل گیا لیکن ختم جاری ہے مسجد میں سب نمازی بیٹھے ہیں کسی کی کیا مجال کہ روزہ افطار کرے، پیر صاحب کا ختم اس وقت ختم ہوا۔ جب کہ خاصا اندھیرا پھیل گیا۔ ہم نے اس "حادثہ" افطار کی تحقیق کی تو بات درست نکلی۔ افسوس! ایسے پیروں پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی کوئی پرواہ نہیں۔ اپنا ختم قائم رکھنے کے لئے سنت کو نفس پر قربان کر دیتے ہیں۔ نہ معلوم پھر ایسے لوگوں کو لوگ کیوں بزرگ کہتے ہیں؟

مسلمانو! گوشِ ہوش سے سنو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں

لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ (مشکوٰۃ)

جس امر میں خدا (اور رسول) کی نافرمانی پائی جائے۔ وہ بات مخلوق کی (خواہ بادشاہ ہی کیوں نہ ہو) نہیں ماننی چاہیئے۔"

اس لئے اگر ماں۔ باپ۔ بھائی۔ دوست۔ بڑا قریبی رشتہ دار۔ پیر مرشد، رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل، اور حدیث کے خلاف بات کرے۔ یا کتاب و سنت کے علی الرغم حکم دے تو ایسی بات یا حکم کو پائے استحقار سے ٹھکرا دینا چاہیئے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

— لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ۔ وقت ہونے پر فی الفور افطار کرنے میں ہی لوگوں کی خیریت ہے" لیکن ایک پیر عمامہ و جبہ کی لحیانی مضایں لوگوں کو انسنہ تاخیر افطار کی تجربت سے روشناس کرتا ہے۔ اور یہودیوں کے نقش قدم پر چلتا ہے! اچھا تو اب سنو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

لَا يَزَالُ الدِّيْنُ ظَاهِرًا مَا عَجَّلَ النَّاسُ الْفِطْرَ لِأَنَّ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى يُؤَخِّرُوْنَ (رواہ ابو داؤد و ابن ماجہ)

ہمیشہ دین غالب رہے گا۔ جب تک کہ لوگ جلدی کریں گے افطار کرنے میں (افطار میں تاخیر نہ کریں) کیونکہ یہودی اور عیسائی افطار میں دیر کرتے ہیں"!

روزہ طے کی ممانعت

وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ فِي الصَّوْمِ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ اِنَّكَ تُوَاصِلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَيُّكُمْ مِثْلِيْ اِنِّيْ اَبِيْتُ يُطْعِمُنِيْ رَبِّيْ وَيَسْقِيْنِيْ (متفق علیہ)

حضرت ابو ہریرہ رض روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا طے کا روزہ رکھنے سے۔ ایک شخص نے کہا

Marfat.com

اے اللہ کے رسول! آپ طے کا روزہ رکھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا، کون ہے
تم میں مانند میرے (روزہ طے رکھنے میں) تحقیق میں رات گزارتا ہوں (اس
حال میں) کہ میرا پروردگار مجھے (روحانی غذا) کھلاتا اور پلاتا ہے۔"
(بخاری، مسلم)

وضاحت:۔ وصال فی الصوم یا روزہ طے وہ ہوتا ہے۔ کہ
دو یا دو سے زیادہ روزے اس طرح رکھیں۔ کہ درمیان میں رات کو
افطار نہ کریں۔ ایسے روزہ سے آپ نے منع فرمایا تاکہ کمزوری، ضعف،
دو ناطاقتی پیدا نہ ہو۔ کیونکہ کمزوری اور ناطاقتی کے سبب انسان نہ تو
دوسری عبادات بخوبی بجا لاسکتا ہے۔ اور نہ ہی محنت، مشقت اور معاشی
ضروریات کے پورا کرنے کی ہمت رکھ سکتا ہے یعنی وصال فی الصوم کے
سبب انسان دین اور دنیا کے ضروری کاموں اور ذمہ داریوں سے عہدہ
برآ نہیں ہو سکتا۔ رمضان المبارک کے روزہ سے جس میں سحور اور افطار
موجود ہے، انسان شام کو کتنا نحیف و نزار کمزور اور مضمحل سا ہو جاتا ہے۔
چہ جائے کہ روزہ طے ۔ جس میں متواتر دو تین دن تک افطار نہ کرنا
ہے ۔ اس طرح دین و دنیا کے صبر آزما کاموں سے سبکدوش ہونے
دے گا؟

مجھے خدا کھلاتا پلاتا ہے	ایک شخص حضورؐ سے پوچھتا

Marfat.com

ہے۔ کہ آپ روزہ طے رکھتے ہیں، (اور ہمیں منع کرتے ہیں) اس پر ارشاد ہوتا ہے۔ کہ (وصال فی الصوم کی عبادت میں) کون تم میں میرے مانند ہے؟ یعنی اس روزہ کی جانگداز عبادت میں تم میرا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ کیونکہ بجائے حسی افطار کے رات کو میرا پروردگار مجھے کھلاتا بھی ہے اور پلاتا بھی ہے اس لئے میں روزہ طے رکھ سکتا ہوں۔ اور تم نہیں رکھ سکتے۔ کیونکہ تم حسی افطار کے بجائے خدا کے ہاں سے (میری طرح) نہیں کھانے پینے کا بالخاصہ شرف حاصل نہیں ہے۔

روحانی کھانا پینا

یہ جو حضورؐ نے فرمایا۔ کہ میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ یاد رکھیں کہ اس سے مراد روحانی غذا ہے۔ اور یہ روحانی غذا طاعت، عبادت، خضوع و خشوع، عجز و رجوع، کثرت دعا اور ذوق معرفت کے سبب حاصل ہوتی ہے۔ روحانیت کے اس بلند و بالا مقام کے سبب حضور علیہ السلام حسی سے استغنا بھی برت سکتے تھے۔ آپ خوب جانتے ہیں۔ کہ مجازی محبتوں اور حسی مسرتوں کے سبب کئی بار بھوک پیاس نہیں لگتی ہے۔ تو یہ حقیقی محبت اور معنوی مسرت کے باعث کیا بھوک اور پیاس نہیں رک سکتی؟ یہ مقام معرفت اور درجہ روحانیت صرف حضورؐ کو حاصل تھا۔ جس کی وجہ سے آپ طے کا روزہ رکھ سکتے تھے۔ اور امت کے لوگ اس مقام

Marfat.com

پر قطعاً نہیں تھے۔ اس لئے وہ وصال فی الصوم کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ اس لئے دینی اور دنیاوی مصالح کی بنا پر انہیں روک دیا گیا!
خوب یاد رکھیں۔ کہ عبودیت کے فلک اعلیٰ پر صرف سیدالبشرؐ ہی کی رسائی تھی!

کس چیز سے افطار کرے

وَعَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَفْطَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى تَمْرٍ فَإِنَّهٗ بَرَكَةٌ فَإِنْ لَّمْ يَجِدْ فَلْيُفْطِرْ عَلٰى مَاءٍ فَإِنَّهٗ طَهُوْرٌ (احمد۔ ترمذی)

سلمان بن عامرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کوئی تم میں سے افطار کرے تو افطار کرے کھجور پر پس تحقیق کھجور برکت کا سبب ہے۔ پھر اگر کھجور نہ پائے۔ تو پانی پر افطار کرے۔ بے شک پانی پاک کرنے والا ہے۔

وضاحت: یہ جو فرمایا کہ کھجور پر افطار کرو۔ یہ استحباب کے لئے ہے نہ کہ وجوب کے لئے! اور کھجور سے افطار کرنے میں یہ حکمت معلوم ہوتی ہے کہ خالی معدہ جو چیز کھائی جائے وہ بہت جلد بدن میں اثر کرتی ہے کھجور میٹھی اور مفید ہوتی ہے جب اس سے افطار کریں گے تو اس کی

شیرینی بہت جلد تمام قویٰ اور اعضاء میں سرایت کر کے سارے بدن کو طاقت بخشے گی۔ اطباء اس بات پر متفق ہیں کہ شیرینی خون باصرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ اور مقوی بدن بھی ہے پس کھجور سے افطار کرنا سارے دن کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ پھر اگر کھجور نہ مل سکے۔ تو پانی سے افطار کر لیا جائے۔ کہ طہارت اور پاکیزگی پانی کی طرف منسوب ہے

روزہ افطار کرانے کا ثواب

وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا أَوْ جَهَّزَ غَازِيًا فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِهٖ (شعب الایمان)

زید بن خالد روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے کسی روزہ دار کو افطار کرایا یا کسی غازی کا سامان درست کر دیا۔ تو اس کو مانند اسی (صائم و غازی) کے ثواب ملے گا۔

وضاحت:۔ جس شخص کے سامان خورد و نوش یا اسلحہ مہیا کردہ

ف حضورؐ نے فرمایا جس نے (کسب حلال) سے روزہ دار کو افطار کرایا اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔ اور دوزخ سے نجات ہو گی۔ اور جس نے روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھلایا۔ خدا اس کو حوض کوثر سے پلائے گا۔ کہ بہشت میں جانے تک اس کو پیاس نہ لگے گی

(مشکوٰۃ)

سے غازی میدان جہاد میں جا کر لڑے گا۔ تو جتنا ثواب اس کو ہو گا۔ اتنا ہی سامان مہیا کر کے دینے والے کو ہو گا۔ اسی طرح جو شخص کسی روزہ دار کو افطار کرائے گا۔ تو بالکل پورے روزہ کا ثواب صائم کے مانند مفطر کو ملے گا۔ اور یہ یاد رہے۔ کہ روزہ دار کے روزہ سے ثواب کچھ بھی کم نہ ہو گا خدا اپنے فضل سے روزہ افطار کرانے والے کو پورا پورا ثواب صائم کے برابر دے گا۔ حضور انور فرماتے ہیں۔

وَكَانَ لَهُ مِثْلَ اَجْرِهٖ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَجْرِهٖ (مشکوٰۃ)

اور روزہ افطار کرانے والے کو روزہ دار کے مانند ثواب ہو گا۔ لیکن روزہ دار کا ثواب کچھ بھی کم نہ کیا جائے گا۔

دوسروں کی چیز سے افطار

بعض لوگ دوسرے کی کھانے پینے کی چیز سے افطار کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ ہمارے روزہ کی محنت اور ثواب مفطر لے جائے گا۔ ان کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرما چکے ہیں۔ کہ صائم کا ثواب (دوسرے کی چیز سے افطار کرنے پر) کچھ بھی کم نہیں ہوتا۔ پھر یہ خیال کرنا کہ میرا ثواب مفطر لے جائے گا۔ سراسر جہالت اور بخل پر مبنی ہے یا بلکہ اگر دوسرے کی چیز

سے افطار کرے پر اسے آپ کے روزہ کی مانند ثواب ملتا ہے۔ تو آپ کو خوش ہونا چاہیئے۔ کہ آپ کے ذریعہ اس کو ثواب مل گیا۔

افطار روزہ کی دعائیں

حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ افطار کے وقت آپ یہ دعا پڑھتے تھے۔

پہلی دعاء

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ

پیاس گئی اور تر ہو گئیں رگیں اور ثابت

وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی

ہوا ثواب اگر چاہا اللہ تعالٰی نے

(ابو داؤد)

افطار کی دوسری دعا

حضرت معاذ بن زہرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم افطار کے وقت (یہ دعا) پڑھتے تھے

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

یا الٰہی میں نے خاص تیرے ہی لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی دیئے ہوئے رزق سے افطار کرتا ہوں

Marfat.com

(ابو داؤد)

نوٹ:۔ دونوں دعاؤں میں سے جونسی چاہیں پڑھ کر پھر بسم اللہ کہہ کر افطار کریں۔ اور اگر دونوں دعائیں پڑھ لیا کریں۔ تو بہت اچھا ہے

دعائے افطار میں زیادتی

عام مروجہ کتابوں میں حضور کی ترجمہ دعائیں ذیل کے الفاظ زیادہ کئے ہوئے ہیں۔ اور یہی ملاوٹی دعا ہی لوگوں کی زبان پر چڑھی ہوئی ہے۔ حضورؐ کے الفاظ لَكَ صُمْتُ سے آگے "وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ" کے الفاظ اُدھار لکھے ہوئے ہیں۔ خدا جانے اس ملاوٹ سے ایسے لوگوں کو کیا حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی کہے کہ "اس آمیزش" کا مفہوم تو درست ہے۔ پھر کیا حرج ہے اس کے پڑھنے میں؟ کیا حرج ہے؟ توبہ کرو! پھر توبہ کرو۔ کیا وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى کے صاحب، حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم دعا کی تکمیل کرنا (معاذ اللہ) بھول گئے تھے۔ جو امت کے "سپوتوں" نے کی ہے؟ خبردار! درود حوض سے "پانی" علیحدہ کر کے ــــ "لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ" کے گھونٹ سے سیراب ہوں! پھر ہوش کے ناخن لو! اور رسولؐ خدا سے آگے نہ بڑھو!!

Marfat.com

روزہ کی پاکیزگی اور طہارت

غیر مقبول روزہ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

مَنْ لَّمْ یَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِہٖ فَلَیْسَ لِلّٰہِ حَاجَۃٌ فِیْ اَنْ یَّدَعَ طَعَامَہٗ وَشَرَابَہٗ (بخاری شریف)

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نہ چھوڑے باطل بولنا اور برا کام کرنا روزہ رکھ کر تو خدا تعالیٰ اس کے کھانے اور پینے کے چھوڑنے کی کچھ پرواہ نہیں کرتا۔"

ملاحظہ:- باطل بولنا وہ کلام ہوتا ہے جس سے گناہ لازم آئے جھوٹی گواہی دینی۔ افترا کرنا۔ غیبت کرنا۔ بہتان باندھنا۔ برا کہنا۔ گالی دینا۔ جھوٹی قسم کھانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ جھوٹ بولنا وغیرہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ جس روزہ دار نے باطل بولنا اور برے کام کرنے جن سے اجتناب واجب ہے نہ چھوڑے۔ تو خدا تعالیٰ

Marfat.com

اس کے کھانا پینا ترک کرنے کی کچھ پرواہ نہیں کرتا یعنی اس کے روزہ کی طرف التفات نہیں کرتا۔ توجہ نہیں فرماتا۔ مہربانی اور عنایت کی نظر نہیں کرتا۔ غور کریں کہ جس روزہ کی طرف اللہ تعالیٰ توجہ نہ کرے وہ روزہ کس کام کا ہوا۔ پھر ضروری ہوا۔ کہ روزہ دار کھانے پینے کے ترک کے روزے کے ساتھ ساتھ، پاؤں، آنکھ، کان اور زبان کا روزہ بھی ضرور رکھے۔ سحری اور افطار قوت حلال سے ہو۔ نماز پنجگانہ اور تراویح کا التزام رہے پھر روزہ خدا کے فضل سے قبول ہو گا!

روزہ نہیں فاقہ ہے

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کَمْ مِنْ صَائِمٍ لَيْسَ لَهٗ مِنْ صِيَامِهٖ اِلَّا الظَّمَاءُ۔ (دارمی)

بہت روزہ دار (ایسے) ہیں۔ کہ ان کو ان کے روزے سے سوائے پیاسا رہنے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا!

نوٹ: معلوم ہوا کہ روزہ دار کو بڑی احتیاط اور پرہیز سے روزہ رکھنا چاہیئے۔ صائم کے تمام اعضاء اور قوت خدا کے حکم میں رہنے چاہئیں۔ اور یاد رہے کہ جو روزہ دار کلام باطل اور اعمال باطلہ سے پرہیز نہیں کرتا۔ اس کا روزہ نہیں ــــ فاقہ ہے!

رمضان کے ایک روزہ کا مرتبہ

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَفْطَرَ یَوْمًا مِّنْ رَمَضَانَ مِنْ غَیْرِ رُخْصَةٍ وَّلَا مَرَضٍ لَمْ یَقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ کُلِّهٖ وَاِنْ صَامَهٗ (ترمذی۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ)

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان میں ایک روزہ بھی (قصداً) چھوڑ دے بغیر رخصت (شرعی) اور بیماری یا مرض کے، تو تمام عمر کا روزہ رکھنا (رمضان کے ایک چھوڑے ہوئے روزہ کا) بدلہ نہیں ادا ہو سکتا۔

نوٹ:۔ یعنی رمضان کے ایک روزہ کا ثواب اس قدر ہے کہ تمام عمر (بالفرض) اگر کوئی روزے رکھے۔ تو اس کے برابر (اجر میں) نہیں ہو سکتے مسلمانوں کو چاہیئے کہ وہ رمضان المبارک کو غنیمت جانیں۔ اور کبھی اس کا روزہ ترک نہ کریں۔ مبادا حشر کے میدان میں کف افسوس ملیں!

مسافر مرضع اور حاملہ کے متعلق

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ن الْكَعْبِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ

شَطْرَ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمَ عَنِ الْمُسَافِرِ وَعَنِ الْمُرْضِعِ وَالْحُبْلٰى - (ابو داؤد - ترمذی - نسائی)

انس بن مالک کعبی روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ خدا تعالٰے نے مسافر سے آدھی نماز موقوف کردی (یعنی سفر میں قصر) اور معاف کر دیا مسافر سے۔ دودھ پلانے والی۔ اور حمل والی سے روزہ"۔

وضاحت:۔ مسافر سفر میں روزہ چھوڑ سکتا ہے پھر جب مقیم ہوگا۔ تو قضا واجب ہے۔ اسی طرح دودھ پلانے والی اور حاملہ کو بھی روزہ معاف ہے۔ ہاں عذر کے بعد قضا لازم ہے

سبحان اللہ دین کتنا آسان اور نبی نوع انسان کے مصالح کا نگران ہے۔ کہ دودھ پلانے والی کے بچہ اور حاملہ کے جنین تک کی حفاظت پیش نظر ہے اور رحالیکہ روزے سے متعلق یہ فرمانا کس قدر سچ ہے۔ یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ - خدا تعالٰے تمہارے ساتھ (روزہ کی فرضیت کے بارے میں) آسانی کا ارادہ کرتا ہے۔ اور تم پر سختی نہیں چاہتا

سفر میں روزہ

وَعَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِیِّ اَنَّهٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَجِدُ لِیْ قُوَّةً عَلَی الصِّیَامِ فِی السَّفَرِ فَهَلْ عَلَیَّ جُنَاحٌ قَالَ

Marfat.com

هِيَ رُخْصَةٌ مِّنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَمَنْ اَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّصُوْمَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ (مسلم)

حمزہ بن عمرو اسلمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا اے خدا کے رسول میں سفر میں روزہ رکھنے کی طاقت پاتا ہوں پھر کیا مجھ پر (سفر میں روزہ رکھنے پر) گناہ ہے؟ حضور نے فرمایا۔ یہ (سفر میں افطار) اللہ بزرگ و برتر کی طرف سے رخصت ہے۔ پھر جس نے یہ رخصت (قبول کر) لی تو اس نے اچھا کیا۔ اور جو شخص روزہ رکھنا چاہے اس پر گناہ نہیں"۔

سفر میں افطار کو ترجیح

حدیث بالا سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص سفر میں روزہ رکھنے کی طاقت اور سہولت پاتا ہے۔ تو وہ روزہ رکھ سکتا ہے لیکن خدا کی رخصت کو قبول کرتے ہوئے سفر میں افطار ہی اچھا اور افضل ہے حضور کے الفاظ قابل غور ہیں۔

سفر میں افطار خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے رخصت ہے پھر جس نے اس رخصت کو قبول کر لیا۔ اس نے اچھا کیا۔ اور جو شخص روزہ رکھنا چاہے اس پر گناہ نہیں"۔ گویا افطار کو روزہ پر فضیلت اور ترجیح ہوئی

سفر میں روزہ نیکی نہیں

صحیح بخاری میں حضرت جابر رض

Marfat.com

سے روایت ہے۔ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے حضور
نے دیکھا کہ ایک مجمع ہے۔ جہاں ایک آدمی پر اسے دھوپ سے بچانے
کے لئے سایہ کر رکھا ہے۔ حضرت انورؐ نے وجہ دریافت کی، تو لوگوں نے
کہا۔ کہ یہ روزہ دار ہے (اور شدت ضعف کے سبب گر پڑا ہے اس
پر جناب رحمت للعالمین نے فرمایا:۔

لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ (بخاری)

سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے!

صائم فی السفر کا افطار

عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَامَ الْفَتْحِ اِلٰى مَكَّةَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ كُرَاعَ الْغَمِيْمِ فَصَامَ النَّاسُ ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ مِّنْ مَّاءٍ فَرَفَعَهٗ حَتّٰى نَظَرَ النَّاسُ اِلَيْهِ ثُمَّ شَرِبَ فَقِيْلَ لَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ اِنَّ بَعْضَ النَّاسِ قَدْ صَامَ فَقَالَ اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ اُولٰٓئِكَ الْعُصَاةُ۔

(رواہ مسلم)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
رمضان میں فتح مکہ کے سال، مکہ مکرمہ کو تشریف لے گئے پس روزہ

رکھا آپ نے حتیٰ کہ کراع الغمیم (ایک جگہ کا نام ہے) تک پہنچے۔ اور لوگوں نے (بھی سفر میں) روزہ رکھا پھر حضور نے ایک پانی کا پیالہ منگوایا۔ اس کو اٹھایا یہاں تک کہ سب لوگوں نے اس کو دیکھا۔ پھر حضور نے (سفر میں بحالت روزہ) پانی پیا (یعنی روزہ افطار کر ڈالا) آپ کو اطلاع دی گئی۔ (حضور) بعض آدمیوں نے روزہ قائم رکھا ہے (یعنی آپ کی پیروی میں افطار نہیں کیا) پھر حضور نے فرمایا۔ کہ یہ پکے گنہگار ہیں۔ یہ پکے گنہگار ہیں۔

نوٹ:۔ کیوں فرمایا کہ یہ پکے گنہگار ہیں؟ اس لئے کہ انہوں نے اتباع سنت میں خدا کی رخصت کو قبول نہیں کیا! اس حدیث میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے امت کو سبق دیا ہے۔ کہ اگر کوئی سفر میں اپنی طاقت اور آسائش کے پیش نظر روزہ رکھ لے۔ اور پھر ضعف و نقاہت کے سبب اسے نباہ نہ سکے۔ تو افطار کر دے!

یاد رہے! کہ اگر سفر میں روزہ سے ضرر کا اندیشہ ہو۔ یا کسی صورت میں جان کا خطرہ ہو۔ تو پھر قطعاً روزہ نہ رکھیں۔ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف سے ابن ماجہ میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ صَائِمُ رَمَضَانَ فِي السَّفَرِ كَالْمُفْطِرِ فِي الْحَضَرِ

روزہ رکھنے والا سفر میں (جب کہ ضرر کا اندیشہ اور ہلاکت کا خوف ہو) مانند افطار کرنے والے کے ہے۔ حضر (گھر) میں۔"

Marfat.com

روزہ توڑنے کا کفّارہ

یہ تو آپ معلوم کر چکے ہیں۔ کہ صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک، کھانے پینے اور وظیفہ زوجیت (COPULATION) سے باز رہنے کا نام روزہ ہے۔ جو شخص روزہ رکھ کر ان میں سے کسی فعل کا جان بوجھ کر مرتکب ہوگا۔ تو اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا!

پھر اس کا کفارہ ظہار[1] کے کفارہ کی طرح ہے یعنی ایک غلام آزاد کرے اگر یہ نہ کر سکے تو دو ماہ کے پے در پے روزے رکھے۔ (اگر اٹھاون رکھ کر ایک چھوڑ دے گا۔ تو پھر سرے سے شروع کرنے ہوں گے) اور اگر روزہ کی طاقت نہ ہو۔ تو ساٹھ مساکین کو کھانا کھلانا چاہیئے۔ (مشکوٰۃ باب تنزیہ الصوم)

بھولے سے کھانا پینا

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَسِیَ وَهُوَ صَائِمٌ فَاَکَلَ وَشَرِبَ فَلْیُتِمَّ صَوْمَهٗ فَاِنَّمَا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ (بخاری مسلم)

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ

---

[1] اپنی بیوی کو ماں کہنا ظہار کہلاتا ہے پھر جب تک کفارہ نہ دے لے۔ اس وقت تک مس حرام ہے۔ ہاں نکاح نہیں ٹوٹتا! (صادق)

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص روزہ دار بھول کر (کچھ) کھا پی لے پس چاہیئے کہ پورا کرے روزہ اپنا۔ (اس کا روزہ ٹوٹا نہیں) کیونکہ اسے اللہ نے کھلایا اور پلایا۔"

روزہ میں سرمہ لگانا

حضرت انسؓ سے روایت ہے۔ کہا انہوں نے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ (حضور!) میری آنکھیں دکھتی ہیں۔ اَفَاَکْتَحِلُ وَاَنَا صَائِمٌ۔ کیا سرمہ لگا سکتا ہوں۔ اور میں روزہ دار ہوں؟ قَالَ نَعَمْ۔ آپ نے فرمایا۔ ہاں۔" (ترمذی)

نوٹ:۔ معلوم ہوا کہ روزہ کی حالت میں آنکھوں میں سرمہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا!

روزہ میں مسواک

وَعَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِیْعَةَ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا لَا اُحْصِیْ یَتَسَوَّکُ وَھُوَ صَائِمٌ (ترمذی)

عامر بن ربیعہ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحالت روزہ اس قدر مسواک کرتے تھے کہ میں گن نہیں سکتا تھا!"

شدت روزہ میں تبرید

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کا ایک صحابی بیان کرتا ہے۔ لَقَدْ رَأَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ یَصُبُّ عَلٰی رَأْسِہِ الْمَاءَ وَھُوَ صَائِمٌ مِّنَ الْعَطَشِ اَوْمِنَ الْحَرِّ (رواہ مالک و ابوداؤد)

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا عرج کے مقام پر کہ بحالت روزہ اپنے سر پہ پانی ڈالتے تھے، پیاس یا گرمی دفع کرنے کے لئے"

نوٹ: امت کے لئے آسانیاں پیدا کرنے والے **نبی رحمتؐ** کی اس حدیث پاک سے معلوم ہوا۔ کہ شدت کی گرمی اور عضب کی پیاس دفع کرنے کی خاطر اگر روزہ دار اپنے بدن، اور سر پہ ٹھنڈا پانی بکثرت ڈالے۔ تو روزہ میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔ مکروہ تک نہیں ہوتا!

اسی طرح :۔

(۱) اگر قے خود بخود آجائے۔ تو روزہ نہیں ٹوٹتا! (ترمذی)

(۲) اگر صائم کو احتلام ہو جائے۔ تو بھی روزہ نہیں ٹوٹتا! (ترمذی)

(۳) جو شخص حلق میں انگلی ڈال کر قے لائے۔ اس کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ وہ قضا کرے"! (ترمذی)

(۴) رفیقہ حیات کی تقبیل (KISSING) سے روزہ نہیں ٹوٹتا"

Marfat.com

(مشکوٰۃ)

شیخ فانی کے روزہ کا مسئلہ

شیخ فانی اس بوڑھے شخص کو کہتے ہیں۔ جو اپنے انتہائی ضعف و عجز کے باعث فی الحال روزہ کی طاقت نہ رکھتا ہو۔ اور یوماً فیوماً اس کی کمزوری اور ناتوانی بڑھتی چلی جائے۔ حتّٰی کہ روزہ رکھنے سے ناامید ہو۔ ایسے شیخ فانی اور بوڑھیا فانیہ کو روزہ معاف اور فدیہ لازم ہے کہ ہر روزہ کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلائے۔ یاد رہے کہ اس پر روزہ کی قضا واجب نہیں ہے۔" (الروضۃ الندیہ)

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں ضعیف اور کمزور آدمی اور حاملہ عورت کے حق میں جن میں روزہ رکھنے کی طاقت باقی نہ رہی ہو یا روزہ رکھنے سے ضرر کا اندیشہ ہو۔ فدیہ کا حکم ہے۔" (ابوداؤد)

حیض اور نفاس والی عورتوں کے روزہ کا مسئلہ

حیض اور نفاس والی عورتیں اپنے معتاد ایام میں روزہ نہ رکھیں ہاں جتنے روزے رہ جائیں غیر رمضان میں قضا کریں۔ (مشکوٰۃ)

حضرت عائشہؓ سے پوچھا گیا۔ کیا حال ہے عورت حائضہ کا کہ قضا کرتی ہے روزہ اور نہیں قضا کرتی نماز؟ فرمایا حضرت عائشہؓ

Marfat.com

نے۔ کہ ہمیں ہم حیض سے حضورؐ کے زمانے میں پھر حکم کی جاتی تھیں ہم ساتھ قضا روزے کے اور نہ حکم کی جاتی تھیں ہم ساتھ قضا نماز کے" (صحیح مسلم)

نوٹ: یعنی عورتیں حیض میں نہ روزہ رکھیں اور نہ نماز پڑھیں۔ البتہ روزہ کی قضا کریں۔ اور نماز کی قضا نہ کریں۔ یہی حکم نفاس والی عورت کا ہے۔ کہ وہ نہ نماز پڑھ سکتی ہے۔ نہ روزہ رکھ سکتی ہے۔ پاک ہو کر روزوں کی قضا کرے۔ اور نماز کی نہ کرے۔ اکثر مدت نفاس کی بلوغ المرام میں چالیس روز ہے۔ اگر چالیس روز سے زیادہ عرصہ خون جاری رہے تو پھر وہ نفاس نہیں۔ استحاضہ ہے اور استحاضہ میں نماز روزہ فرض ہے۔

رمضان کی راتیں حلال ہیں

اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَآئِكُمْ

کے قرآنی ارشاد سے غروب آفتاب سے لے کر صبح صادق تک رمضان کی راتیں میاں بیوی ... کے لئے حلال ہیں۔

عیدین کے روزہ کی حرمت

حضرت ابی ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا۔ عید الاضحیٰ اور عید الفطر! (صحیح مسلم)

Marfat.com

ایامِ تشریق میں روزہ کی حرمت

حضرت عقبہ بن عامر رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یوم نحر (عید الاضحیٰ) اور ایام تشریق مسلمانوں کی عید کے دن ہیں۔ اور کھانے پینے کے دن ہیں" (ابوداؤد)

نوٹ: ایام تشریق ذی الحجہ کی گیارہ، بارہ، تیرہ تاریخ کو کہتے ہیں۔ ان دنوں میں بھی عیدین کے مانند روزہ رکھنا حرام ہے۔

نفل روزے

رمضان شریف کے روزے فرض ہیں۔ ان کا تارک بلا عذر سخت گنہگار اور جہنمی ہے جیسا کہ آپ اوپر پڑھ چکے ہیں۔ رمضان کے علاوہ اپنی خوشی سے روزہ رکھنا نفل روزہ کہلاتا ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض روزوں کے علاوہ نفل روزے بھی رکھے ہیں۔ یہ روزے بھی انسان کی روحانی اصلاح کرنے اور بڑے ثواب کا موجب ہیں۔ جو شخص نفل روزے رکھنا چاہے اس کو رحمت دو عالم کی سنت کے مطابق مسنون ایام میں رکھنے چاہئیں۔ کسی دن کی فضیلت اور روزہ کی صرف

Marfat.com

شارع علیہ السلام کے بتانے سے ہی مانی جا سکتی ہے۔ امت میں سے کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ اپنی مرضی سے جس دن کو چاہے بزرگ کہہ دے۔ اور پھر اس دن کے روزہ کا اعلان کر دے۔ اور روزہ کی فضیلت بزرگی اور کثرت ثواب بیان کرنا شروع کر دے۔ کیونکہ ایام و احیان کی بزرگی اور مقبولیت کا پتہ ۔۔۔ اور ثواب کے وعدے دینا صرف پیغمبر کا کام ہی ہوتا ہے۔ امتی اگر شریعت بنانے لگے۔ تو پیغمبر کے مقام کو چھیننا چاہتا ہے۔ اب ہم ان نفلی روزوں کا ذکر کرتے ہیں۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوائے رمضان کے رکھتے تھے۔ آپ زیادتی ثواب اور بلندی درجات کے لئے ان مسنون روزوں کو رکھا کریں کہ حضورؐ کے عمل نے ان کی ٹکسالیت پر مہر ثبت کر دی ہے۔

شوال کے چھ روزے

وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَهٗ سِتًّا مِّنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ (رواہ مسلم)

ابو ایوب انصاریؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے حدیث کو راوی (عمر بن ثابت) سے بیان کیا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

فرمایا جس نے روزے رکھے رمضان کے پھر اس کے پیچھے روزے رکھے
چھ شوال کے مہینے کے، ہو گا وہ شخص مانند ہمیشہ روزہ رکھنے کے!

نوٹ:۔ صیام الدہر کا مطلب یہ ہے کہ جو رمضان کے مہینہ کے
روزے رکھ کر ماہ شوال کے چھ روزے رکھے گا۔ تو اس کو سال بھر روزے
رکھنے کا ثواب ملے گا۔ گویا اس نے سوائے رمضان کے گیارہ ماہ کے روزے
رکھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق شوال کے
روزے رکھنے کا لطف آ گیا۔ کہ آپ کا وعدہ ثواب اتنا ہی یقینی ہے۔ جتنا کہ
آپ کا پیغمبر ہونا یقینی ہے۔ بادشاہوں کی تقریبوں پر روزوں کی بھینٹ
چڑھانے والوں کو ۔۔۔ مسلہ نیت کی شمع کا پروانہ بننا چاہیئے!

ایام بیض کے روزے

حضرت ابی ذر رض روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے ابو ذر رض! جب تو
مہینہ سے تین روزے رکھنے چاہے۔ تو تیرھویں، چودھویں، اور
پندرھویں (تاریخ کو) روزہ رکھ"۔ (ترمذی، نسائی)

نوٹ:۔ مہینے کے یہ تین روزے کئی تاریخوں کو رکھے آئے ہیں۔
لیکن یہ تاریخیں سب سے افضل ہیں۔ جو شخص اپنے روح کی اصلاح
چاہے سینے کی صفائی کا خواہاں ہو۔ اسے چاہیئے کہ ہر ماہ کی ۱۳، ۱۴، ۱۵

Marfat.com

کو روزہ رکھا کرے! حضور انورؐ بالعموم ایام بیض کے روزے رکھا کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں:

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُفْطِرُ اَيَّامَ الْبِيْضِ (نسائی) حضرت انورؐ ایام بیض میں افطار نہیں کرتے تھے

ملاحظہ:۔ ایام بیض سے مراد چاندنی راتوں کے دن ہیں یعنی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں ابیض صفت ہے لیالی راتوں کی۔ کہ ان راتوں میں چاندنی شروع سے اخیر تک رہتی ہے۔ یا ایام موصوف ہے بیض کا پھر اس صورت میں یہ مطلب ہوا۔ کہ ان دنوں کے روزے ایک ودلو ہے جو گناہوں کی تاریکیوں کو دور کرتا ہے! بہر حال ہر ماہ کے یہ تین روزے مسنون ہیں۔ نفلی روزے رکھنے والوں کو ہر ماہ ان تین روزوں کی روشنی سے ظلمت خانہ دل کو نور سے معمور کرنا چاہیئے!

یوم عرفہ کا روزہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ مَنْ يَصُوْمُ يَوْمَ عَرَفَةَ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِىْ قَبْلَهٗ وَالسَّنَةَ الَّتِىْ بَعْدَهٗ (مسلم)

جو کوئی روزہ رکھے گا دن عرفہ کا، امید رکھتا ہوں خدا تعالےٰ سے کہ جھاڑ دے اسکے گناہ ایک سال گذشتہ کے اور ایک سال آئندہ کے۔

نوٹ:۔ اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ یوم عرفہ یعنی نو ذی الحجہ کو روزہ

Marfat.com

رکھنا بڑا ثواب ہے۔ ایک سال پہلے کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ اور ایک سال بعد کے۔ یہ ہے یومِ عرفہ کے روزے کا اجر جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے۔ مسلمانوں کو یہ ثواب حاصل کرنے کی غرض سے ہر سال یومِ الحج کو یہ روزہ رکھنا چاہیئے۔

معراج کے روزہ کی ایجاد

اس سے قبل آپ پڑھ چکے ہیں۔ کہ کسی امر کے متعلق ثواب کا وعدہ دینا پیغمبر کا کام ہوتا ہے۔ کسی امتی کا ہرگز یہ منصب نہیں ہوسکتا۔ واقعہ معراج بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عظیم الشان اور لاامثال معجزہ ہے۔ آپ کے مرتبہ کی انتہائی بلندی ہے۔ کہ جسکے صعود و عروج کا کسی کو خواب بھی نہیں آسکتا۔ لیکن بعض مولویوں کا بے حساب ثواب بتا کر معراج کے دن لوگوں کو روزہ رکھانا کہاں سے نکلا؟ معراج پانے والے نبیؐ نے معراج کا روزہ رکھا؟ رکھنے کو کہا؟ نہیں! حضرت ابوبکر صدیق

۱؎ حضرت عکرمہ رضؓ فرماتے ہیں۔ کہ ہم حضرت ابوہریرہ رضؓ کے پاس ان کے مکان میں بیٹھے ہوئے تھے۔ انہوں نے ہم سے حدیث بیان کی۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا (ابوداؤد)۔ اس سے معلوم ہوا کہ عرفات میں عرفہ کا روزہ حاجی کو نہیں رکھنا چاہیئے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ روزہ کی مشقت کے سبب وہاں عبادات بجالانے میں ہرج واقع ہوتا ہے! (صادق)

Marfat.com

نے یہ روزہ رکھا یا رکھایا؟ قطعاً نہیں۔ حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ کے علاوہ سوا لاکھ صحابہؓ میں سے کسی نے یہ روزہ رکھا؟ یا لوگوں کو ثواب کا وعدہ دے کر رکھنے کو کہا؟ بالکل نہیں! حضرت امام اعظمؒ، امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام احمدؒ نے کہیں معراج کے روزے کا ذکر کیا ہے؟ کہیں نہیں! جب کسی نے بھی معراج کے روزہ کا ثواب اور اجر بیان نہیں کیا۔ تو آج کل کے بعض علماء کو کس نے رسالت کی گدی پر بٹھایا ہے۔ کہ وہ لوگوں کیلئے معراج کا روزہ ایجاد کرکے انہیں اس روزے کے ثواب کا وعدہ دیتے ہیں! مسلمان بھائیو! غور کرو۔ کہ اسلام حضور انورؐ کی حیات پاک میں مکمل ہو چکا تھا۔ گناہ اور ثواب، حلال اور حرام، جائز اور ناجائز ——— تمام کاموں کی فہرست بن چکی ہے۔ امت میں سے کسی شخص کو یہ اختیار نہیں۔ کہ اس فہرست میں کمی یا بیشی کرے! آپ جو مسئلہ بھی کسی سے سنیں، تحقیق کریں کہ کیا خدا یا اس کے رسول پاکؐ نے فرمایا ہے؟ اگر فرمایا ہے۔ تو ہزار جہان سے اس پر عمل کریں۔ اور اگر کتاب و سنت سے ثابت نہ ہو۔ تو لوگوں کے سبز باغ دکھانے پر ——— کسی موہوم پیڑ کے سایہ میں آرام پانے کی توقع نہ کریں!

اگر آپ نے نفلی روزوں کے سکون سے رضائے الہیٰ حاصل

خریدنی ہو۔ تو ٹکسال رسالت میں ڈھلے ہوئے "دینار" آپ کو بکثرت مل سکتے ہیں۔ آپ صدق دل سے عبادت وطاعت کے خزینوں کا سودا کرنے والے نہیں

دار الضرب خیتنی مرتبت کی سنہری مہروں کا ڈھیر خزانہ احادیث میں موجود ہے ۔ بھائیو! جس بات کو بھی دین سمجھ کر اس کا ثواب جان کر عمل میں لانا چاہو۔ غور کر لو۔ کہ کیا واقعی ہے

نقش علیہ سکۂ نبویہ"

ضرب بالمدینۃ اشرف البلدان

یوم عاشوراء کا روزہ

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے۔ تو آپ نے یہود کو یوم عاشوراء کا روزہ رکھتے ہوئے پایا۔ آپ نے ان سے اس) کا سبب دریافت کیا۔ انہوں نے جواب دیا۔ کہ عاشوراء کے دن اللہ تعالٰے نے موسٰے علیہ السلام کو فرعون پر فتح دی تھی۔ ہم اس کی تعظیم کی خاطر یہ روزہ رکھتے ہیں۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ موسٰے علیہ السلام سے ہمیں تمہاری بہ نسبت زیادہ علاقہ ہے پھر حضور انورؐ نے عاشوراء کا روزہ رکھنے کا حکم فرما دیا۔" (ابو داؤد)

حضرت ابی قتادہؓ سے ایک روایت صحیح مسلم میں ہے۔ اس میں

Marfat.com

حضورؐ نے فرمایا۔ جو شخص عاشوراء کے دن (دسویں محرم) روزہ رکھے گا میں اللہ سے امید رکھتا ہوں۔ کہ وہ اس روزہ دار کے ایک برس کے گناہ بخش دے گا۔"

ملاحظہ:۔ یوم عاشوراء کی بزرگی اور فضیلت جو اوپر بیان ہوئی ہے۔ یہ رمضان کے فرض ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ جب رمضان شریف کے روزے فرض ہو گئے۔ تو پھر حضرتِ انورؐ نے مسلمانوں کی توجہ رمضان المبارک کیطرف زیادہ دلائی۔ اور یوم عاشوراء کے متعلق روزہ رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دے دیا۔ گویا بعد رمضان اس روزہ کی اہمیت (خدا کے حکم سے) کم کر دی۔

حضرت جابر بن سمرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عاشوراء کے دن روزہ رکھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔ ہم کو بھی اسکی ترغیب دیتے تھے اور نگرانی رکھتے تھے۔ لیکن جب رمضان کے روزے فرض کر دیئے گئے۔ تو پھر حضورؐ نے ہم کو (اس دن روزہ رکھنے کا) نہ تو حکم دیا اور نہ منع فرمایا۔ اور نہ اسکی نگہداشت کی۔ (صحیح مسلم)

صحیح مسلم میں یہ بھی موجود ہے۔ کہ حضرت ابن مسعودؓ نے حضرت اشعث کو (عاشوراء کی حقیقت بتاتے ہوئے) کہا کہ ماہ رمضان میں (فرضی) روزے رکھنے کا حکم نازل ہونے سے قبل رسول اللہ صلی

اللہ علیہ وسلم اس دن روزہ رکھتے تھے لیکن جب ماہ رمضان کی فرضیت نازل ہو گئی۔ تو حضورؐ نے یوم عاشورا کا روزہ رکھنا چھوڑ دیا"۔ (صحیح مسلم)

شوہر کی اجازت سے روزہ

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جس عورت کا شوہر اسکے پاس موجود ہو۔ اسکو رمضان شریف کے علاوہ نفل روزہ شوہر کی اجازت کے بغیر نہیں رکھنا چاہیئے۔ (ابوداؤد)

میاں بیوی کا جھگڑا
دربار رسالت میں

حضرت ابوسعیدؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک عورت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس وقت ہم حضور کی خدمت میں موجود تھے اس عورت نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! جب میں نماز پڑھتی ہوں۔ تو میرا شوہر (صفوان بن معطل) مجھے مارتا ہے۔ اور جب (نفلی) روزہ رکھتی ہوں۔ تو وہ میرا روزہ تڑوا دیتا ہے۔ اور وہ صبح کی نماز طلوع آفتاب سے پہلے کبھی نہیں پڑھتا (یعنی سورج نکلے پڑھتا ہے)

صفوان بن معطلؓ بھی وہاں بیٹھے ہوئے تھے حضورؐ نے ان سے

Marfat.com

دریافت فرمایا۔ کہ تمہاری بیوی کیا کہہ رہی ہے؟ صفوانؓ نے عرض کیا اے اللہ کے رسولؐ! نماز پڑھنے پر جو میں اس کو مارتا ہوں۔ تو اس کی یہ وجہ ہے کہ (میں باہر سے بھوکا آتا ہوں۔ اور چاہتا ہوں کہ میری بیوی جلد روٹی پکا کر دے لیکن) وہ نماز میں دو سورتیں پڑھا کرتی ہے (یعنی نماز لمبی کر دیتی ہے) میں نے اسکو منع کیا۔ مگر وہ نہیں مانتی۔ اس لئے میں اس کو مارتا ہوں۔ اس پر حضورؐ نے فرمایا کہ اگر ایک سورت ہی پڑھ لی جائے۔ تو لوگوں کو کافی ہے۔

اور روزہ تُڑوانے کے متعلق یہ عرض ہے۔ کہ وہ برابر (نفلی) روزے رکھے چلی جاتی ہے۔ اور میں جوان آدمی ہوں۔ مجھ سے صبر نہیں ہو سکتا۔ اس پر حضرت انورؐ نے فرمایا

"کوئی عورت (نفلی) روزہ اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر نہ رکھے۔"

اور طلوع آفتاب سے پہلے نماز نہ پڑھنے کی حقیقت یہ ہے کہ میں ایک محنتی (مزدور) آدمی ہوں جس کو سب لوگ جانتے ہیں (صفوان رات بھر کھیتوں کو پانی دیا کرتے تھے) اس لئے (تھکا ماندہ ہونے کی وجہ سے) سورج نکلنے سے پہلے آنکھ نہیں کھلتی۔ اس پر رحمت دو عالمؐ نے ارشاد فرمایا:-

"جب تمہاری آنکھ کھلے تو نماز پڑھ لیا کرو۔" (ابوداؤد)

Marfat.com

نفلی روزہ کے متفرق مسائل

۱۔ صرف جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا جائز نہیں۔ اگر جمعہ کا (نفلی) روزہ رکھنا ہو تو ایک روزہ پہلا یا پچھلا یعنی جمعرات یا ہفتہ کا ساتھ ملا کر رکھ سکتے ہیں۔ (مشکوٰۃ)

۲۔ صرف ہفتہ کا روزہ بھی جائز نہیں۔ ہاں اتوار کا ساتھ ملا کر رکھ سکتے ہیں (ترمذی)

۳۔ حضور انور سوموار اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ ان دنوں میں اعمال خدا کے سامنے پیش ہوتے ہیں۔" (مشکوٰۃ)

۴۔ حضور پُر نورؐ فرماتے ہیں۔ جو اللہ کی راہ میں ایک روزہ (نفل مسنون) رکھیگا۔ خدا اُسکو دوزخ سے ستر برس کی راہ دور ڈالے گا (مشکوٰۃ)

۵۔ حضرت انورؐ نے فرمایا جو خدا کی رضامندی کے لئے ایک دن (مسنون) روزہ رکھتا ہے۔ خدا اسکے اور دوزخ کے درمیان اتنا فاصلہ کر دے گا۔ جتنا آسمان اور زمین کے درمیان ہے (مشکوٰۃ)

۶۔ حضرت اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ جو صرف خدا کی خوشنودی کے لئے ایک روزہ رکھتا ہے۔ خدا اس کو دوزخ سے اتنی دوری پر ڈال دے گا۔ جتنا کہ کوے کا بچہ پیدائش کے وقت سے لے کر بوڑھا ہو کر مرنے تک اڑتا رہے (مشکوٰۃ)

Marfat.com

(۷) بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھنے والے کو لولو اور یاقوت کا ایک مکان بہشت میں دیا جائے گا۔ (طبرانی)

(۸) نفلی روزوں کے لئے صبح صادق سے پہلے نیت ضروری نہیں۔ دن میں ہر وقت نیت کر سکتے ہیں۔ (مسلم)

(۹) نفلی روزہ رکھ کر دن میں جب چاہیں۔ افطار کر سکتے ہیں کوئی کفارہ نہیں۔ اور نہ ہی قضا ضروری ہے (ترمذی)

(۱۰) اگر نفلی روزہ دار کی کوئی دعوت کرے۔ تو روزہ افطار کر سکتا ہے۔ یا یہ بھی کہہ سکتا ہے۔ کہ میں روزہ دار ہوں (مسلم)

(۱۱) ماہ رجب میں کوئی خاص فضیلت والے روزے شریعت سے ثابت نہیں۔

(۱۲) ۔ حضور نے فرمایا۔ قُومُوا لَيْلَهَا وَصُومُوا يَوْمَهَا۔ پندرھویں شعبان کی رات کو قیام کرو اور اسکے دن (۱۵ شعبان کا) روزہ رکھو

(۱۳) لکھی اور ہزاری روزہ ایجاد بندہ ہے۔ امت کے "سپوتوں" نے گھر سے ثواب کے وعدے دے کر شریعت سازی کی ہے!

(۱۴) جس شخص نے روزہ نذر مانا ہوا ہو۔ اگر وہ فوت ہو جائے تو اسکے ولی کو روزہ رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ نذر کا ایفا واجب ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ

Marfat.com

ایک شخص نے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ اے خدا کے رسول! میری بہن نے حج کرنے کی نذر مانی تھی۔ مگر اس کا انتقال ہو گیا۔ آپ نے فرمایا۔ اگر اس پر قرض ہوتا۔ تو تم اس کیطرف سے ادا کرتے یا نہیں؟ اس نے عرض کیا۔ جی ہاں۔ پھر آپ نے فرمایا۔ خدا کا قرض (نذر) بھی ادا کرو۔ کیونکہ خدا کا قرض ادائیگی کا زیادہ حق دار ہے (بخاری)

اس ارشاد نبوی سے جہاں نذر کا ایفا واجب ثابت ہوا وہاں یہ بھی مہر نیمروز کی طرح روشن ہوا۔ کہ نذر (نیاز) اللہ کی عبادت ہے۔ جو صرف اللہ ہی کے لئے ثابت ہے۔ جو شخص غیر اللہ کیلئے نذر نیاز مانتا ہے۔ وہ غیر اللہ کی پرستش اور عبادت کرتا ہے اور وہ بلا ریب مشرک ہے!

نمازِ تراویح

تراویح کی فضیلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جَعَلَ اللّٰهُ صِيَامَهُ فَرِيضَةً وَقِيَامَ لَيْلِهِ تَطَوُّعًا (مشکوٰۃ) خدا تعالے نے رمضان کے روزے فرض کئے ہیں۔ اور قیام رمضان (تراویح) نفل قرار دیا ہے۔

Marfat.com

نوٹ :- جو عبادت سوائے فرض کے ہے۔ وہ نفل ہے پس رمضان کے روزے فرض ہوئے۔ اور تراویح نفل عبادت ہوئی حضور انور ﷺ یہ نفل عبادت (تراویح) بڑے اہتمام اور ذوق سے بجا لاتے رہے۔ اسلئے امت کے لئے تراویح سنت ہوئی۔

پھر آپ نے فرمایا۔ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔ (بخاری) جس نے قیام رمضان کیا (یعنی تراویح پڑھتا رہا) ایمان اور طلب ثواب کی نیت سے۔ تو اس کے پہلے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔"

رسولِ خدا ﷺ نے تراویح پڑھائی

حضرت عائشہ صدیقہ ؓ فرماتی ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان شریف میں آدھی رات کو نکلے۔ اور مسجد میں تشریف لے جا کر نماز پڑھی۔ کچھ مقتدیوں نے بھی آپ کے پیچھے نماز پڑھی صبح ایک کو دوسرے سے خبر ملی کہ آج رات رسول ﷺ خدا نے نماز باجماعت پڑھائی ہے۔ تو دوسری رات بہت لوگ جمع ہو گئے۔ سب نے آپکی اقتدا میں نماز ادا کی۔ پھر صبح آپس میں اسکا تذکرہ ہوا۔ تو تیسری رات بہت سے آدمی جمع ہو گئے۔ اور سب نے حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی۔ جب چوتھی رات ہوئی۔ تو اتنی کثرت سے لوگ آ گئے۔ کہ مسجد میں گنجائش نہ

Marfat.com

رہی۔ لیکن (اب کی) حضورؐ نے نماز نہ پڑھائی۔ لوگ صبح تک انتظار میں رہے۔ صبح کے وقت آپ آئے۔ نماز فجر پڑھائی۔ پھر خطبہ دیا۔ اور تشہد پڑھ کر ارشاد فرمایا:۔

أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ مَكَانُكُمْ لٰكِنِّيْ خَشِيْتُ أَنْ تُفْرَضَ عَلَيْكُمْ فَتَعْجِزُوْا عَنْهَا فَصَلُّوْا أَيُّهَا النَّاسُ فِيْ بُيُوْتِكُمْ۔ (بخاری شریف)

تمہارا یہاں جمع ہونا مجھ سے پوشیدہ نہیں تھا (یعنی رات بھر میں پس پردہ تمہاری حاضری دیکھتا رہا ہوں) لیکن میں اس ڈر سے نہ نکلا کہ کہیں قیام رمضان (یعنی نماز تراویح) تم پر فرض نہ ہو جائے۔ پھر تم اسکے ادا کرنے سے قاصر رہو۔ لوگو! (سنو) تم اس نماز کو اپنے گھروں میں ہی پڑھ لیا کرو۔"

نوٹ:۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضورؐ نے نماز تراویح باجماعت ادا کی۔ اور جماعت سے ادا کرنا آپ کی سنت ہوئی۔

تراویح رسولؐ اللہ کی سنت ہے

بعض دین کا سطحی علم رکھنے والے کہتے ہیں کہ یہ جو مساجد میں رمضان کے اندر تراویح باجماعت پڑھنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اسے مولویوں نے از خود جاری کر رکھا ہے۔ دراصل نماز تہجد ہی ہے۔ رمضان اور غیر رمضان میں وہی پڑھنی چاہیئے۔ مساجد میں اس التزام کیساتھ

تراویح کا پڑھنا حضورؐ سے ثابت نہیں۔ آپ نے تہجد ہی پڑھی ہے تراویح نہیں!

اس کے جواب میں گذارش ہے۔ کہ وہی تہجد جو گیارہ مہینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے تھے۔ رمضان میں اسے ہی تراویح (قیام رمضان) کی صورت میں ادا فرماتے تھے۔ یعنی وہی تہجد رمضان میں تراویح بن جاتی تھی۔ اور آپ تراویح پڑھ کر پھر تہجد نہیں پڑھتے تھے۔ غیر رمضان میں سونے کے بعد اٹھ کر پڑھتے۔ تو وہ نماز تہجد کہلاتی تھی۔ اور رمضان میں وہی نماز سونے سے پہلے پڑھ لیتے تو اسے تراویح کہتے تھے۔ رمضان میں تہجد اور تراویح کے امتیاز کو ہم واضح کرتے ہیں۔ تاکہ قارئین کرام کے سامنے حقیقت بے نقاب ہو جائے!

حضرت ابی ذرؓ سے ایک روایت ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ میں آئی ہے۔ حضرت ابی ذرؓ کہتے ہیں۔ کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ ماہ رمضان کے روزے رکھے ایک رات حضورؐ نے ہمارے ساتھ تہائی رات تک قیام کیا۔ (یعنی تراویح پڑھائی) پھر ایک رات نصف شب تک قیام کیا..... پھر ایک رات حضورؐ نے اپنے اہل کو، اپنی عورتوں اور سب لوگوں کو جمع کیا اور ہمارے ساتھ

Marfat.com

(اتنا دراز) قیام کیا۔ حتی خشینا ان یفوتنا الفلاح۔ کہ ہمیں فلاح (سحری کا کھانا) کے فوت ہو جانے کا ڈر ہو گیا۔"

بخاری اور مسلم میں زید بن ثابت سے مروی ہے۔ کہ حضور نے رمضان میں کچھ راتیں لوگوں کو نماز (تراویح) پڑھائی۔ پھر (ایک رات) بہت لوگ جمع ہوئے۔ اور حضور حجرہ سے باہر نہ نکلے۔ پھر فرمایا۔ ما زال بکم الذی رایت من صنیعکم حتی خشیت ان یکتب علیکم ما قمتم بہ فصلوا ایھا الناس فی بیوتکم۔ تمہاری نماز (تراویح) با جماعت پڑھنے کی شدت حرص کے التزام سے میں نے تم پر اس کے فرض ہو جانے کا خوف کیا۔ پس تم یہ نماز (تراویح) اپنے گھروں میں پڑھ لیا کرو۔

صحیح ابن خزیمہ میں ہے۔ کہ حضور نے جو ان تین راتوں میں نماز پڑھی۔ وتر بھی ساتھ ہی پڑھے تھے۔"

ان احادیث سے ایک بات تو یہ ثابت ہوئی۔ کہ نماز تراویح با جماعت مسجد میں پڑھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ دوسری بات یہ روشن ہوئی کہ نماز تراویح میں جب آپ نے تہائی رات، نصف رات، اور قریباً صبح تک قیام فرمایا۔ تو لامحالہ حضور نے تراویح پڑھ کر تہجد نہیں پڑھی اور پھر حضور کا وتروں کو تراویح کے ساتھ ہی پڑھ لینا اس بات کا بین ثبوت ہے۔ لہ

Marfat.com

آپ نے وتر بھی دو بار نہیں پڑھے۔ کیونکہ حضورؐ خود فرماتے ہیں۔ لا وتران فی لیلۃ (ابوداؤد) ایک رات میں وتر دو بار پڑھنے ناجائز ہیں (کیونکہ وتر دو بار پڑھنے سے شفع بن کر ٹوٹ جاتے ہیں) اور پھر یہ بات ثابت بھی نہیں کہ حضورؐ نے تراویح پڑھا کر گھر جا کر کوئی نماز تہجد اور وتر وغیرہ پڑھی ہو!

تراویح کا طویل قیام

جب حضورؐ کی نماز تراویح کا طویل قیام دراز رکوع مطمئن قومہ، معراج آشنا سجدہ، ایمان افروز جلسہ اور تکلم فرما قعدہ صحابہؓ کو قریباً تمام رات بارگاہ لم یزل کی حاضری کا شرف بخشتے تھے۔ تو وہ تہجد کے لئے کونسا وقت نکالتے تھے؟ یاد رہے کہ قیام لیل کے قائم مقام ——قیام رمضان—— کی اس صورت میں تہجد کی تمام برکتیں اور نعمتیں بہتات اور افراط کے ساتھ ان شب زندہ داروں کو حاصل تھیں!

سائب بن یزید کی ایک غیر مجروح روایت موطا امام مالک میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے ابی بن کعب اور تمیم داری کو حکم دیا کہ وہ لوگوں کو رمضان میں تراویح جماعت کیساتھ پڑھائیں۔ اسی روایت میں صحابہ کی نماز تراویح (قیام رمضان) کی یہ کیفیت بیان کی گئی ہے۔ کہ قیام اتنا دراز ہوتا تھا۔ کہ لوگوں کو عصا پر سہارا لینا پڑتا تھا۔

Marfat.com

فما کنا ننصرف الا فی فروع الفجر۔ صحابہؓ کہتے ہیں کہ ہم فجر کے قریب نماز تراویح سے فارغ ہوتے تھے۔ اور عبداللہ بن ابی بکر کی روایت موطا امام مالک میں موجود ہے کہ انصرفنا فی رمضان من القیام فنستعجل الخدم بالطعام مخافۃ فوت السحور۔ صحابہ کہتے ہیں جب رمضان میں ہم نماز تراویح سے فارغ ہوتے تھے۔ تو اپنے خادموں کو جلدی کھانا لانے کا حکم کرتے کہ کہیں سحری فوت نہ ہو جائے!

حضرات صحابہؓ جن کی تہجد کا نالۂ شب گیر ہمیشہ رسا رہتا تھا ماہ رمضان میں بجائے تہجد کے قریباً ساری رات نماز تراویح میں ہی گزارتے تھے

ف: یہ تھی صحابہؓ کی نماز تراویح! کہ وہ اس کو بڑے اطمینان اور سکون سے ادا کرتے تھے انکی نماز تراویح میں اتنا لمبا قیام طویل قومہ و جلسہ اور دراز رکوع و سجود ہوتا تھا۔ کہ وہ اس نماز سے صبح کے قریب فارغ ہوتے تھے۔ اور پھر انہیں صرف اتنا وقت ملتا تھا۔ کہ سحری کھائی اور فجر کی نماز کی آذان ہو گئی۔ لیکن وائے بر حال ما! ہماری نماز تراویح کا یہ حال ہے کہ امام اور مقتدی رمضان میں ایک "دوڑ" لگاتے ہیں۔ امام بھاگ رہا ہے۔ اور مقتدی اسے چھو رہے ہیں مقتدی ابھی رکوع میں پہنچے ہی ہیں۔ تو امام قومے سے گزر گیا ہے۔ مقتدی قومہ میں ہیں۔ تو امام سجدہ کے بار سے سبکدوش ہو گیا ہے۔ جماعت سجدہ میں آئی ہے۔ تو امام صاحب جلسہ اور دوسرے سجدہ کو جلد و پھاند کر قیام کی منزل میں آ پہنچے ہیں۔ اور پھر صف کھڑی ہوئی ہے۔ تو حافظ صاحب سورۃ تمام ختم کرنے کو ہیں مسلمان بھائیو! خدا سے ڈرو۔ اور نماز تراویح کا یوں مذاق نہ اڑاؤ۔ اگر آپ صحابہ کی طرح فجر کے قریب تک نہیں پڑھ سکتے۔ تو کم از کم قرأت تو آرام سے پڑھاؤ۔ اور رکوع سجود اور قومہ جلسہ میں ایک ایک دو دو منٹ لگا کر نماز کا نام تو نماز رہنے دو! (صادق)

اور یہ چیز انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی میں اختیار کر رکھی تھی۔ پس ثابت ہوا کہ یہی رات کی نماز غیر رمضان میں تہجد کہلاتی تھی۔ اور وہی تہجد رمضان میں قیام رمضان کے حسین سرلپے میں تراویح کے نام سے پکاری جاتی تھی۔ جو خلفائے راشدین کے زمانہ سے لے کر آج تک مساجد میں باجماعت پڑھی جا رہی ہے

پھر یہ بات بھی یاد رکھیں۔ کہ محدثین نے اپنی اپنی کتاب میں اس نماز کے متعلق علیحدہ علیحدہ دو باب قائم کئے ہیں۔ سونے کے بعد اٹھ کر رات کو جو نماز حضورؐ پڑھتے تھے۔ اس کے لئے انہوں نے قیام اللیل کے نام سے باب باندھا ہے جس سے مراد نماز تہجد ہے۔ اور رمضان میں جو آپ نے رات کو نماز پڑھی ہے۔ اسکے متعلق قیام رمضان کا باب قائم کیا ہے۔ اور قیام رمضان تمام محدثین اور فقہاء کے نزدیک نماز تراویح سے مراد ہے؛

تہجد کی نماز کا ذکر، اس کے فضائل اور مسائل تمام کتب حدیث و فقہ میں آپ کو صلوٰۃ اللیل کے باب میں ملیں گے۔ اور ماہ رمضان میں جو حضورؐ نے تین شب صحابہؓ کو نماز پڑھائی تھی۔ اس کا ذکر آپ قیام رمضان کے باب میں پائیں گے۔ دیکھئے مشکوٰۃ اصح المطابع ص۱۰۵ پر باب "صلوٰۃ اللیل" ہے جس میں تہجد کا ذکر ہے۔ اور اسی کتاب کے ص۱۱۴ پر باب "قیام شہر

رمضان" ہے جس میں رمضان کے مہینہ میں حضورؐ کے تین شب نماز پڑھانے کا ذکر ہے۔ خشیت ان یکتب علیکم ماقمتم بہ فصلوا ایہا الناس فی بیوتکم (میں ڈرا کہ تمہارا یہ قیام رمضان (تراویح) تم پر فرض ہو جائیگا پس تم یہ نماز اپنے گھروں میں پڑھ لیا کرو)" یہ عبارت بھی باب قیام رمضان کے اندر ہی ہے۔ اب اس کی شرح "مرقاۃ" میں ملاحظہ فرمائیں۔ وفیہ بیان رافۃ لامۃ ودلیل علی ان التراویح سنۃ۔ حضورؐ کا یہ فرمانا کہ یہ نماز تم پر فرض نہ ہو جائے۔ اسلئے اپنے گھروں میں پڑھ لیا کرو، امت کے ساتھ رافت اور رحمت کی وجہ سے تھا۔ اور (تین شب پڑھانا) نماز تراویح کے سنت ہونے پر دلیل ہے!

شارحین حدیث بھی قیام رمضان کو نماز تراویح ہی کہتے ہیں اور رسولخداؐ کی سنت فرماتے ہیں۔ صحیح مسلم جلد دوم اصح المطابع ص ۲۵۳ پر صلوٰۃ اللیل کا باب ہے (تہجد) اور اسی کتاب کے ص ۲۵۹ پر "باب الترغیب فی قیام رمضان وہو التراویح" ہے۔ اسی باب میں حضورؐ کی یہ حدیث موجود ہے۔ من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ (جس شخص نے ایمان کیساتھ ثواب حاصل کرنے کی نیت سے رمضان میں قیام کیا۔ اس کے پچھلے گناہ بخش دیے جائینگے) قیام رمضان سے متعلق صحیح مسلم کے شارح علامہ نواوی فرماتے ہیں

والمراد بقیام رمضان صلوٰۃ التراویح (شرح مسلم) یعنی قیام رمضان سے مراد نماز تراویح ہے۔ اسی طرح صحیح بخاری جلد اول مطبع عثمانیہ مصر سنہ ۱۳۵۱ھ کے صفحہ ۲۴۰ پر باب "تہجد باللیل" علیحدہ ہے اور کتاب صلوٰۃ التراویح" جدا ہے۔ پھر "کتاب صلوٰۃ التراویح" کو باب "فضل من قام رمضان" کے نام سے بیان کیا گیا ہے۔ اور اسی باب میں حضورؐ کی تین شب والی نماز کا ذکر ہے۔ جو آپ نے رمضان میں پڑھائی تھی۔ اب سنن نسائی مطبع مجتبائی جلد اول صفحہ ۲۳۷ ملاحظہ ہو۔ یہاں باب "قیام اللیل" ہے۔ جو تہجد سے متعلق ہے۔ اور صفحہ ۲۳۵ پر باب ثواب من قام رمضان ایمانا واحتسابا" ہے اور اسی باب میں حضورؐ کی تین شب والی نماز کا ذکر ہے۔ جامع ترمذی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۵۴ میں ہے "ماجاء فی وصف صلوٰۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم باللیل" یعنی حضورؐ کی رات کی نماز کا باب (تہجد) اور صفحہ ۲۵ میں ہے" باب ماجاء فی قیام رمضان" جو تراویح سے متعلق ہے۔ اسی طرح ابن ماجہ میں "صلوٰۃ اللیل" کا باب علیحدہ ہے۔ اور "قیام شہر رمضان" کا علیحدہ۔ اسی ابن ماجہ مطبع علیمی صفحہ ۹۵ پر ہے۔ فقال شہر کتب اللہ علیکم صیامہ وسننت لکم قیامہ حضورؐ فرماتے ہیں۔ خدا نے رمضان کے روزے تم پر فرض کئے ہیں۔ اور اس کا قیام تم پر میں نے

Marfat.com

سنت کیا ہے۔ اب آپ یہ بات اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے۔ کہ نماز تہجد غیر رمضان میں پڑھی گئی ہے۔ اور تراویح رمضان المبارک میں ادا کیگئی ہے۔ چیز ایک ہی ہے۔ رکعات کی تعداد میں بھی کوئی فرق نہیں۔ جب غیر رمضان میں نیند سے جاگ کر پڑھیں گے۔ تو تہجد[1] کہلائے گی اور رمضان میں عشاء کے بعد مع وتر پڑھ لیں گے۔ تو قیام رمضان یعنی تراویح پکاری جائے گی۔

تراویح کا عددِ مسنون

یہ بات تو اوپر ثابت ہو چکی کہ نماز تراویح رحمتِ دو عالم کی سنت ہے۔ آپ نے پڑھائی ہے۔ اب ہم دیانتداری سے یہ بات واضح کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تراویح کتنی رکعت پڑھی ہیں؟ اس سے پہلے کہ تعیین تعدد کا اجالا تخمین و تشکیک کی ظلمت کو سیماب پا کرے ـــ قارئین کرام عصبیت، جانب داری اور اندھی تقلید کے بت کو توڑ پھوڑ دیں اور پھر خوفِ خدا کی کٹھالی میں زرِ ایمان کو جز رخ دیکر ایسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان کے موتیوں سے مرصّع کریں۔ ایسے ایمان کی روشنی میں آپ لیلائے مرام کو ضرور پالیں گے اور پھر

[1] تہجد ہجود سے ہے جسکے معنے نیند کے ہیں۔ تہجّد کے معنے ہیں نیند کو دور کرنا اور رات کی نماز کو تہجد اسلئے کہا جاتا ہے۔ کہ مشقت سے نیند سے بیدار ہونا پڑتا ہے (صادق)

Marfat.com

ہزار جان سے فریضہ ہو کر نقد ایمان اس کے حضور پیش کر دیں گے!

پیغمبر آخر الزماں سرور رسولاں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات سے متعلق خدا تعالیٰ تمام امت کو حکم دیتا ہے۔ وَمَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ — اور جو دے تم کو (مسئلہ مسائل اپنے قول فعل سے) رسول ص پس (بصد جان) پکڑ لو اس کو۔" اس آیت میں خدا تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول فعل، سنت اور حدیث کو قبول کرنے کا حکم دیا ہے۔ اب ہم ذیل میں رحمت دو عالم کے ارشادات پیش کر کے مسلمانوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ خدائی حکم کے ماتحت حضرت انور ص کے فرامین کو قبول کریں۔

یہ تو آپ پوری تشریح کے ساتھ اوپر ملاحظہ کر چکے ہیں۔ کہ صلوٰۃ اللیل نماز تہجد ہے۔ اور قیام رمضان سے مراد نماز تراویح ہے۔ اور یہ بھی پڑھ چکے ہیں۔ کہ رسول خدا نے تین شب تراویح پڑھائی تھی۔ اور پھر گھروں میں پڑھنے کا حکم دیا تھا۔ چنانچہ آپ کے فرمان کے مطابق لوگ اپنے اپنے گھروں میں تراویح پڑھتے رہے۔

تین شب کی تعداد رکعت

عن جابر رضی اللہ عنہ قال صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان ثمان رکعات ثم اوتر الحدیث (ابن حبان، ابن خزیمہ)

Marfat.com

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو (یعنی شب) رمضان میں آٹھ رکعت نماز (تراویح) پڑھائی پھر وتر پڑھے۔"

آٹھ تراویح کا نور

اس حدیث سے حضرت اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رمضان میں آٹھ تراویح پڑھانا ثابت ہوا۔ اس حدیث کی صحت کا یہ حال ہے کہ روئے زمین پر ایک محدث بھی ایسا نہیں گزرا جس نے اس کو ضعیف کہا ہو۔ یا کسی امام یا فقیہہ نے اس پر جرح کی ہو۔ یہ حدیث جرح، قدح، ضعف، اعتراض اور حرف گیری سے آب کوثر سے بڑھ کر پاک اور مہر نیمروز سے زیادہ صاف ہے۔ خدا نے فرمایا ہے کہ میرا رسول ص جو تمہیں دے وہ لے لو۔ اب خدا کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے آپ کو آٹھ تراویح دی ہیں۔ اخلاقی جرأت اور ایمانی تقاضے سے انہیں لے لیں۔ اور بغیر کسی پس و پیش اور حیل و حجت کے سنت کے نور سے قیام رمضان کو چار چاند لگا کر خدا کی خوشی کے سمندر میں قبولیت کی موجیں اٹھتی دیکھیں!

شاہ باز استدلال کی پرواز

آٹھ عدد کے ثبوت میں ہم ایک اور ایسی حدیث پیش کرتے ہیں کہ جس کی صحت کا ماہتاب آج تک گہن نا آشنا ہے۔ سوا لاکھ صحابہؓ بے شمار تابعین، تبع تابعین، لاکھوں محدث، امام، فقیہہ، مجتہد اور (ان

Marfat.com

اولیاء اللہ تمام زندگی حدیث کے نصابِ حسن کی زکوٰۃ لیتے رہے ہیں۔
اور اسی حدیث کی برقی رواُن کے قیام رمضان کی روح و رواں تھی!
اس حدیث کو سننے سے پہلے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجیے۔ تاکہ آپ پر خدا کی رحمت نازل ہو۔ اور توفیقِ قبول میسر آئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

وَعَنْ اَبِیْ سلمۃ بن عبد الرحمٰن انہ سأل عائشۃ رضی اللہ عنہا کیف کانت صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان فقالت ماکان یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ الحدیث (صحیح بخاری۔ باب قیام رمضان)

ابوسلمہ بن عبد الرحمٰنؓ روایت کرتے ہیں۔ کہ انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے دریافت کیا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز رمضان میں کیونکر تھی؟ (یعنی آپ نماز تراویح کتنی رکعت پڑھتے تھے) حضرت عائشہؓ نے جواب دیا۔ کہ آپ گیارہ رکعت (آٹھ اور تین وتر) سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔ رمضان ہوتا یا نہ ہوتا"

Marfat.com

ملاحظہ :- اس حدیث میں مندرجہ ذیل امور مومن قانت کے لئے قابل غور ہیں :-

(۱) سائل نے حضرت عائشہؓ سے رحمت دو عالم ؐ کی نماز تراویح کی تعداد رکعت دریافت کی ۔ اس پر حضرت عائشہؓ نے گیارہ رکعت فرمائیں

(۲) حضرت عائشہؓ سے بڑھ کر تمام صحابہؓ اور صحابیاتؓ میں حضورؐ کی نماز شب کی کیفیت کوئی نہیں جانتا تھا ۔ اس لئے گیارہ رکعت کا عدد اپنی صحت میں لاثانی ہے ۔ اور اسی لئے یہ حدیث صحت کے لحاظ سے اتنی بلند پایہ ہے کہ نہ صرف جرح سے ہی محفوظ ہے ۔ بلکہ اس کی حقیقت حسن پر تمام امت کا اجماع ہے ؎

وا کر دیئے ہیں شوق نے بندِ نقاب حسن
غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا

(۳) پھر یہ حدیث امام بخاریؒ "قیام رمضان" میں لائے ہیں جس کا صاف یہ مطلب ہے ۔ کہ نماز تراویح کا عدد مسنون گیارہ رکعت ہی ہے ۔ اور یہ حدیث بخاری شریف باب قیام اللیل میں بھی ہے جس سے حضورؐ کی تہجد کا غالب معمول بھی گیارہ رکعت معلوم ہوا ۔ اور دو اور دو چار کی طرح یہ بھی اظہر من الشمس ہوگیا ۔ کہ آپ کی رات کی نماز گیارہ رکعت (مع وتر) تھی ۔ رمضان میں بھی ۔ اور غیر رمضان میں بھی ۔ غیر رمضان میں اسکو تہجد کہتے تھے

اور رمضان میں، قیام رمضان یا تراویح کے نام سے موسوم تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و محبت ــــ جان، مال، اولاد، اور سارے جہان سے بڑھ کر کرنے والو! کیا آپ کی سنت پاک۔ آٹھ رکعت تراویح قبول ہے؟ خدا کے حکم فَخُذُوْہُ سے سر آنکھوں پر منظور ہے؟ سنیت کی شراب طہور سے سیرابی ایمان چاہتے ہیں؟ یاد رہے۔ کہ جتنی عزت اور محبت حضورؐ کی ہمارے دل میں ہے۔ بالکل اتنی ہی آپ کے قول و فعل اور فرمان و ارشاد کی ہونی چاہیئے!! اعتقاداً بھی اور عملاً بھی!! بلاخوف لومۃ لائم ــــ"

امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد امام محمدؒ کا نعرۂ حق

لاکھوں پر بھاری گواہی امام المتقین سراج السالکین حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے صاحب، شاگرد رشید، فقیہہ احناف حضرت امام محمدؒ اپنی مایۂ ناز کتاب "موطا امام محمدؒ" میں یوں باب باندھتے ہیں:۔

بَابُ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ

رمضان میں تراویح پڑھنے کا بیان

اس باب کے نیچے حضرت عائشہ صدیقہؓ والی متذکرۃ الصدر حدیث یوں

لکھتے ہیں:۔ لہ

اَخْبَرَنَا مَالِكٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهٗ سَاَلَ عَائِشَةَ كَيْفَ كَانَتْ صَلٰوةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ قَالَتْ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَزِيْدُ فِيْ رَمَضَانَ وَلَا فِيْ غَيْرِهٖ عَلٰى اِحْدٰى عَشَرَةَ رَكْعَةً يُصَلِّيْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ اَرْبَعًا فَلَا تَسْاَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ يُصَلِّيْ ثَلٰثًا — (موطا امام محمد)

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰنؒ سے روایت ہے۔ انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضہ سے دریافت کیا۔ کہ رمضان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کیونکر تھی؟ (یعنی حضورؐ تراویح کتنی رکعت پڑھتے تھے؟) حضرت عائشہؓ نے جواب دیا۔ (ابوسلمہؓ!) رمضان اور غیر رمضان میں آپ گیارہ رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے! (آٹھ تراویح اور تین وتر) حضورؐ کی نماز تراویح پڑھنے کی یہ کیفیت تھی کہ) چار رکعتیں پڑھتے تھے تو ان کی خوبی اور درازی کا حال مت پوچھ (کہ میں بیان نہیں

لہ یہ حدیث لفظ بلفظ صحیح بخاری باب قیام رمضان میں بھی موجود ہے۔ (صادق)

Marfat.com

کرسکتی !) پھر پڑھتے تھے چار رکعتیں۔ (ابوسلمہ رض !) ان کے حسن و طول[1] کا حال نہ پوچھ (مجھ سے بیان نہیں ہوسکتا !) پھر (ان آٹھ رکعتوں کے بعد) تین رکعتیں (وتر) پڑھتے تھے۔" (موطا امام محمد)

تحقیق کا شمس نیم روز جب سورج نکل آئے اور تمام دنیا میں اجالا ہو جائے۔ تو کیا کوئی رات کا شک کرسکتا ہے ؟ پھر جو کوئی دن کے بارہ بجے بھی رات کا شبہ کرے آپ اس کے متعلق کیا رائے قائم کریں گے ؟ حضرت امام محمد حنفی رحمۃ اللہ علیہ کو خدا کروٹ کروٹ جنت دے۔ آپ قیامت تک کے حنفیوں کو تراویح کا عدد مسنون (گیارہ رکعت) بتا گئے ہیں جس طرح امام بخاری رح حدیث مذکور کو قیام رمضان کے باب میں لاکر تراویح گیارہ رکعتیں ثابت کر گئے ہیں۔ بالکل اسی طرح تمام

[1] حضور ص کی نماز تراویح کا حسن و طول تو بیان نہیں ہوسکتا۔ امام اور مقتدی آجکل جو ظلم نماز تراویح پر توڑتے ہیں۔ یہ دردناک منظر بھی بیان سے باہر ہے ! بھائیو ! سوچو کہ یہ طمانیت نا آشنا، عجلت برپا، تراویح پراں کس طرح شرف قبول پائے گی ؟ سنو ! تراویح اطمینان اور آرام سے پڑھو۔ رکوع، سجود، قومہ اور جلسہ میں کم از کم ایک ایک منٹ تو صرف کرو۔ کہ یہ چیزیں ارکان نماز ہیں۔ ان کی عدم طمانیت مبطل نماز ہے ! (صادق)

Marfat.com

حنفیوں کے مسلمہ فقیہہ حضرت امام محمدؒ حدیث بالا کی شراب طہور صرف گیارہ جاموں میں بھر کر برادران احناف کو پلا گئے ہیں اب سنیّت کے نقطہ نظر سے ایک قطرہ بھی "خمِ حدیث" میں باقی نہیں رہا۔ موطا امام محمد میں تراویح کے باب میں گیارہ رکعت والی حدیث پڑھنے کے بعد کیا کوئی حنفی گیارہ رکعت تراویح کا انکار کر سکتا ہے؟ خدا خوف۔ دیندار۔ ضد، ہٹ، عصبیت، اور دھڑے بندی پر نفرین بھیجنے والا یقیناً گیارہ عدد کی سنّیت کا دالہ و شیدا ہو جائے گا۔ ہاں "اصحابُ البطون" سادہ لوحانِ امت کو دام آزہیں لانے کے لئے کئی طرح کے حیلے دیں گے ـــ وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُورِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا ـــ!

حضرت عمرؓ کا گیارہ رکعت کا حکم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پاک سے لیکر خلافت فاروقی کے شروع تک لوگ تراویح گھروں میں ہی پڑھتے رہے آخر حضرت عمرؓ کے حکم سے تراویح مسجدوں میں باجماعت پڑھی جانے لگی۔ چنانچہ موطا امام مالکؒ میں ہے:۔

عن السائب بن يزيد انه قال امر عمر بن الخطاب ابي بن

کعب وتمیما الداری ان یقوما للناس باحدی عشر رکعۃ۔
(موطا امام مالکؒ)

سائب بن یزید سے روایت ہے۔ کہ حضرت عمرؓ نے ابی بن کعب اور تمیم داری کو حکم دیا۔ کہ لوگوں کو گیارہ رکعت تراویح پڑھایا کریں"۔

یہ حدیث بھی "باب قیام رمضان" میں ہے۔ اور بے داغ، اور غیر مجروح ہے۔ کسی نے اس پر نہ اعتراض کیا ہے۔ اور نہ ضعیف کہا ہے۔ غور کا مقام ہے۔ کہ رحمت دو عالمؐ کے وقت سے لیکر خلافت فاروقی کے صدر تک جو نماز تراویح گھروں میں پڑھی جاتی تھی جب حضرت عمرؓ نے اسی نماز تراویح کی گیارہ رکعت کو مسجدوں میں باجماعت ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ تو فرمایئے کہ سنیت کے عدد کی تعیین میں اب کیا کسر رہ گئی ہے؟ اب بھی شک باقی ہے؟
یاد رکھیں۔ کہ جس طرح حضرت عمرؓ نے نماز تراویح مسجد میں پڑھنے کا حکم دیکر سنت کو جاری کیا۔ اسی طرح گیارہ رکعت کی مسنون تعداد کو بھی سابقہ ہی آشکارا کیا۔ اگر آپ لوگ حضرت عمرؓ کے فرمان پر مسجدوں میں تراویح پڑھنے لگ گئے ہیں تو انکے اسی فرمان کے ایک حصہ ــ گیارہ رکعت پر عمل کرنے سے کیوں ہچکچاتے ہیں؟ ارشاد فاروقی کے ایک حصہ پر ایمان اور دوسرے

Marfat.com

کا انکار! انصاف! اسے

شرح اسباب گرفتاری خاطر مت پوچھ
اسقدر تنگ ہوا دل کہ میں زنداں سمجھا

علامہ ابن ہمام حنفیؒ کا فتویٰ شیخ ابن ہمام حنفیؒ ایک بہت بلند پایہ امام ہوئے ہیں۔ آپ تحریر فرماتے ہیں: فتحصل من هذا ان قیام رمضان احدی عشرۃ رکعۃ بالوتر فی جماعۃ فعلہ علیہ السلام (فتح القدیر)

"حاصل کلام یہ کہ قیام رمضان (نماز تراویح) گیارہ رکعت مع وتر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔"

نوٹ:۔ فرمائیے کیا خیال ہے تراویح کے عدد مسنون کے متعلق؟ اب تو فقہ کے ایک جلیل القدر امام شیخ ابن ہمامؒ نے پوری دیانتداری سے گیارہ رکعت کو رسولِ خدا ﷺ کی سنت قرار دیا ہے۔ حنفی بھائیو! سوچو سمجھو غور کرو۔ اور ان علماء کی مخادعت سے بچو جن کا کیلوس و کیموس آپ کی روٹیوں کا منت پذیر ہے! ہم نے دلائل سے آپ کو یقین دلا دیا ہے کہ صرف گیارہ رکعت تراویح ہی سرورِ دو عالم ﷺ کی سنت ہے!

رسول پاک کے سامنے گیارہ رکعت حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ابی بن کعبؓ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رمضان میں حاضر ہوئے۔ اور عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول! آج رات کو ایک بات

Marfat.com

بات ہو گئی۔ آپ نے فرمایا۔ کیا بات ہوئی؟ ابی بن کعب نے کہا میرے گھر کی عورتوں نے کہا کہ ہم قرآن نہیں پڑھتی ہیں۔ اسلئے ہم تمہارے پیچھے نماز (تراویح) پڑھیں گی۔ فصلیت بھن ثمان رکعات والوتر فسکت عنہ وکان شبہ الرضا۔ پھر میں نے انہیں آٹھ رکعات تراویح اور وتر (تین) پڑھادئے۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے گویا آپ نے اس امر کو پسند فرمایا (قیام اللیل امام مروزی)

(نوٹ) اب تو کسی مزید اطمینان کی ضرورت باقی نہیں رہی جب کہ حضورؐ کی حیات پاک میں گیارہ رکعت تراویح کا پڑھنا ثابت ہو گیا۔ حضورؐ نے گیارہ رکعت کو سن کر پسند فرمایا۔ بس یہی وہ عدد مسنون ہے۔ جو حضرت عمرؓ نے تراویح باجماعت کے ساتھ مساجد میں جاری کیا۔ اس سے بڑھ کر ہم آپ کی اور کیا تسلی کریں۔ خدا تعالےٰ ہم سب کو مسنون امر کی پیروی کی توفیق دے۔ اور ایسے لوگوں سے بچائے۔ جو نفس کی شہ پر لوگوں کو مغالطہ دیتے ہیں ؎

صاف دردی کش پیمانہ جم ہیں ہم لوگ
وائے وہ بادہ کہ افشردہ انگور نہیں

Marfat.com

لیلۃ القدر

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ أَدْرَىٰكَ
مَا لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ ٱلْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ
شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ وَٱلرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ
رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ ﴿٤﴾ سَلَٰمٌ قف هِىَ حَتَّىٰ
مَطْلَعِ ٱلْفَجْرِ ﴿٥﴾ (پ ۳۰)

ہم نے اتارا اس (قرآن) کو لیلۃ القدر میں اور تو نے کیا سمجھا کہ لیلۃ القدر کیا ہے؟ لیلۃ القدر (کی عبادت) ہزار ماہ (کی عبادت) سے بہتر ہے! (برابر) اترتے ہیں سب فرشتے اور روح اس رات میں اپنے رب کے حکم سے ہر کام پر، سلامتی (اور امن کی) ہے وہ رات طلوع صبح تک۔"

ملاحظہ:- لیلۃ القدر میں نزول قرآن کا مطلب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یوں مروی ہے۔ کہ خدا تعالیٰ نے قرآن مجید کو (ماہ رمضان کے اندر) لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے آسمان دنیا (فلک الاول) کی طرف اتار کر بیت العزت میں رکھ دیا۔ اور پھر

Marfat.com

وہاں سے تھوڑا تھوڑا بذریعہ وحی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تیئیس سال کے عرصہ میں پورا کیا۔ (ابن جریر۔ بیہقی)

لیلۃ القدر کا مفہوم

قدر کے معنی بزرگی، شرافت، منزلت عزت، بڑائی اور مرتبہ کے ہیں۔ چونکہ اس رات میں خدا کا آخری پیغام — قرآن پاک — قیامت تک کے لوگوں کی ہدایت و فلاح کے لئے نازل ہوا۔ اس لئے شرف و منزلت کے لحاظ سے اسے لیلۃ القدر کہتے ہیں۔ یعنی نزول قرآن نے اس رات کو قدر و منزلت عطا کی۔ اور اس لئے بھی لیلۃ القدر کہتے ہیں۔ کہ اس رات کی عبادت اور طاعت کی خدا کے نزدیک بے حد قدر ہے!

پھر اس نہایت قدر کی رات کے متعلق۔ مَاۤ اَدْرٰکَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ — سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو آگاہ فرمایا کہ تونے کیا سمجھا۔ کہ لیلۃ القدر کیا ہے؟ اور حضور انور کو خطاب کر کے امت کو لیلۃ القدر کی قدر دانی کے لئے متنبہ کیا۔ فرمایا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَہْرٍ۔ لیلۃ القدر ہزار ماہ سے بہتر ہے۔ یعنی شب قدر کی (ایک رات کی) عبادت ہزار مہینوں (جن میں لیلۃ القدر نہ ہو) کی عبادت سے جس میں وہ

Marfat.com

کو روزہ اور رات کو قیام ہو، بہتر ہے۔ جس طرح امت مرحومہ کو خدا تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائے۔ قرآن کا زندہ معجزہ بخشا۔ اسی طرح لیلۃ القدر کی خصوصی نعمت عظمیٰ سے سرفراز فرمایا۔ غور کریں کہ صرف ایک رات کی عبادت امم سابق کے ہزار مہینہ کے دائمی صائم اور شب زندہ دار کی طاعت۔ اور عبادت سے ثواب اور اجر میں زیادہ ہے!

لیلۃ القدر کی قیمت

لیلۃ القدر ہر سال آتی ہے۔ صرف ایک لیلۃ القدر کی خلوص بھری طاعت ہزار مہینوں — تراسی سال چار ماہ — (جن میں لیلۃ القدر نہ ہو) کی عبادت صوم نہار اور قیام لیل سے ثواب میں بڑھ کر ہے۔ تو فرض کریں کہ اگر موحد مومن اپنی عمر میں کم از کم بیس مرتبہ لیلۃ القدر پاتا ہے (پانے سے مراد شب بھر قرآن اور نوافل پڑھنا اور ذکر الٰہی کرنا ہے) تو خدائے تواب ایسے شخص کو ایک ہزار چھ سو چھیاسٹھ سال آٹھ ماہ کی بندگی کا اجر عطا فرمائے گا اور جو لوگ ساٹھ ستر برس کی عمریں پاتے ہیں۔ ان کو تیس چالیس شب ہائے قدر بہ آسانی میسر آسکتی ہیں۔ اگر وہ ان راتوں کو زندہ رکھیں۔ تو کُنتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ کے خطاب یافتہ

امم سابقہ کی اعمار کے مقابلہ میں باوجود کم سن ہونے کے تین تین ہزار سال کی عبادت کا ثواب حاصل کر لیں گے۔ وَذَالِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ!

شب قدر کی فضیلت

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ ماہ رمضان کی آمد پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے لوگو! رمضان کا مہینہ آگیا۔ یہ مبارک مہینہ ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اس مبارک مہینہ کا روزہ تم پر فرض کیا ہے۔ اس چاند میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ شیاطین زنجیروں میں جکڑے جاتے ہیں اس میں ایک رات ہے۔ جو ہزار ماہ سے افضل ہے۔ جو کوئی اس رات کی خیر سے محروم رہا وہ محروم ہے (رواہ احمد والنسائیؒ)

اور حضرت ابی ہریرہ رضؓ کی ایک روایت بخاری مسلم میں ہے حضور انورؐ فرماتے ہیں۔ جس نے لیلۃ القدر کو ایمان ویقین، اور طلب ثواب کی خالص نیت کے ساتھ قیام کیا۔ تو اس کے سب پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں (اور خدا کے وعدہ "الف شہر" کے مطابق ثواب وافر ملے گا)

برق رفتار رمضان کا چترِ رحمت سایہ فگن ہے۔ وحشتِ شبہائے اواخر ماہ میں لیلائے لیلۃ القدر قدم رنجہ فرماتی ہے۔ یارانِ تیز گام محمل کو جالیں!

لیلۃ القدر میں حضرت جبریل علیہ السلام فرشتوں کیساتھ اترتے ہیں۔ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ۔ شب قدر میں فرشتے اور روح (حضرت جبریل) اپنے رب کے حکم سے اترتے ہیں!

تَنَزَّلُ دراصل تَتَنَزَّلُ ہے۔ تَتَفَعَّلُ کے وزن پر۔ اور یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ملائکہ سب کے سب یکبارگی نہیں اترتے۔ بلکہ گروہ گروہ اور فوج فوج ہو کر نازل ہوتے ہیں حضرت ابی ہریرہ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لیلۃ القدر میں فرشتے زمین پر کنکریوں کے شمار سے زیادہ ہوتے ہیں! (ابو داؤد)

اور — الرُّوْحُ سے مراد حضرت جبریل علیہ السلام ہیں[1]

[1] ابن کثیر

حضرت انس رض کی ایک مرفوع روایت میں آیا ہے۔ کہ حضرت جبریل علیہ السلام (خدا کے حکم سے) ایک فرشتوں کی جماعت سے لیلۃ القدر میں اترتے ہیں۔ اور ہر بندہ، جو تلاوت ___ ذکر ___ یا نماز میں ہوتا ہے، اس کو اللہ تعالےٰ کی طرف سے درود و سلام پہنچاتے ہیں۔ (بیہقی)

اگرچہ غیر رمضان میں بھی فرشتے اترتے ہیں۔ جیسا کہ نماز فجر اور عصر کی فضیلت کی حدیث ___ ملائکہ لیل اور ملائکہ نہار ___ میں فرشتوں کے نزول کا ذکر آتا ہے۔ لیکن رمضان اور غیر رمضان میں فرشتوں کے اترنے میں یہ فرق ہے کہ غیر رمضان میں فرشتے رحمت اور عذاب دونوں قسم کے احکام سے اترتے ہیں اور لیلۃ القدر میں تمام فرشتے صرف رحمتوں، برکتوں، نیکیوں اور بخششوں کی موسلا دھار بارش لے کر آتے ہیں!

مِنْ كُلِّ أَمْرٍ ___ سے اس امر کا پتہ چلا۔ کہ فرشتے ہر قسم کے امور کیساتھ اترتے ہیں۔ بڑے بڑے اہم کاموں کا پروگرام لے کر آتے ہیں۔ اس سے لیلۃ القدر کی اہمیت خوب اجاگر ہوتی ہے!

سَلَامٌ هِيَ حَتَّىٰ مَطْلَعِ الْفَجْرِ ___ کا یہ مطلب ہے۔ کہ لیلۃ القدر

Marfat.com

کو ہر قسم کی آفات و بلیات سے امن و امان ہے یا یہ رات میں صبح تک سلامتی ہی سلامتی ہے۔ یہ رات خیر ہی خیر سے بھری ہے۔ مومنوں کو اللہ تعالےٰ کی طرف سے سلام کثیر ہے۔ شب قدر میں خدائے قدوس آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے۔ غافر ذنوب، صاحب عرش عظیم تمام شب جلوہ فرما رہتا ہے اسکی نعمتوں بخششوں اور رحمتوں کی گھنگھور گھٹائیں جھوم جھوم کر برستی ہوئی۔ سپیدۂ صبح نمودار ہوتے چھٹ جاتی ہیں!

لیلۃ القدر رمضان میں ہے

خدا نے فرمایا۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِىٓ أُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ (پ ۲) رمضان کے مہینہ میں قرآن اتارا گیا۔" پھر فرمایا۔ إِنَّآ أَنْزَلْنٰهُ فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ (پ ۳۰) ہم نے قرآن لیلۃ القدر میں اتارا۔" پس ثابت ہوا کہ لیلۃ القدر رمضان میں ہے!

رمضان کے آخری عشرہ میں ہے

وَعَنْ أَبِىْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوَّلَ مِنْ رَمَضَانَ ثُمَّ اعْتَكَفَ الْعَشْرَ الْأَوْسَطَ فِىْ قُبَّةٍ تُرْكِيَّةٍ ثُمَّ أَطْلَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ إِنِّىْ اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْأَوَّلَ أَلْتَمِسُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ

Marfat.com

ثُمَّ اَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوْسَطَ ثُمَّ اُتِيْتُ فَقِيْلَ لِيْ اِنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ . . . (بخاری ۔ مسلم)

حضرت ابی سعیدؓ روایت کرتے ہیں (کہ شب قدر کی تلاش میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے پہلے عشرہ میں اعتکاف کیا۔ پھر حضورؐ نے درمیانی عشرہ میں (دسویں سے بیسویں روزے تک اعتکاف کیا۔ ترکی خیمہ میں۔ پھر سر (خیمہ سے) باہر نکال کر فرمایا۔ کہ میں نے لیلۃ القدر کی تلاش میں رمضان کے پہلے دس روز اعتکاف کیا (لیکن لیلۃ القدر کو نہ پایا) پھر درمیانی عشرہ میں اعتکاف کیا (پھر بھی لیلۃ القدر نہ پائی) آخر (جبرئیل) فرشتے نے میرے پاس آکر کہا۔ کہ لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرہ میں ہے۔" (بخاری مسلم)

آخری عشرہ کی طاق راتوں میں ہے

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّوْا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْوِتْرِ مِنَ الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ ۔ (بخاری)

حضرت عائشہؓ روایت کرتے ہوئے کہتی ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لیلۃ القدر کو رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔" (بخاری)

Marfat.com

یعنی ـــ اکیسویں، تیئسویں، پچیسویں، ستائیسویں اور انتیسویں راتوں میں شب قدر کو تلاش کرنا چاہیئے۔ تلاش کرنے کا یہ مطلب ہے کہ ان پانچوں راتوں کو لیلۃ القدر کا ثواب حاصل کرنے کی نیت سے زندہ رکھنا چاہیئے۔ اور زندہ رکھنا یہ ہے۔ کہ تمام رات قرآن پڑھنے، نوافل ادا کرنے، زبان کو خدا کی تسبیحوں اور استغفار سے تر رکھنے میں گزاریں!

ستائیسویں شب کا تعین بعض لوگ رمضان کی ستائیسویں شب کو لیلۃ القدر قرار دیتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ ہم کسی ایک رات کو لیلۃ القدر متعین نہیں کر سکتے کیونکہ لیلۃ القدر ان پانچ راتوں میں پھر پھر کر آتی ہے کسی سال اکیسویں شب کو شرف بخشتی ہے۔ کسی سال تیئسویں میں جلوہ فرما ہوتی ہے۔ کبھی پچیسویں میں نور افشانی کرتی ہے۔ بعض سال ستائیسویں کو سحاب رحمت لاتی ہے۔ اور کبھی انتیسویں شب قرار پا جاتی ہے۔ غرض ان پانچ راتوں میں سے اللہ تعالیٰ کسی ایک پر لیلۃ القدر کا حکم لگا دیتا ہے۔ اور پھر وہ رات "خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ" کے حکم میں ہو جاتی ہے۔ اسلئے بہتر ہے۔ کہ ہم کسی ایک رات کو شب قدر متعین نہ کریں۔ بلکہ سب میں برابر شب خیزی کریں۔ ایسا کرنے میں وہ عظیم الشان

Marfat.com

فائدے مضمر ہیں۔ ایک یہ کہ پانچوں راتوں میں قیام کرنے سے جولسنی ان میں لیلۃ القدر ہوگی — ضرور زندہ ہوکر خدا کے وعدہ کے مطابق اجر کا باعث بن جائے گی۔ اور دوسرا فائدہ یہ ہے۔ کہ چونکہ شب خیز نے ہر رات میں لیلۃ القدر کی نیّت سے قیام کیا ہے۔ اس لئے اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ کے حکم سے باقی چار راتیں بھی اس کے لئے عند اللہ لیلۃ القدر کا درجہ پائیں گی۔ اور اس طرح قائم اللیل ہر سال پانچ شب ہائے قدر کا ثواب حاصل کرے گا۔

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں بہت زیادہ عبادت کرتے تھے۔ حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں۔

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْتَهِدُ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مَا لَا يَجْتَهِدُ فِيْ غَيْرِهٖ (مسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (عبادت میں) رمضان کے آخری عشرہ میں اس قدر کوشش کرتے تھے کہ سوائے اسکے (اتنی) نہ کرتے"

صدیقہ کبریٰ رضی اللہ عنہا سے ایک روایت بخاری مسلم میں ان الفاظ سے آئی ہے:۔

اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ شَدَّ مِيْزَرَهٗ وَاَحْيٰى لَيْلَهٗ وَ اَيْقَظَ اَهْلَهٗ (متفق علیہ)

جب رمضان کا آخری عشرہ آتا۔ تو حضورؐ تہ بند کس لیتے کنایہ ہے کوشش سے، اور زندہ کرتے رات کو۔ اور عبادت کے لئے جگاتے اہل اپنے کو۔"

سب راتوں میں تلاش کرو

وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلْتَمِسُوْھَا یَعْنِیْ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ فِیْ تِسْعٍ یَبْقَیْنَ اَوْ فِیْ سَبْعٍ یَبْقَیْنَ اَوْ فِیْ خَمْسٍ یَبْقَیْنَ اَوْ ثَلٰثٍ یَبْقَیْنَ اَوْ اٰخِرِ لَیْلَۃٍ (ترمذی)

"تلاش کرو (تلاوت۔ نوافل اور ذکر کے ساتھ) لیلۃ القدر کو انتیسویں شب میں یا ستائیسویں شب میں یا پچیسویں شب میں یا تئیسویں شب میں۔ یا اکیسویں شب میں۔"

لیلۃ القدر تئیسویں رات میں

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ اُنَیْسٍ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ لِیْ بَادِیَۃً اَکُوْنُ فِیْھَا بِحَمْدِ اللّٰہِ فَمُرْنِیْ بِلَیْلَۃٍ اَنْزِلُھَا اِلٰی ھٰذَا الْمَسْجِدِ فَقَالَ اَنْزِلْ لَیْلَۃَ ثَلٰثٍ وَّعِشْرِیْنَ (ابوداؤد)

عبداللہ بن انیس رضؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا۔ اے

خدا کے رسول! میرا گھر جنگل میں ہے۔ اور میں وہیں رہتا ہوں۔ اور بحمد اللہ (میں نماز وغیرہ بھی وہاں ہی پڑھتا ہوں) پس آپ مجھے ایک رات کا (جو آخری عشرہ کی طاق راتوں میں سے لیلۃ القدر ہو) کا حکم فرمائیں۔ تاکہ (اس ایک رات کو زندہ کرنے کی نیت سے) مسجد (نبوی) میں اتروں۔ حضور ص نے فرمایا۔ تئیسویں شب کو (بہ نیت لیلۃ القدر) مسجد میں اُترو۔"

ملاحظہ:۔ عبداللہ بن انیس نے لیلۃ القدر کے تعین سے سوال کیا۔ کہ اس رمضان میں شب قدر کون سی ہے؟ حضرت انور کو بذریعہ وحی معلوم ہو گیا۔ کہ اس سال تئیسویں کو ہو گی اسلئے وضاحت فرمادی!

لیلۃ القدر اکیسویں شب میں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرہ میں معتکف تھے۔

آپ ارشاد فرماتے ہیں:۔ فَقَدْ اُرِيْتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ ثُمَّ اُنْسِيْتُهَا وَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اَسْجُدُ فِيْ مَاءٍ وَّطِيْنٍ مِنْ صَبِيْحَتِهَا ــــــ

مجھے شب قدر کا تعین خواب میں دکھایا گیا۔ (لیکن پھر بھلا دیا گیا اور میں نے (خواب میں) اپنے تئیں دیکھا۔ کہ لیلۃ القدر کی صبح کو کیچڑ میں سجدہ کرتا ہوں۔"

Marfat.com

راوی حدیث ابی سعید خدریؓ کہتے ہیں:۔

فَمَطَرَتِ السَّمَاءُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَكَانَ الْمَسْجِدُ عَلٰى عَرِيْشٍ فَوَكَفَ الْمَسْجِدُ فَبَصُرَتْ عَيْنَايَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى جَبْهَتِهٖ اَثَرُ الْمَاءِ وَالطِّيْنِ مِنْ صُبْحَةِ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ (متفق علیہ)

ابوسعید کہتے ہیں جس رات حضورؐ نے لیلۃ القدر کو دیکھا۔ اسی رات مینہ برسا اور مسجد کی چھت (جو شاخ خرما کی بنی ہوئی تھی) ٹپکی اور میں نے حضرت انورؐ کی پیشانی مبارک پر کیچڑ کا نشان دیکھا۔ (جو مسجد کے ٹپکنے اور آپکے سجدہ کرنے سے پیشانی پر لگ گیا تھا) اکیسویں شب کی صبح کو۔"

حاصل کلام یہ کہ جس رات حضورؐ نے شب قدر کو خواب میں دیکھا تھا۔ تو یہ بھی دیکھا تھا کہ آپ شب قدر کی صبح کو پانی اور مٹی (کیچڑ) میں سجدہ کرتے ہیں۔ یعنی لیلۃ القدر کو بارش کا ہونا بھی دیکھا تھا اور اس کی صبح کو کیچڑ میں سجدہ ریزی بھی فرمائی۔ لیلۃ القدر کا تعین اگرچہ بھول گئے۔ لیکن اس کے نشانات موجود تھے۔ راوی حدیث ان علامات کی بنا پر کہتے ہیں کہ وہ اکیسویں شب تھی (معلوم ہوا۔ اس سال اکیسویں کو شبقدر واقع ہوئی!

لیلۃ القدر ستائیسویں شب میں

زر بن حُبیش نے حضرت ابی بن کعب کو لیلۃ القدر کے تعین سے سوال کیا

حضرت ابی بن کعبؓ نے قسم کھا کر کہا..... اِنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّ عِشْرِيْنَ۔ تحقیق شب قدر ستائیسویں رات ہے۔" ابن حبیش نے کہا۔ بِاَيِّ شَيْءٍ تَقُوْلُ ذَالِكَ۔ تم یہ (تعین) کس دلیل سے کہتے ہو حضرت ابیؓ نے جواب دیا۔ بِالْاٰيَةِ الَّتِيْ اَخْبَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا تَطْلُعُ يَوْمَئِذٍ لَّا شُعَاعَ لَهُ۔ (مسلم)

میں ان علامات سے کہتا ہوں۔ جن کی ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی۔ کہ اس دن آفتاب مدھم روشنی کے ساتھ نکلتا ہے۔ (اور میں نے ستائیسویں شب کی صبح کو اسی طرح نکلتے دیکھا تھا)

ملاحظہ:۔ حضرت ابی بن کعبؓ نے حضورؐ انور کی فرمودہ علامات سے تعین کیا۔ کہ ستائیسویں کو شب قدر ہوئی۔ اور اس سال ستائیسویں کو ہی ہوئی ہو گی!

تعین نہیں کر سکتے

ہم لیلۃ القدر کا تعین نہیں کر سکتے۔ بلکہ پانچوں طاق راتوں کو زندہ کرنا چاہیئے۔ حضرت عبادہ بن صامت کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں لیلۃ القدر کی (تعیین کی) خبر دینے کو نکلے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ میں تمہیں شب قدر کی خبر دینے نکلا۔ فَوُفِعَتْ۔

Marfat.com

— پھر اس کی پہچان اٹھالی گئی (یعنی اس کا تعین میرے دل سے اٹھ گیا) اور شاید یہ تمہارے لئے بہتر ہو۔ فَالْتَمِسُوْهَا فِي التَّاسِعَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالْخَامِسَةِ۔ پس تم تلاش کرو اس کو انتیسویں، اور ستائیسویں اور پچیسویں رات میں (بخاری)

لیلۃ القدر کی عبادت

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں۔ کہ میں نے حضور انورؐ کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ اگر میں شب قدر کو پاؤں۔ تو اس میں کیا دعا مانگوں۔ حضورؐ نے فرمایا۔ قُوْلِي یہ دعا مانگ:۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ (رواہ احمد)

الٰہی تو معاف کرنے والا ہے، معاف کرنے کو دوست رکھتا ہے۔ پھر مجھے معاف کر دے!

حدیث شریف میں آتا ہے۔ کہ لیلۃ القدر کو حضرت جبرئیل علیہ السلام مع جماعت ملائکہ اس شخص پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ اور اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ جو شب قدر کو کھڑے یا بیٹھے خدا کو یاد کرتا ہو۔ الفاظ یہ ہیں۔ يصلون على كل عبد قائم او قاعد يذكر الله عزوجل (بیہقی)

خضوع وخشوع سے عبادت

پس لیلۃ القدر کو نہایت خضوع وخشوع سے تعدیل ارکان کی رعایت کے ساتھ کھڑے ہو کر نوافل پڑھنے چاہئیں۔ نماز تسبیح سے لیلۃ القدر میں جان ڈالنی چاہیئے۔ پھر بیٹھ کر تلاوت قرآن سے شب قدر کو زندہ کریں۔ اور قرآن کی تلاوت اس طرح کریں۔ کہ گویا آپ خدا تعالیٰ سے باتیں کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ خدا کے محبوب کلموں کو کثرت سے پڑھتے ہوئے خدا کو راضی اور میزان کو بھاری کریں۔ وہ کلمے یہ ہیں:۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ؕ

اور دعائے عائشہؓ فوق الذکر کے ذکر کثیر سے دین و دنیا کی فوز و فلاح حاصل کریں۔ اپنے محسن اعظم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خدا سے رحمتیں مانگیں۔ یعنی درود شریف پڑھیں۔ کہ حضورؐ نے فرمایا ہے (مسئلہ بتایا ہے) کہ جو ایک بار مجھ پر درود بھیجتا ہے (یعنی میرے لئے خدا سے رحمت طلب کرتا ہے) خدا اس پر دس بار درود (رحمت) بھیجتا ہے! پس اس طرح آخری عشرہ کی طاق

Marfat.com

راتوں کو زندہ و پائندہ رکھیں۔ اور شب قدر کی دولتِ بے پایاں سے خزانۂ ایمان کو معمور و بھرپور کرلیں!

اعتکاف

اعتکاف کا لغوی معنی ٹھہرنا ہے۔ اور شرعی اصطلاح میں بہ نیت اعتکاف مسجد میں ٹھہرنے کو کہتے ہیں۔ رمضان کے آخر عشرہ میں مسجد جماعت کی گوشہ نشینی کو بولتے ہیں۔ حضرت انورؐ نے ہمیشہ اعتکاف کیا ہے۔ اور یہ سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے!

حضرت انورؐ کا اعتکاف

بخاری مسلم میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخر عشرہ میں تا وفات اعتکاف کرتے رہے ہیں اور حضرت ابوہریرہؓ سے ایک روایت بخاری مسلم میں ہے۔ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام ہر سال رمضان میں حضورؐ کے روبرو ایک بار قرآن پڑھتے تھے۔ (یعنی حضورؐ کے ساتھ قرآن کا دور کرتے تھے) لیکن جس سال آپ کی وفات ہوئی۔ اس سال حضرت جبرئیل نے آپ کے سامنے دو بار قرآن پڑھا اور حضرت انورؐ ہر سال رمضان میں (

دس دن اعتکاف کرتے تھے۔ لیکن سال وفات میں آپ نے بیس دن (دو عشرہ) اعتکاف فرمایا۔" (متفق علیہ)

نوٹ: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرآن کا دور کرنا سنت ہے کہ حضرت جبریل اور رحمت للعالمین ﷺ نے مل کر دور کیا ہے۔ حضرت جبریل بھی حافظ قرآن تھے۔ اور سمندر نبوت میں بھی حفظ قرآن کا موجزن دریا بہتا تھا۔ پھر حضور ﷺ کے ہر سال اعتکاف اور قرآن ختم کرنے سے امت کو یہ سبق سیکھنا چاہیئے۔ کہ رمضان میں خدا کے ذکر اور اس کی عبادت کی کمند ہمت کے آسمانوں پر ڈالنی چاہیئے۔ اور سال وفات میں آپ کے دو دور قرآن اور بیس روزہ اعتکاف ــ انسان کو آخر عمر میں کثرت اعمال اور نیکیوں کے انبار لگانے کی طرف رغبت دلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے لیے مستعد اور تیار رہنے کا درس دیتا ہے!

اعتکاف کی نذر پوری کرو

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ (حضور!) میں نے جاہلیت (قبل اسلام) میں مسجد حرام میں ایک رات اعتکاف کرنا نذر مانی تھی۔ (کیا پوری کروں؟) آپ نے فرمایا۔ فَاَوْفِ بِنَذْرِکَ۔ پوری کر نذر اپنی۔ (بخاری۔ مسلم)

Marfat.com

(نوٹ): مسلمان کے لئے اعتکاف کی نذر پوری کرنا واجب ہے اور یہ بھی معلوم ہوا۔ کہ ہر قسم کی نذر عبادت ہے۔ پس جو کوئی غیر اللہ کی نذر نیاز چڑھاوا مانتا اور پورا کرتا ہے۔ وہ بلا ریب مشرک ہے! مسلمان مردوں اور خاص طور پر عورتوں کو خدا کے خوف سے کانپتے ہوئے ـــ توجہ کرنی چاہیئے۔ جو بزرگوں، ولیوں اور شہیدوں کے مزاروں پر جا کر نذریں مانتی ہیں۔ اور پھر۔ روٹ (روٹی کا نذر) چاول کی دیگ، چورما، تیل، انڈا، مرغی، دودھ، کھیر، بکرا بکرا وغیرہ کی صورت میں پورا کرتی ہیں۔ بہنو! توبہ کرو! غیر اللہ کی نذریں، شرک کا بھڑکتا ہوا دوزخ ہے ـــ"

نماز فجر کے بعد اعتکاف

حضرت عائشہؓ روایت کرتے ہوئے کہتی ہیں۔ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّعْتَکِفَ صَلَّی الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ فِیْ مُعْتَکَفِهٖ جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کرنے کا ارادہ کرتے۔ تو نماز فجر پڑھ کر جائے اعتکاف میں داخل ہو جاتے تھے۔" (ابو داؤد۔ ابن ماجہ)

(نوٹ) اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ اعتکاف کا ارادہ کرنے والے کو چاہیئے۔ کہ وہ تیسرے عشرہ کے پہلے دن صبح کی نماز پڑھ کر معتکف ہو جائے!

Marfat.com

محرمات اعتکاف

حضرت عائشہؓ روایت کرتے ہوئے فرماتی ہیں:- اَلسُّنَّۃُ عَلَی الْمُعْتَکِفِ اَنْ لَّا یَعُوْدَ مَرِیْضًا وَّلَا یَشْھَدَ جَنَازَۃً وَّلَا یَمَسَّ الْمَرْاَۃَ وَلَا یُبَاشِرَھَا وَلَا یَخْرُجَ اِلَّا لِمَا لَا بُدَّ مِنْہُ وَلَا اِعْتِکَافَ اِلَّا بِصَوْمٍ وَّلَا اِعْتِکَافَ اِلَّا فِیْ مَسْجِدٍ جَامِعٍ (ابوداؤد)

سنت ہے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی) معتکف کے لئے کہ نہ عیادت[1] کرے مریض کی (بالقصد) اور نہ نماز جنازہ میں حاضر ہو۔ اور نہ صحبت کرے عورت سے اور نہ مباشرت اور نہ نکلے کسی کام کے لئے (مسجد سے) مگر جو (بول و براز وغیرہ) ضروری کام ہو اور بغیر روزہ رکھنے کے اعتکاف نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی مسجد جماعت[2] کے سوا ہوتا ہے۔" (ابوداؤد)

[1] ابوداؤد میں ہے۔ کہ حضورؐ بحالت اعتکاف حاجت کیلئے نکلتے اور پوچھتے بیمار کو گزرتے ہوئے راہ اپنی۔ فَلَا یُعَرِّجُ یَسْأَلُ عَنْہُ لیکن (عیادت کیلئے) نہ ٹھہرتے اور نہ میل و رغبت کرتے کسی طرف (ابوداؤد) مطلب یہ ہے کہ جب ضروری کام (بول و براز) کیلئے حضورؐ مسجد سے باہر نکلتے۔ تو اگر کوئی بیمار آپکے راستہ میں ہوتا تو اس کا حال چلتے چلتے پوچھ لیتے۔ البتہ قصد کرکے اپنی راہ چھوڑ کر مریضوں کی عیادت کرنے نہیں جاتے تھے۔ اور راستہ میں ٹھہرتے بھی نہیں تھے (صادق)

[2] مسجد جماعت یا مسجد جامع اس مسجد کو کہتے ہیں جس میں پانچوں نمازیں باجماعت پڑھائی جاتی ہوں۔ (صادق)

Marfat.com

قضا عمری کی بدعت

رمضان کے آخری جمعہ کو بہت سے لوگ قضا عمری یعنی ساری عمر کی فوت شدہ نمازیں پڑھتے ہیں۔ یعنی پانچوں نمازیں پڑھ کر یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ جمعۃ الوداع کی بزرگی اور برکت سے گذشتہ عمر کی تمام نمازیں (فوت شدہ) خدا قبول کر لیتا ہے۔ یعنی وہ ادا ہو جاتی ہیں۔ واضح رہے کہ ہر مسئلہ کے لئے بروئے شرع ثبوت ہونا چاہیئے۔ اگر ثبوت مل جائے۔ تو مسئلہ درست ہے۔ ورنہ گھریلو مسئلہ کو شریعت میں داخل کر کے از خود ثواب کے وعدے دینا شریعت سازی کرنا ہے۔ قضا عمری نہ حضورؐ نے پڑھی۔ نہ اسکا ثبوت صحابہؓ، تابعین اور تبع تابعین سے ملتا ہے۔ معلوم ہوا۔ کہ قضا عمری یقیناً بدعت ہے۔

معتکف کیلئے ضروری ہدایات

(۱) ماہ رمضان کی اکیسویں تاریخ کو صبح کی نماز پڑھ کر بغرض اعتکاف مسجد میں داخل ہوں (صحیح مسلم)

(۲) اعتکاف یہ ہے۔ کہ مسجد میں کسی الگ جگہ بوریا یا کپڑا لٹکا کر اس جگہ بستر بچھا کر مصروف عبادت ہوں (مسلم)

(۳) رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف سنت ہے۔ اور یہ بلا روزہ بے معنی ہے (ابو داؤد)

(۴) اعتکاف صحیح نہیں ہوتا۔ مگر اس مسجد میں جہاں پانچوں نمازیں باجماعت پڑھی جاتی ہوں (ابوداؤد)

(۵) یہ شرط نہیں کہ جس مسجد میں اعتکاف کریں۔ وہاں جمعہ بھی ضرور ہوتا ہو۔ اگر وہاں جمعہ نہ ہوتا ہو۔ تو معتکف جمعہ کے لئے جا سکتا ہے۔ (ابوداؤد)

(۶) اعتکاف کرنے والے کے لئے نہانا، سر میں تیل ڈالنا، کنگھی کرنا اور لوگوں سے ضروری باتیں کرنا اور ان سے بضرورت ملنا جائز ہے۔ (ابوداؤد)

(۷) بول و براز یا غسل جنابت کے لئے باہر جا سکتے ہیں۔ راستے میں اگر کوئی مریض مل جائے۔ تو چلتے چلتے اس کا حال پوچھ سکتے ہیں راستہ چھوڑ کر ادھر اُدھر جا کر بیمار کی عیادت نہیں کر سکتے (ابوداؤد)

(۸) عورت سے صحبت کرنا۔ اسے گلے لگانا۔ اس کا بوسہ لینا معتکف کے لئے منع ہے صحبت کرنے سے اعتکاف فاسد ہو جاتا ہے۔ اگرچہ رات ہو۔ باقی امور بھی بشرط انزال مفسد اعتکاف ہیں (ابوداؤد)

(۹) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم وفات تک رمضان کے اخیر عشرہ میں اعتکاف کرتے تھے۔ حضورؐ کے بعد ازواج مطہرات اعتکاف کرنے لگیں (مسلم)

(نوٹ) عورتیں بدستور گھروں میں اعتکاف کریں!

(۱۰) جب (اخیری) عشرہ شروع ہو جاتا ہے۔ تو حضورؐ خود بھی دغیر معمولی طور پر) شب بیداری کرتے۔ بیبیوں کو بیدار رکھتے۔ (عبادت میں) بہت کوشش کرتے (مسلم)

عیدالفطر

ہلالِ شوال کی رویت رمضان کو الوداع کرتی اور پیام عید لاتی ہے۔ اس عید کو عیدالفطر کہتے ہیں۔ اس اسلامی تہوار کی اصل و اساس بھی خدا کی حمد و ستائش۔ اس کی توحید اور تہلیل و تکبیر ہے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے۔ تو وہاں سال میں دو تہوار منائے جاتے تھے۔ ان تہواروں میں رقص و سرود اور لہو و لعب کا زور ہوتا۔ اور شراب کے خم کے خم لنڈھائے جاتے نبی رحمتؐ نے جہاں ان لوگوں کو پیغام اسلام پہنچایا۔ وہاں انہیں یہ حکم بھی سنایا۔ کہ خدا تعالیٰ نے تمہارے ان دو تہواروں کو دو اسلامی تہواروں ـــــ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ سے بدل دیا ہے جنہیں

ؔ قَدْ اَبْدَلَکُمُ اللّٰہُ بِھِمَا خَیْرًا مِّنْھُمَا یَوْمَ الْاَضْحٰی وَیَوْمَ الْفِطْرِ۔ حضورؐ نے فرمایا خدا تعالیٰ نے تمہارے لئے ان دو دنوں کے بدلے ان سے بہتر دو دن مقرر کر دیئے ہیں۔ عید قربان اور عید فطر کا دن۔ (ابوداؤد)

جاہلی رسوم کے بجائے خدا کی عبادت کے ساتھ منانا ہے۔

مسلمانوں کو چاہیئے۔ کہ وہ عید کے روز کھیل تماشے ناچ گانے، اور لہو و لعب کی مجالس سے اجتناب کر کے جاہلیت اور اسلام کے امتیاز کو قائم رکھیں۔ اور اس پاکیزہ تہوار کو اسلامی ہدایات کے مطابق مناکر اخلاق کی پاکیزگی کا ثبوت دیں۔

عید الفطر کی رات کو فرط مسرت سے فرشتے پھولے نہیں سماتے خدا تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے۔ کہ جو مزدور اپنا کام پورا کر چکے۔ اس کی کیا جزا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں۔ کہ اس مزدور کو مزدوری پوری ملنی چاہیئے۔ پھر خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ میرے فرشتو! تم گواہ رہو۔ میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے روزہ داروں کو بخش دیا۔ اور بہشت ان کے لئے واجب کر دیا۔ (اصبہانی)

بیہقی کی روایت میں آیا ہے۔ کہ فرشتوں میں اس رات کا نام لیلۃ الجائزہ ہے۔ یعنی نجات و انعام کی رات!

عید کے دن انعام و اکرام

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جب لیلۃ القدر ہوتی ہے۔ تو حضرت جبرئیل فرشتوں کی ایک جماعت میں (زمین پر) اترتے ہیں۔ تو ہر بندے پر جو کھڑا یا

Marfat.com

بیٹھا عبادت کر رہا ہو۔ رحمت بھیجتے ہیں۔ پھر جب ان کی عید کا دن ہوتا ہے۔ تو خدا تعالیٰ اپنے فرشتوں میں فخر کرتا اور کہتا ہے۔ اے میرے فرشتو! اس مزدور کا کیا بدلا ہے۔ جو اپنا کام پورا کر چکے؟ فرشتے کہتے ہیں۔ اس کو مزدوری پوری ملنی چاہیئے۔ پھر خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے میرے فرشتو! میرے بندوں اور میری بندیوں نے اپنے فرض (روزوں) کو پورا کیا۔ پھر نکلے دعا کرنے کو (نماز عیدین) قسم ہے مجھ کو میری عزت کی اور میرے جلال و کرم کی اور میری بلندی اور میرے اونچے مرتبے کی۔ کہ (نماز عیدین) ضرور میں ان کی دعا قبول کروں گا۔ پھر (نماز عید کے بعد) خدا تعالیٰ فرماتا ہے:-

اِرْجِعُوْا قَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ وَبَدَّلْتُ سَیِّاٰتِکُمْ حَسَنَاتٍ قَالَ فَتَرْجِعُوْنَ مَغْفُوْرًا لَّهُمْ (بیہقی)

لوٹ جاؤ! میں نے تم کو بخش دیا۔ اور تمہاری بدیوں کو نیکیوں سے بدل دیا۔ حضورؐ فرماتے ہیں۔ پھر لوگ (عید گاہ سے) گناہوں سے پاک ہو کر لوٹتے ہیں۔“

صدقۃ الفطر کے مسائل

(۱) صدقۂ فطر کا ادا کرنا ہر ایک مسلمان مرد، عورت، چھوٹے، بڑے، آزاد غلام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض[۱] فرمایا ہے (بخاری مسلم)

[۱] صفحہ نمبر ۱۲۱ پر۔

Marfat.com

(۲) جس پر صدقہ فطر ادا کرنے کی طاقت ہو۔ اس پر ادا کرنا فرض ہے۔ اگرچہ صاحب زکوٰۃ نہ ہو۔ (بخاری مسلم)

(۳) لغو اور رفث کی وجہ سے روزہ میں جو نقصان آتا ہے صدقہ فطر سے خدا معاف کر دیتا ہے (ابوداؤد)

(۴) جب تک صدقہ فطر ادا نہ کیا جائے۔ روزے آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتے ہیں۔ (ابوحفص)

(۵) صدقہ فطر نماز عید سے پہلے ادا کرنا چاہیئے۔ نماز عید کے بعد ادا کیا گیا۔ تو قبول نہ ہوگا۔ (بخاری۔ ابوداؤد)

(۶) صدقہ فطر ہر قسم کے اناج یا کھجور یا پنیر یا آٹے یا کشمش سے بقدر ایک صاع (ساڑھے تین سیر) فی کس ادا کرنا چاہیئے (زاد المعاد)

(۷) گیہوں پورے صاع کی بجائے نصف صاع (پونے دو سیر) فی کس دینا بھی کافی ہے (ابوداؤد۔ نسائی۔ ترمذی)

(۸) صدقہ فطر غربا، فقراء اور مساکین کا حق ہے حضرت انورؐ نے فرمایا۔ انہیں آج کے دن اس قدر دو۔ کہ غنی ہو جائیں۔ اور ان کو کسی کے پاس جانے کی ضرورت نہ رہے۔ (بخاری شریف)

(نوٹ بقیہ صفحہ گذشتہ) ۱؎ عَنْ اِبْنِ عُمَرَؓ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ زَکٰوۃَ الْفِطْرِ۔۔۔ (بخاری مسلم) حضورؐ نے صدقہ فطر فرض فرمایا۔"

Marfat.com

خبردار۔۔ لوگ عموماً آج کل صدقہ فطر مسجدوں کے اماموں کو دیتے ہیں۔ یاد رکھیں۔ کہ ان کو دینا ہرگز جائز نہیں۔ بجز سنیں کہ اس صدقہ کے مستحق صرف فقرا اور مساکین ہی ہیں۔ جن کے پاس کھانے کو نہ ہو۔ ائمہ مساجد کی خدمت دوسرے مال سے کرنی چاہئیے۔ زکوٰۃ اور صدقہ فطر سے ان کے بار خدمت سے سبکدوش ہونے کی سعی نہ کریں۔ اور اماموں کو بھی چاہئیے۔ کہ اگر وہ کھاتے پیتے ہوں۔ تو ایسے صدقات کو ہرگز خود ہی قبول نہ کریں۔

عیدالفطر کے مسائل

(۱) عیدین میں غسل کریں۔ (طبرانی)

(۲) طاقت کے مطابق اچھا لباس پہنیں (طبرانی)

(۳) مردوں کے لئے ریشمی کپڑا اور سونا (بٹن۔ زنجیر۔ انگوٹھی وغیرہ) پہننا حرام ہے۔ رسول خدا ؐ نے فرمایا۔ ریشم اور سونا پہننے والے مردوں پر اللہ تعالیٰ جنت کی نعمتیں حرام کر دیتا ہے اور انہیں ذلیل و خوار کر کے جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل کریگا (بخاری۔ مسلم)

(۴) عیدالفطر کے دن کچھ کھا کر نماز عید کو جانا چاہیئے حضرت انور ؐ سات کھجوریں کھایا کرتے تھے (طبرانی)

(۵) عیدگاہ پیدل جائیں۔ ہاں عذر کے سبب سواری پر جا سکتے ہیں۔ (ترمذی)

(۶) مرد، عورتیں، بچے سب عیدگاہ جائیں۔ (مشکوٰۃ)

(۷) جب آفتاب دو نیزے پر آجائے۔ تو نماز پڑھ لیں۔ (تلخیص)

(۸) اس نماز کو جنگل میں ادا کرنا مسنون ہے (بخاری)

(۹) عذر (بارش وغیرہ) کے سبب شہر میں پڑھ لینی جائز ہے (ابوداؤد)

(۱۰) عیدین میں منبر نہ لے جائیں۔ (مسلم)

(۱۱) عیدین کی نماز میں نہ اذان کہیں اور نہ تکبیر۔ (مسلم)

(۱۲) خطیب اپنے خطبہ میں تکبیریں بکثرت کہے۔ (ابن ماجہ)

(۱۳) عیدین کے روز، روزہ رکھنا حرام ہے۔ (مسلم)

(۱۴) جس شخص کی عید کی نماز جماعت سے فوت ہو جائے۔ وہ اکیلا ادا کر لے۔ اگر کئی آدمی ہوں۔ تو جماعت کریں۔ اسی طرح جو مرد اور عورتیں کسی عذر کی وجہ سے عیدگاہ نہ جاسکیں۔ وہ گھر میں ہی نماز عید پڑھ لیں۔ (ابوداؤد)

(۱۵) نماز دیر کر کے پڑھنا خلاف سنت ہے (ابوداؤد)

(۱۶) عیدین کی نماز کو جاتے ہوئے اور واپسی پہ یہ تکبیریں بکثرت پڑھیں:-

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ (دارقطنی)

Marfat.com

(۱۷) عیدین کی نماز صرف دو رکعتیں ہے۔ ان دو رکعتوں سے نہ پہلے کوئی نماز ہے اور نہ بعد۔ (بخاری، مسلم)

(۱۸) عیدین میں نماز پہلے ہے۔ اور خطبہ بعد میں۔ (بخاری، مسلم)

(۱۹) جس راستہ جائیں۔ آتے وقت راہ بدل کر آئیں (ترمذی)

(۲۰) عیدین کے خطبہ میں وقت کی ضرورتوں، لوگوں کی مصلحتوں سیاسی، اخلاقی، تمدنی، معیشی اور معاشرتی حالات پر روشنی ڈالنی چاہیئے۔ صرف ایک ہی "پوتھی" (پنجابی خطبہ) ساری عمر لوگوں کو نہیں سناتے رہنا چاہیئے۔ بخاری شریف میں ابی سعید خدری کی روایت موجود ہے — يَعِظُهُمْ وَيُوْصِيْهِمْ وَيَأْمُرُهُمْ وَاِنْ كَانَ يُرِيْدُ اَنْ يَقْطَعَ بَعْثًا قَطَعَهٗ اَوْ يَأْمُرُ بِشَيْءٍ اَمَرَ بِهٖ۔ حضورؐ لوگوں کو خطبہ عید میں (حالات کے تقاضوں کے مطابق) نصیحت کرتے، وصیت فرماتے۔ اور (قومی ضرورتوں اور دینی مطالبوں کا) حکم کرتے۔ اور اگر کوئی فوج (جہاد کیلئے) بھیجنا چاہتے تو اسے بھیجتے۔ اور لوگوں کی مصلحتوں اور (ان کے اہم) امور کے متعلق ارشاد فرماتے۔" (بخاری)

نماز عیدین کا طریقہ عیدین کی نماز میں قرأت سے پہلے — پہلی رکعت میں (سوائے تکبیر اولیٰ کے)

سات تکبیریں کہنی چاہئیں۔ ٹھیر ٹھیر کر۔ ہر ہر تکبیر پر رفع الیدین کریں۔ اور ہر تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیا کریں۔ (ترمذی۔ بیہقی)

دوسری رکعت میں قرأت سے پہلے ٹھیر ٹھیر کر پانچ تکبیریں کہیں اور بدستور ہر تکبیر پر رفع الیدین کریں اور ہاتھ باندھیں۔ (ترمذی)

پہلی رکعت میں سورہ قٓ اور دوسری میں قمر پڑھیں۔ یا پہلی میں سبح اسم اور دوسری میں ھل اتٰک (ترمذی)

انتباہ:۔ رکوع، سجود، قومہ، جلسہ نماز کے ارکان ہیں اور فرض ہیں۔ چونکہ ان کی تعدیل وطمانیت کے بغیر نماز منتفی ہو جاتی ہے اس لئے نہایت ضروری ہے۔ کہ پورے اطمینان سے رکوع کریں اور قومہ میں خوب چین سے سیدھے کھڑے رہیں۔ پھر اطمینان سے سجدہ کر کے جلسہ میں مطمئن ہو کر بیٹھ جائیں اور پھر دوسرا سجدہ آرام سے کر کے کھڑے ہوں۔ رکوع وسجود کی تسبیحوں کے علاوہ قومہ و جلسہ میں مسنون دعائیں بھی ضرور پڑھیں — خبردار! ان ارکان اربعہ میں عجلت اور عدم طمانیت نماز کو برباد کر دیتی ہے۔ ہزاروں مقتدیوں کا بوجھ اٹھانے والے اماموں کو ان امور کی طرف خاص طور پر توجہ کرنی چاہیئے۔

Marfat.com

عیدالاضحیٰ

حضرت ابراھیمؑ کا سفر عرب

خلیل الرحمٰن حضرت ابراہیم علیہ السلام خدائے لم یزل کے حکم سے اپنی بیوی حضرت ہاجرہ ؓ اور اپنے اکلوتے شیر خوار لخت جگر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو ملک شام سے لیکر سرزمین عرب میں پہنچتے ہیں۔ اور سنسان بیابان میں بٹھا کر ایک پانی کی چھاگل اور کچھ چھوہارے دے کر بغیر کچھ کہے سنے پیٹھ پھیر کر جادہ پیما ہو جاتے ہیں۔ حضرت ہاجرہ ؓ محو حیرت ہو کر بیچینی اور اضطراب کے عالم میں پوچھتی ہیں خلیل الرحمٰن خدا کے برگزیدہ پیغمبر! آپ ہمیں اس جلد وو فراموش صحرا کی وحشتناک تنہائی میں چھوڑ کر کہاں چلے ہیں؟ جواب در کنار — حضرت ابراہیمؑ نے مڑ کر بھی نہ دیکھا کہ کس نے بلایا ہے! حضرت ہاجرہ ؓ اٹھیں۔ کہ اپنے پیارے خاوند کو پکڑیں۔ لیکن حضرت خلیل اللہ اپنی رفتار کو تیز تر کر دیتے ہیں حضرت ہاجرہ ؓ نے ناچاری کی حالت میں عرض کیا۔ کہ اچھا اتنا تو فرمایئے کہ کیا آپ ہم پر ناراض ہو کر چھوڑ چلے ہیں۔ یا ایسا کرنے کا خدا نے آپ کو حکم دیا ہے؟ اس پر حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا۔ ہاں مجھے

Marfat.com

میرے پروردگار نے ایسا حکم دیا ہے۔ پھر حضرت ہاجرہ رض نے کہا :۔

اِذًا لَّا یُضَیِّعُنَا اللّٰہُ اَبَدًا (بخاری)

" پھر تو اللہ تعالٰے ہمیں ہرگز ضائع نہ کریگا "

(ہاجرہ رض کے سر کے تاج! شوق سے تشریف لے جائیے۔ اللہ ہمارے لئے کافی ہے)

یہ کہہ کر ہاجرہ رض واپس آئیں۔ اور اپنے نور نظر کو گود میں لے کر آنکھیں ٹھنڈی کیں۔ تھوڑے وقت میں چھاگل کا پانی اور کھجوروں کا ناکافی توشہ ختم ہو گیا۔ اور پھر بھوک اور پیاس نے بے حد غلبہ کیا بے کسی ــــ بے لبسی اور کس مپرسی کا عالم ــــ چٹیل سنسان اور لق و دق بیابان کی ہمہ گیر تنہائی ــــ کالے کوسوں تک حیوان ناطق چھوڑ، پرند و چرند کا نام و نشان نہ تھا۔ وسعت نظر کی انتہا۔ اور صدہا امیال کی مسافت صحرا ــــ ناآشنائے آب وگیاہ تھی۔ ہر سمت ریت کے ڈھیر اور نہ ختم ہونے والی پہاڑوں کے سلسلہ کے سوا کچھ نظر نہ آتا تھا۔ سکتہ کا عالم اور غضب کا سناٹا دیکھ کر بے یار و غمخوار ہاجرہ رض سناٹے میں آگئیں!

لخت جگر کے ہونٹ مارے پیاس کے خشک اور زبان درشت ہو گئی۔ گلاب سا چہرہ مرجھا گیا۔ بھوک اور پیاس کی شدت کے سبب

Marfat.com

ماں کی زبوں حالی اور تشنہ کامی کے سوا بچہ کی حالت نازک ہوگئی اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ ماہی بے آب کی طرح تڑپنے اور سسکیاں بھرنے لگ گیا۔ سانس رک رک کر چلنے لگا۔ نبض چھوٹنے لگی۔ اور حضرت ابراھیم علیہ السلام کا فرزند ٹانگیں رگڑ رگڑ کر دم توڑنے لگا۔ ماں مامتا بھری ماں پاس بیٹھی منہ دیکھ رہی ہے۔ بچہ کی نعل در آتشی اسے آتش زیر پا کر رہی ہے۔ دنیا اس کی نظر میں اندھیر ہے۔ وطن کی دوری — خاوند کی مجبوری — بچہ کی نازک حالی — اپنی بے بسی — بھوک اور پیاس — خوف اور ہراس — ریت اور بطحا کی دھوپ — متواحش بیابان — اور اس پر معصوم جان کا اماں اماں پکارنا — اور بے کس دکھی ماں کا قربان ہونا — بچہ کا پانی مانگنا — اور ماں کی آنکھوں کا برکھا برسانا — آخر جگر تھام کر رہ جانا — عجیب دلخراش منظر تھا!

سعی صفا مروہ کی داغ بیل

حضرت ہاجرہؓ اپنے نور نظر کی اس دردناک حالت کی تاب نہ لا کر بے قراری سے کھڑی ہو جاتی ہیں۔ ادھر ادھر نظر دوڑاتی ہیں کہ کہیں پانی کا سراغ ملے۔ لیکن یاس و قنوط کے سیاہ بادل مطلع آرزو کو تاریک کر دیتے ہیں۔ گھبرا کر پانی کی تلاش میں صفا پہاڑی

Marfat.com

پر دوڑتی ہوئی چڑھتی ہیں۔ پر پانی کا کہیں نشان نہیں ملتا۔ پھر اتر کر مروہ پر چڑھ جاتی ہیں۔ کہ شاید یہاں ہی پانی ہو۔ لیکن پانی یہاں بھی نہیں ملا۔ (صفا مروہ کی سعی کی ابتدا یہیں سے ہوتی ہے)

جب حضرت ہاجرہؑ کو ان کی کوہ آسائیؑ ۔۔۔ وہ ثمر بار ہوتی نظر نہیں آتی۔ تو پھران کی دریا ۔۔۔ نگاہ آسمان کی ۔۔۔ اٹھتی ہے۔ اتنے میں غیب سے آواز آتی ہے:۔

مَنْ اَنْتِ۔ تم کون ہو؟

حضرت ہاجرہؓ جواب دیتی ہیں:۔

اَنَا اُمُّ وَلَدِ اِبْرٰهِیْمَ هَاجِرَةُ۔ میں ابراھیمؑ کے فرزند اسمٰعیلؑ کی والدہ ہاجرہ ہوں!

فرشتہ پوچھتا ہے:۔

اِلٰی مَنْ وَکَّلَکُمَا۔ حضرت ابراہیمؑ (اس سنسان میں) تمہیں کس کے سپرد کر گئے ہیں؟

حضرت ہاجرہ جواب دیتی ہیں:۔

وَکَّلَنَا اِلَی اللّٰهِ۔ وہ ہمیں خدا کو سونپ گئے ہیں!

حضرت جبریل فرماتے ہیں:۔

وَکَّلَکُمَا اِلٰی کَافٍ دیجازی، پھر تو وہ تمہیں خدائے کاف

Marfat.com

کو سونپ گئے ہیں! (یعنی فکر نہ کرو۔ خدا تمہارے لیئے کافی ہے)

چاہ زمزم اور مکہ کی ابتداء

صحیح بخاری میں ہے۔ کہ پھر اُس جگہ، حضرت جبریل نے زمین پر ایڑی ماری اور پانی زمین سے پھوٹ کر نکل آیا۔ یہی چاہ زمزم ہے! پھر یہ پانی حضرت ہاجرہ نے پیا۔ اور اپنے بچے کو بھی پلایا۔ یہ پانی انہیں مائیت کے علاوہ غذائیت کا کام بھی دیتا تھا۔ اب پانی کی وجہ سے اس جگہ کچھ لوگ رہنے لگ گئے۔ اور رفتہ رفتہ ایک چھوٹی موٹی بستی آباد ہو گئی (اسی کا نام مکہ ہے) حضرت اسماعیلؑ یہیں پلے پوسے۔ اور جوان ہوئے۔ اسی بستی میں نکاح کیا۔ آپ ہی کی اولاد عرب کہلائی۔ اور آپ ہی کی نسل سے جناب رحمت للعالمین خاتم النبیین حضرت مُحمّد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے!

کعبۃ اللہ کی بنیاد

حضرت ابراہیم علیہ السلام جو اپنی بیوی اور بچہ کو بحکم خداوندی یہاں تنہا ریگستان میں چھوڑ گئے تھے۔ ایک بار اس صحرا میں واپس آئے۔ اپنے پیارے بیٹے کو ملے۔ آنکھیں چومیں۔ پیشانی کو بوسہ دیا۔ سینہ سے لگایا اور فرمایا۔ بیٹا! خدا نے مجھے حکم دیا ہے۔ کہ اس جگہ خدا کا گھر بیت اللہ تعمیر کروں۔ اور اس کام میں تم میری مدد کرو۔

Marfat.com

چنانچہ دونوں نے خدا کے حکم کے مطابق بیت اللہ کی بنیاد رکھی۔ جیسا کہ خدا فرماتا ہے۔

وَاِذْ یَرْفَعُ اِبْرٰھِیْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَیْتِ وَاِسْمٰعِیْلُ (پ ۱)

حضرت ابراہیم اور اسماعیل بیت اللہ کی بنیادوں کو اٹھاتے تھے۔

عیدُ الاضحیٰ کا آغاز

بہت سے پڑھے لکھے لوگ اس عید کا تلفظ (PRONUNCIATION) غلط کرتے ہیں۔ صحیح تلفظ عیدُ الاَضحیٰ ہے۔ اَضحیٰ جمع ہے اُضحیّہ کی۔ اُضحیہ کے معنی قربانی کے ہیں۔ اور عید الاضحیٰ کے معنی ہوئے "قربانیوں کی عید"!

اب اس عید کی قربانی کی ابتدا کا حال کلیجہ تھام کر سنئے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام خواب میں دیکھتے ہیں۔ کہ وہ اپنے لخت جگر۔ لاڈلے اور اکلوتے بیٹے کو خدا کے نام پر ذبح کر رہے ہیں۔ آنکھ کھلتے ہی خدا کے حکم کی تعمیل کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ صبح بیٹے کو نہلا دھلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنا کر گھر سے باہر دو میل دور — وادی منا — میں ساتھ لے جاتے ہیں۔ راستہ میں بچہ کھیلتا کودتا، ہنسی خوشی، پیاری پیاری باتیں کرتا آپ کے ہمراہ چلا جاتا ہے۔ مقام منیٰ پر پہنچکر باپ بیٹے کے درمیان یہ لرزہ خیز مکالمہ ہوا:

باپ: — یٰبُنَیَّ اِنِّیْ اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اَذْبَحُکَ فَانْظُرْ

Marfat.com

مَا ذَا تَرٰی (پ ۲۳ - رکوع ۷)

میرے پیارے بیٹے! میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں تجھے (خدا کے نام پر) ذبح کر رہا ہوں۔ (بتاؤ!) تمہاری کیا مرضی ہے؟

بیٹا:- یَا اَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِیْ اِنْشَآءَ اللّٰہُ مِنَ الصَّابِرِیْنَ (پ ۲۳ - ع ۷)

ابا جان! حکم الٰہی کی فوراً تعمیل کیجئے (خنجر بکف میں جان حاضر ہے) انشاء اللہ آپ مجھے ثابت قدم پائیں گے!

پیارے والد! ہنگام ذبح میرے ہاتھ پاؤں باندھ لینا۔ مبادا تڑپوں اور بے صبر ٹھیروں۔ اور تڑپنے سے آپ کے کپڑوں پر خون کے چھینٹے پڑیں گے جنہیں دیکھ کر میری والدہ بے قرار ہو گی! اور خدا کے حکم کی قربان گاہ پر مجھے بھینٹ چڑھاتے وقت اپنے منہ لپیٹ لینا۔ کہیں ایسا نہ ہو۔ کہ میری صورت پر آپ کی آنکھیں گڑ جائیں — محبت کا طوفان امڈ آئے۔ اور پھر بیخودی ہاتھ سے خنجر گرا دے!

ابا جان چھری تیز کر لو۔ کہ رب العزت کی ملاقات کے لئے جان بے تاب ہے۔ گھر پہنچ کر والدہ مکرمہ کو میرا آخری سلام عرض کرنا۔ اور انہیں تسلی دینا۔ لو! اب رخصت! — بسم اللہ کیجئے!!

باپ بیٹے کا سر منہ چوم کر آخری پیار کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔

جانِ پدر! میں تم پر بہت خوش ہوں۔ کہ تم اپنے حقیقی مالک کے نام پر سرفروشی کیلئے بخوشی تیار ہو۔ میں نے تمہیں خدا کو سونپا!

پھر باپ بیٹے کا کرتہ اتارتا ہے۔ اور اسے منہ کے بل زمین پر گرا کر تیز چھری حلق پر پھیرنے لگ جاتا ہے۔ اتنے میں ملاءِ اعلےٰ کے حریم ناز کے نورانی حجاب کو جنبش ہوتی ہے۔ شانِ کریمی کے دریا نے ترحم میں جوش آجاتا ہے۔ اور وحی الٰہی یوں نغمہ بار ہوتی ہے:۔

وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۝ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ج اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (پ ۲۳ - ع)

اے ابراہیم! تم نے میرے حکم کی تعمیل کر دی۔ (بس امتحان ہو چکا) اور اجر ثابت ہو گیا۔"

پھر حضرت جبرئیل باذن یزداں پہنچ جاتے ہیں۔ حقیقی بیٹے کو سگے باپ کی چھری تلے سے نکال کر ایک دنبہ ذبح کرا دیتے ہیں۔ اور رحمت خداوندی سے فرزندوں کی قربانی کی جگہ جانوروں کی قربانی قرار پاتی ہے ؎

طغیانِ نازبین کہ جگر گوشہ رسول
خود زیر تیغ رفت و شہیدش نمی کند

ماہِ ذی الحجہ کے فضائل

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ ذی الحجہ کا سارا مہینہ حرمت والا ہے۔ اور اس مہینے کے پہلے دس دن بہت بزرگ ہیں۔ کہ ہر دن کے روزہ کے بدلے اللہ تعالیٰ ایک سال کے (نفلی) روزوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ اور ہر رات کے قیام کا ثواب لیلۃ القدر کے ثواب کے برابر بخشتا ہے (ترمذی شریف)

(۲) ذی الحجہ کی نویں تاریخ (یوم عرفہ) کا روزہ رکھنے والے کے دو برس کے گناہ خدا معاف کر دیتا ہے۔ سال گذشتہ اور سال آئندہ کے (صحیح مسلم)

(۳) عرفہ کے دن کے روزہ دار کو ایک ہزار روزوں کا ثواب ملتا ہے۔ (بیہقی)

(۴) خدا تعالیٰ عرفہ کے دن (۹ ذی الحجہ کو) اس قدر گنہگاروں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے۔ کہ اور کسی دن اس قدر آزاد نہیں کرتا۔ (مسلم)

قربانی کی تاکید

قربانی کرنے کی سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت تاکید فرمائی ہے۔ ارشاد نبوی ہوتا ہے۔ کہ جو شخص قربانی کرنے کی طاقت رکھتا ہو۔ اور پھر نہ کرے۔

Marfat.com

وہ نماز کے لئے ہماری عیدگاہ میں نہ آئے۔ (حاکم)

قربانی کے وقت افلاس

بیاہ شادی، موت فوت اور بوڑھے آدمی کے مرنے پر خلاف شرع قومی رسموں اور ملکی رواجوں پر لوگ سینکڑوں روپیہ برباد کر کے خدا اور رسولؐ کی ناراضی مول لیتے ہیں۔ لیکن قربانی کے وقت افلاس ٹپکانے لگ جاتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ قربانی دینے والے کے لئے صاحب زکوٰۃ ہونا شرط نہیں ہے۔ بلکہ ہر وہ شخص جو قربانی کا جانور خرید سکے ـــ اسے ضرور قربانی کرنی چاہیئے۔ اور اگر جانور نہیں خرید سکتا۔ تو گائے کے ساتویں حصّہ میں شریک ہو جائے۔

قربانی جہاد کی مشق ہے

مذہب اور سیاست دو الگ الگ چیزیں نہیں ہیں۔ بلکہ مذہب کی عملی صورت کو ہی سیاست کہتے ہیں۔ اندریں حالات اوامر کی برقی تہیں جہاد و سیاست کی روح رواں ہے ـــ کہ خدا تعالیٰ نے ہر سال جانوروں کے خون بہانے کا حکم دے کر دراصل میدان جنگ میں کافروں کی شاہ رگ کاٹنے کی مشق کرائی ہے۔ آپ نے بہت سے ایسے لوگ دیکھے یا سنے ہونگے۔ جو اتنے کمزور دل واقع ہوتے ہیں۔ کہ ایک

Marfat.com

بھیڑ تک کو خود ذبح نہیں کر سکتے۔ بلکہ کئی مرد اور عورتوں کو جانور ذبح ہوتے دیکھ کر دل کی دھڑکن شروع ہو جاتی ہے۔

قربانی کے جانور کا اپنے ہاتھ سے خون بہانے میں یہی راز ہے۔ اور پھر ہر سال اس خون بہانے پر مداولت اور ممارست کرنے کے حکم میں یہی حکمت کارفرما ہے۔ کہ میدان کارزار میں اَسَدُ اللّٰهِی بے دریغ مرحبی اور عنتری کے خون کے دریا بہا دے۔ قربانی کے فلسفہ جہاد سے یہ بات بھی خوب اجاگر ہو گئی۔ کہ قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کی بجائے جانور کی قیمت راہ خدا میں خرچ کرنا ـــــ ہرگز ہرگز جائز نہیں کہ ایسا کرنے سے نہ صرف جہاد کی سپرٹ ہی ختم ہو کر رہ جائیگی۔ بلکہ قربانی بھی عند اللہ قبول نہ ہو گی۔ کیونکہ قربانی کی جگہ قیمت دینا نبی رحمت کی سنت اور تعامل صحابہؓ سے ہرگز ثابت نہیں ہے۔ فَافْهَمْ وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغَاوِيْنَ!

قربانی کا اجر و ثواب

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ قربانی کا جانور قیامت کے دن اپنے سینگ بال۔ کھر۔ گوشت اور خون سمیت لایا جائیگا۔ اور اس کا وزن ستر گنا زیادہ کر کے ترازو میں رکھا جائے گا۔ (ترمذی)

(۲) حضور انور؎ فرماتے ہیں۔ کہ قربانی کے جانور کے خون کا پہلا

Marfat.com

قطرہ زمین پر گرتے ہی خدا تعالیٰ قربانی کرنے والے کے تمام اگلے گناہ بخش دیتا ہے۔ (بزار)

(۳) رحمت دو عالم فرماتے ہیں۔ قربانی کے جانوروں کو خوب موٹا کرو۔ کہ یہ تمہارے لئے (قیامت کو) پل صراط پر سواریاں بنیں گے (تلخیص)

(۴) حضور اکرم فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قربانی کے جانور کے ہر بال کے عوض ایک نیکی عطا کرتا ہے۔ اور اسی طرح اون کے بدلے بھی۔ (ابن ماجہ)

(۵) حضرت انورؐ نے ارشاد فرمایا۔ خدا تعالیٰ قربانی کا خون زمین پر گرنے سے قبل ہی قبول کر لیتا ہے۔ (ترمذی)

قربانی کے مسائل

(۱) نماز عید پڑھ کر قربانی کریں۔ اور اپنے ذبیحہ کا گوشت کھائیں۔ (مسلم شریف)

(۲) ایک گائے میں سات آدمی اور ایک اونٹ میں دس شخص شرکت کر سکتے ہیں۔ (نسائی)

(۳) ایک بکرا یا بھیڑ ایک گھر کی طرف سے کافی ہے۔ چاہے گھر والوں کی تعداد کتنی ہی ہو۔ (ابوداؤد)

(نوٹ) یہ جواز کی صورت ہے۔ ورنہ ریا کے بغیر جس قدر زیادہ جانور

Marfat.com

قربان کریں۔ اسی قدر ثواب زیادہ ہوگا۔ حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سو اونٹ قربانی دئے تھے!

(۴) قربانی کا گوشت خود کھائیں۔ دوست، احباب۔ کنبے، قبیلے اور محتاج و مساکین کو کھلائیں۔ اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہیں (ابوداؤد)

(۵) دنبہ۔ دنبی۔ اور بھیڑا۔ بھیڑ کم از کم چھ مہینہ کا ذبح کر سکتے ہیں۔ ان کے علاوہ ہر قربانی کا جانور دو دانت سے کم نہ ہو۔ (مشکوٰۃ)

انتباہ:۔ بعض لوگ جانور بیچتے وقت کہتے ہیں۔ کہ یہ بکرا یا گائے اگرچہ دو دانت والے نہیں ہیں۔ لیکن دو دانت والوں سے زیادہ فربہ اور طاقت ور ہیں۔ اس لئے ان کے ذبح کرنے میں کوئی ہرج نہیں۔ خبردار! دھوکہ نہ کھائیں۔ اور ایسا جانور قربانی کے لئے ہرگز نہ خریدیں۔ ورنہ قربانی ضائع جائے گی۔ اس بارے میں ہم آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم سناتے ہیں۔ آپ ارشاد فرماتے ہیں۔

لَا تَذْبَحُوْا اِلَّا مُسِنَّةً اِلَّا اَنْ يَّعْسُرَ عَلَيْكُمْ فَتَذْبَحُوْا جَذَعَةً مِّنَ الضَّانِ۔ (مسلم)

تمہیں دانت والا جانور ہی قربانی میں ذبح کرنا چاہیئے۔ ہاں اگر وہ نہ مل سکے۔ تو پھر بھیڑ (دنبہ) کا چھ مہینے کا بچہ بغیر دانت کے ذبح کرلو۔"

Marfat.com

(۶) پورا لنگڑا۔ بالکل کانا۔ نہایت ہی پتلا دبلا۔ بہت بیمار۔ آدھا یا آدھے سے زیادہ کان کٹا۔ چرے ہوئے اور سوراخ دار کان والا۔ آدھا یا آدھے سے زیادہ ٹوٹے سینگ والا۔ اور بہت بوڑھا جانور جس کی ہڈیوں میں گودا نہ رہا ہو — قربانی میں جائز نہیں۔ (ابوداؤد)

(۷) ہنگام ذبح جانور کے کلہ (سر) پر قدم رکھیں۔ اور چھری تیز سے ذبح کریں۔ (بخاری مسلم)

(۸) نماز عید سے پہلے جو قربانی کرے گا۔ اس کی قربانی خدا قبول نہیں کرتا۔ (بخاری)

(۹) عید کے دن سے لے کر تیرہ ذی الحجہ تک قربانی کرنی جائز ہے۔ (ابن کثیر)

(۱۰) قربانی کرنے والا شخص ذی الحجہ کا چاند دیکھنے کے بعد قربانی کرنے تک نہ سر منڈائے۔ نہ بال ترشوائے۔ نہ ناخن کٹوائے اور نہ ہی جسم کے کسی حصہ کے بال لے۔ (ابوداؤد)

رحمت ایزدی کی ذرہ نوازی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قربانی کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ وہ ذی الحجہ کا چاند دیکھ کر اپنے بال۔ ناخن نہ لے (یعنی نماز عید تک حجامت نہ کروائے) اور عید

Marfat.com

کی نماز پڑھے۔ تو خدا تعالیٰ اس تمنا کے قربانی کے برابر ہی کو قربانی کا پورا ثواب عطا فرماتا ہے (ابوداؤد)

نوٹ:۔ بعض روایات میں حاملہ ظاہر اور دودھ والے جانور کی قربانی منع آئی ہے۔ اس لئے ایسا جانور قربانی کیلئے نہ خریدیں۔

قربانی کی دعا اور طریق ذبح

ابوداؤد میں حضرت جابرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ قربانی کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو دنبے، سینگ دار، چتکبرے، خصی قبلہ رخ لٹا کر (ہنگام ذبح) یہ دعا پڑھی:۔

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ○ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○ اَللّٰهُمَّ مِنْکَ وَلَکَ عَنْ (اس جگہ یعنی عَنْ کے بعد اپنا نام یا جس کی

طرف سے قربانی کی جائے اس کا نام لیں)
پھر یہ دعا پڑھ کر جانور کی گردن پر اپنا پاؤں رکھ کر بہت تیز چھری سے

بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ۔ کہکر بہت

پھرتی سے ذبح کر ڈالیں"۔ (بخاری۔ مسلم۔ ابوداؤد)

دعائے قربانی کا ترجمہ ملاحظہ ہو:۔

"میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر (جسے سنت خیرالوریٰ کا شرف حاصل ہے) چلتے ہوئے اس ذات پاک کی طرف (پورے خلوص سے) توجہ کرتا ہوں جس نے آسمانوں اور زمین کی تخلیق فرمائی۔ اور میں (شرک سے بیزار) توحید کا پرستار ہوں — بے شک میری نماز۔ اور میری قربانی۔ میری زندگی اور میری موت صرف اللہ (ہی کی خوشنودی) کے لئے ہے۔ جو تمام جہانوں کا بلا شرکت غیرے پروردگار ہے۔ مجھے اسی (عقیدہ توحید پر قائم رہنے) کا حکم دیا گیا ہے۔ اور میں (قولاً اور عملاً) مسلمان ہوں۔ اے اللہ! (یہ قربانی) تیری ذات (کے وسیلہ) سے کرنے لگا ہوں۔ اور تیرے ہی نام پر اس کو میں (یا فلاں طرف سے) بھینٹ چڑھاتا ہوں"۔

Marfat.com

امت کی طرف سے قربانی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بڑے بڑے سینگوں والے ذبحت کبرے۔ خصی مینڈھے منگوائے۔ اور انہیں قربانی کرتے وقت کہا۔ یا الہیٰ! تو اس قربانی کو میری اور میری امت کی طرف سے قبول فرما۔ (میرے وہ امتی) جو قربانی کرنے کی طاقت نہیں رکھتے (ابوداؤد)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ہ

گائے کی قربانی

صحیح بخاری میں ہے۔ ضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَزْوَاجِهٖ بِالْبَقَرِ۔ حضورؐ نے اپنی بیویوں کی طرف سے گائے کی قربانی کی۔"

صحیح مسلم میں ہے۔ جابر بن عبداللہؓ روایت کرتے ہیں۔ نَحَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ۔ (مسلم)

صحابہؓ نے صلح حدیبیہ والے سال (۶ھ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات آدمیوں نے شریک ہو کر گائے کی قربانی کی۔"

ابن ماجہ میں ہے۔ اَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْحَرُوا الْبَقَرَ۔ حضورؐ نے صحابہؓ کو گائے کی قربانی کا حکم دیا۔"

گائے کی قربانی کی فضیلت

جمہور کا اتفاق ہے۔ کہ بکری کی قربانی سے گائے کی قربانی افضل ہے۔

فتاویٰ قاضی خواں میں ہے۔ والبقر افضل من الذکر من المعز۔ یعنی گائے کی قربانی بکرے کی قربانی سے افضل ہے"

حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ "غنیۃ الطالبین" میں فرماتے ہیں وافضلھا الابل ثم البقر ثم الغنم۔ بکرے سے گائے کی قربانی افضل ہے۔

قربانی کی کھال کا حکم

(۱) جو کوئی قربانی کی کھال بیچ کر اپنے کام میں لائے گا۔ اس کی قربانی قبول نہیں ہوگی۔

من باع جلد اضحیۃ فلا اضحیۃ لہ (رواہ الحاکم)

(۲) قربانی کی کھال قصاب۔ سقہ اور دائی وغیرہ کو اجرت میں دینی منع ہے۔ (ابو داؤد)

(۳) قربانی کی کھال فی سبیل اللہ دینی چاہیئے (بخاری مسلم)

(۴) قربانی کی کھال کے مستحق فقراء اور مساکین ہیں (بلوغ المرام)

قربانی کی کھال کا مصلیٰ

قربانی کی کھال کو فروخت کئے بغیر اپنے مصرف میں لانا جائز ہے۔ مثلاً اس کا ڈول، مشک، بستر

Marfat.com

پوستین یا مصلیٰ وغیرہ بنوا کر اپنے استعمال میں لا سکتے ہیں۔ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پاک کا فتویٰ ہے۔ واستمتعوا بجلودھا ولا تبیعوھا۔۔ قربانی کی کھال سے ہر طرح کا فائدہ اٹھا لو۔ ولیکن فروخت نہیں کر سکتے ہو۔" (منتقیٰ)

عید الاضحیٰ کی نماز

(۱) عید کے دن غسل کر کے اچھا لباس پہن کر خوشبو لگا کر بغیر کچھ کھائے عید گاہ جائیں (بخاری۔ مسلم)

(۲) جس راستے عید گاہ جائیں واپسی پر راستہ بدل کر آئیں (بخاری)

(۳) اس عید کی نماز جب آفتاب ایک نیزے پر آجائے تو پڑھ لینی چاہیئے۔ (بخاری)

عید الاضحیٰ کی نماز اولاً ۲ھ میں پڑھی گئی۔ پھر حضورؐ نے کبھی ترک نہیں کی۔ پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے بعد ہاتھ باندھ کر دعائے افتتاح پڑھیں۔ پھر ٹھہر ٹھہر کر سات تکبیریں کہیں۔ ہر بار رفع الیدین کریں اور ہاتھ باندھیں۔ پھر بلند آواز سے قرآن پڑھیں دوسری رکعت میں سیدھے کھڑے ہو کر پہلے پانچ تکبیریں کہیں۔ ہر تکبیر پر بدستور رفع الیدین کریں۔ اور ہاتھ باندھیں۔ (ابو داؤد)

امام پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قٓ اور دوسری میں اقتربت الساعۃ پڑھے یا سبح اسم اور ھل اتٰک!

عید کے دن سے لے کر تیرہ ذی الحجہ تک (نمازوں کے بعد) یہ تکبیر بلند آواز سے بکثرت پڑھتے رہیں:-

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْد (دارقطنی)

قربانی کیخلاف عطائیوں کا واویلا

قربانی کے متعلق بعض لوگ یہ پراپیگنڈا کر رہے ہیں کہ قربانی صرف حاجیوں کیلئے مکہ میں ہی دینی ضروری ہے۔ مکہ کے سوا دنیا کے گوشہ گوشہ اور چپہ چپہ پر جو لوگ قربانی کرتے ہیں، وہ ناجائز ہے۔ پھر اس چیز کو صرف زبانی ہی ہوا نہیں دی جا رہی ہے۔ بلکہ اسے معرض اشاعت میں بھی لایا جا رہا ہے۔ اور اس پراپیگنڈا سے کئی پڑھے لکھے لوگ جو مذہب سے سطحی واقفیت رکھتے ہیں ـــــ متاثر ہو رہے ہیں۔ اور اپنے ... کی آگے تشہیر کر کے عوام میں شکوک و شبہات پیدا کر رہے ہیں۔

ہمیں متعدد خطوط اور "پاکستان ٹائمز" کے تراشے بھجوا کر ...

Marfat.com

طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ کہ مسئلہ قربانی کی حقیقت پر روشنی ڈالی جائے اگرچہ اخبار و جرائد کے ذریعہ بھی ہم ایک حد تک اس مسئلہ کو واضح کر چکے ہیں۔ لیکن حج کے علاوہ جو قربانی گھر گھر دی جاتی ہے اسکی حقیقت ہم یہاں بھی کما ینبغی بیان کرتے ہیں۔ تاکہ یہ مسئلہ کتاب کے اندر دوام حیات پاکر ہمیشہ کے لئے ہدایت کا موجب ہو!

عمل بالقرآن کی صورت

قربانی کی اصلیت سمجھنے سے پہلے یہ حقیقت جان لینی چاہیئے کہ قرآن نے خدائی احکام و فرائض کو اصولی اور اساسی (FUNDAMENTAL) طور پر بیان کیا ہے۔ اور ان پر عمل درآمد کے طریقے اور قاعدے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھنے کا حکم دیا ہے۔ چنانچہ فرمایا۔ وَمَا اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ (پ ۲۸ ع ۴) اور جو (احکام خداوندی عملی صورت میں) دے تم کو رسول ؐ پس پکڑ لو اس کو مثلاً۔ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ۔ "نماز قائم کرو" سے نماز کی صرف فرضیت ثابت ہوتی ہے۔ اور نماز کا قیام۔ رکوع۔ سجدہ۔ قومہ۔ جلسہ۔ قعدہ وغیرہ اور ان حالتوں میں پڑھنے کی دعائیں قرآن نے نہیں بتائیں۔ بلکہ یہ سب کچھ امت نے فَخُذُوْهُ کے خدائی حکم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل سے لیا ہے۔ قرآن نے نماز کی ہیئت کذائی نہیں بتائی۔ اسی

طرح قرآن نے زکوٰۃ کو فرض کیا ہے۔ لیکن زکوٰۃ کا نصاب اور شرح زکوٰۃ بیان نہیں کی۔ کیونکہ یہ۔۔ امت نے رسولؐ پاک سے سیکھنا ہے اور پھر زکوٰۃ کے ذکر میں قرآن نے صرف سونا اور چاندی ہی کا ذکر کیا ہے۔ حالانکہ سونے اور چاندی کے سوا گائے، بھینس، اونٹ، بھیڑ، بکری اناج پھل، انگور اور شہد میں بھی زکوٰۃ فرض ہے۔ اور ان کا نصاب اور شرح زکوٰۃ بھی مقرر ہے۔ ظاہر ہے کہ ان چیزوں کا ذکر بھی قرآن میں نہیں ہے۔ اور امت نے یہ سب کچھ کو فعل رسول سے ہی لیا ہے اسی طرح روزوں کے سینکڑوں مسائل بھی ہم نے سنت رسول ہی سے حاصل کئے ہیں۔ اور مناسک حج بھی رسولِؐ خدا نے اپنے عمل سے مسلمانوں کو تعلیم فرمائے ہیں۔ پھر ختنہ، عقیقہ، ایجاب و قبول، تدفین و تکفین، ہجرت و جہاد کے ضروری مسائل، تمدنی، معیشتی اور معاشرتی زندگی کے اسلامی اصول و قواعد۔۔ سینکڑوں کفر، شرک اور بدعات کے مُدخِل آتش۔۔ عقائد و اعمال سے بچنے کے احکام، قرآن کے ماننے والوں نے "قرآن ناطقؑ" ہی سے سیکھے ہیں!

قربانی کی دو حیثیتیں

اسی طرح مسلمان بھائیوں کو مسئلہ قربانی سمجھنا چاہیئے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں حکم دیا ہے۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (پ ۳۰) اپنے رب

Marfat.com

کی نمازیں پڑھنا اور قربانیاں دیتا رہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ رسولؐ خدا نے اللہ تعالیٰ کے اس قربانی دینے کے حکم کو کس طرح عملی جامہ پہنایا ہے۔ حضورؐ کی سنت اور روش سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے مکہ میں حج کے دوران میں بھی قربانی دی ہے۔ اور گھر میں بھی یقیناً دیتے رہے ہیں۔ جو قربانی مکہ میں حج پر دی جائے۔ اسے ھَدْی کہتے ہیں اور گھر پر دی جانے والی قربانی کو اُضْحِیَہ بولتے ہیں۔ جیسا کہ حدیث کی کتابوں میں حج کی قربانیوں کو کتاب الحج کے ماتحت باب الھدی کے عنوان سے بیان کیا گیا ہے۔ اور گھروں میں کی جانے والی قربانیوں کا ذکر کتاب الاضحیا میں آیا ہے۔ تو اضحیہ گھروں میں کرنے والی قربانی ہوئی۔ اور اس کے احکام و مسائل بھی علیحدہ ہیں۔ اور ھدی حج میں کرنے والی قربانی ٹھہری اور اس کے احکام و مسائل جدا ہیں۔ دیکھئے امام بخاریؒ نے حج کی قربانیوں کو کتاب المناسک میں بیان کیا ہے اور گھروں کی قربانیوں کو کتاب الاضاحی میں لائے ہیں۔ اسی طرح موطا امام مالک کے اندر کتاب الضحایا میں گھروں کی قربانیاں مذکور ہیں۔ اور باب الھدی میں حج کی قربانیوں کے مسائل بیان ہوئے ہیں۔ اسی طرح صحیح مسلم۔ ابن ماجہ۔ ابوداؤد۔ نسائی

Marfat.com

ترمذی۔ تمام کتب حدیث میں گھروں کی قربانیوں کو کتاب الاضاحی میں بیان کیا گیا ہے۔ اور حج کی قربانیاں کتاب الھدی میں مذکور ہیں۔ بعینہٖ فقہ کی کتابوں میں بھی دو علیحدہ علیحدہ باب باندھے گئے ہیں جن میں حج اور گھروں کی قربانیوں کے جدا جدا احکام بتائے گئے ہیں۔ امید ہے۔ قارئین کرام ھَدی اور اُضحیہ کا فرق بخوبی سمجھ گئے ہوں گے!

حج کی قربانیاں

اب آپ کے سامنے حج کی قربانی کا ذکر کیا جاتا ہے جسے ھَدْی کہتے ہیں۔ اس کی چند صورتیں ہیں۔

پہلی یہ ہے کہ آدمی جب حج کی نیت سے احرام باندھ لے اور پھر کسی دشمن کے ڈر سے یا کسی اور تکلیف کے باعث خانہ کعبہ نہ پہنچ سکے۔ تو اپنی طرف سے بطور کفارہ کے قربانی کا جانور حرم پاک میں بھیج دے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ جو شخص احرام باندھ لینے کے بعد کسی مجبوری کی وجہ سے سر کے بال کتروا ڈالے تو قربانی کا کفارہ دے۔

تیسری صورت قربانی دینے کی شکرانہ کے طور پر ہے کہ جو شخص ایک ہی احرام سے حج اور عمرہ دونوں ادا کرے۔ تو اس تمتع کے شکرانہ میں قربانی دے۔ چنانچہ — فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ — میں قرآن کے اندر اسی قربانی کا ذکر آیا ہے۔

Marfat.com

اسی طرح اگر محرم شکار کر بیٹھے تو اس کو بھی قربانی دینی پڑے گی ایسے ہی طواف الزیارۃ سے قبل اگر کوئی اپنی بیوی سے صحبت کرے تو وہ بھی قربانی دے گا۔ موطا امام مالک میں ہے کہ ایک شخص نے مقام منا میں طواف الزیارۃ سے پہلے اپنی بیوی سے مجامعت کر لی تو عبداللہ ابن عباس نے اس کو ایک اونٹ قربانی دینے کا حکم فرمایا۔

پھر ایک قربانی اور ہے کہ آدمی خود تو کسی وجہ سے حج کرنے نہ جائے اور بطور ہدیہ کے قربانی کسی کے ہاتھ بیت اللہ بھیج دے۔ چنانچہ ابوداؤد میں کتاب الحج میں ایسی قربانی کا ایک مستقل باب باندھا گیا ہے — یعنی "ھدی بھیج کر خود ٹھیرے رہنا"۔ اسی باب میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی صدیقہ فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے ہاتھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کے قلادے[1] بٹے۔ پھر آپ نے اونٹوں کو اشعار کر کے اور قلادے پہنا کر بیت اللہ کو بھیج دیا۔ اور آپ خود مدینہ میں قیام پذیر رہے"۔

پانی مرنے کی وجہ بعض لوگوں کو رسول خدا کے اس ھدی بھیجنے سے یہ مغالطہ لگ گیا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ قربانی صرف مکہ میں ہی جائز ہے گھر پر نہیں اگر مکہ کے سوا کسی اور جگہ جائز ہوتی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] پٹے جو مکہ میں قربانی دیئے جانے والے جانوروں کا نشان ہوتا تھا۔ (صادق)

Marfat.com

اونٹوں کو حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے ہاتھ کیوں خانہ کعبہ بھیجتے؟ ان بھائیوں کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ یہ اونٹوں کا بھیجنا قربانی کی متعدد اقسام میں سے ایک قسم ہے اور یہ ارسال ھدیٰ۔۔۔ گھر پر قربانی دینے کے منافی نہیں ہے۔ کیوں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم یہ ھدی مکہ بھیجکر گھر پر بھی قربانی (اُضحیہ) کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ آگے ذکر آتا ہے پھر تمام محدثین نے حضورؐ کے اس ارسال ھدی کو کتاب الحج کے "باب الھدی" میں ذکر کیا ہے۔ "کتاب الاضحیہ" میں بیان نہیں کیا جو اس بات کی دلیل ہے کہ گھر پر بیٹھے رہ کر مکہ میں قربانی بھیجنا ایک علیحدہ چیز ہے۔ الگ قسم ہے۔ اقسام ھدای کی ایک نوع ہے جس کا حکم دوسرا ہے۔ اور اس کے اثبات سے گھروں کی قربانی کی نفی کرنا دین کو پورے طور پر نہ جاننے کا ثبوت ہے۔ اور۔۔۔ فنِ عمارت سیکھے بغیر شاہی عمارتوں کے ٹھیکے لینا ہے تمام روئے زمین پر آپ کو کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا۔ جس نے دین باقاعدہ اساتذہ سے پڑھا ہو اور پھر وہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ میں ارسال ھدی کو گھروں کی قربانی کے منافی قرار دے۔

قرآن مجید میں سورہ بقرہ اور سورہ حج میں جن قربانیوں کا ذکر

Marfat.com

آیا ہے۔ وہ یہی قربانیاں ہیں۔ جن کا حال آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔ قرآن نے ان قربانیوں کو موضوع حج کے ضمن میں بیان کیا ہے۔ یعنی اصل موضوع حج ہے۔ قربانی نہیں۔ اب آپ کو معلوم ہوگیا۔ کہ یہ قربانیاں حج کی بھول چوک اور حج کے کسی ضابطے کی خلاف ورزی کے سبب دینی پڑتی ہیں۔ اگر حاجی سے کسی قاعدہ اور اصول کی خلاف ورزی نہ ہو تو مذکورۃ الصدر قربانیاں دینی لازم نہیں آئیں گی۔ ہاں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سمجھ کر ہر حاجی بخوشی قربانی دے سکتا ہے۔ کہ حضور نے آخری حج کے موقعہ پر سو اونٹ اللہ کے نام پر قربان کئے تھے!

حاجی پر قربانی واجب نہیں

اس کے علاوہ یہ بات بھی ذہن نشین رہے۔ کہ جب حاجی حج کے لئے گھر سے نکلتا ہے تو وہ مسافر ہوتا ہے اور مسافر پر نہ قربانی واجب ہے اور نہ نماز عید۔ یہی وجہ ہے۔ کہ حاجی لوگ دسویں ذی الحجہ کو طواف وغیرہ ہی کرتے ہیں اور نماز عید نہیں پڑھتے! برخلاف اس کے — مقیم پر نماز اور قربانی دونوں واجب ہیں۔ کہ وہ گھر پہ نماز بھی پڑھے اور پھر قربانی بھی ضرور دے

گھروں کی قربانیاں

اب آپ گھر پہ قربانی کرنے کی دلائل سنئیں یہ دلائل اور شواہد آپ کو کتب حدیث

"کتاب الاضحیٰ" میں ملیں گے۔ اور یہ امر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ کہ دسویں ذی الحجہ کو جو عید آتی ہے۔ اس کا نام عید الاضحیٰ ہے۔ عید الھدی نہیں! اور اضحیٰ ان کو قربانیوں کو کہتے ہیں۔ جو ہر جگہ دسویں۔ گیارھویں اور بارھویں ذی الحجہ کو کی جائیں اور ھدی نے مخصوص مکہ میں کی جانے والی قربانی کو بولتے ہیں تو گویا عید الاضحیٰ کے نام سے ہی گھروں والی قربانی کو حج والی مکے کی قربانی پر ترجیح اور اہمیت حاصل ہے۔

کہا گیا ہے[1]۔ کہ رسولؐ خدا سے عید کے موقعہ پہ مدینہ میں قربانی کرنا ثابت نہیں ہے۔ گذارش ہے کہ درحقیقت یہ بات صرف وہی لوگ کہہ سکتے ہیں۔ جو دین کا محض سطحی علم (SUPERFICIAL KNOWLEDGE) رکھتے ہوں۔ حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام زندگی ہر سال عید پہ مدینہ میں قربانی کرتے رہے ہیں۔ ترمذی میں صحیح حدیث موجود ہے۔ الفاظ ملاحظہ ہوں :۔

حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں :۔ اقام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالمدینۃ عشر سنین یضحی (ترمذی)

[1] "پاکستان ٹائمز" کے "ایڈیٹر کے نام خطوط" کے کالموں میں طبع ہونیوالے مراسلوں کی طرف اشارہ ہے۔ (صادق)

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم دس برس مدینہ میں ٹھیرے رہے ہر سال (عید پر) قربانی کرتے تھے۔"

غور فرمایا آپ نے کہ حضورؐ تمام مدنی زندگی میں ہر سال قربانی دیتے رہے ہیں اور کسی برس ناغہ نہیں کیا۔ آپ کے اس ناغہ نہ کرنے سے جمہور علماء نے ہر سال گھر گھر قربانی کرنے کو واجب کہا ہے

صحیح بخاری میں ہے۔ کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یذبح وینحر بالمصلی۔ حضورؐ عیدگاہ میں قربانی ذبح کرتے تھے۔"

ھجرت کے بعد آپ نے مدینہ ہی میں عیدگاہ میں قربانی دینی شروع کی۔ یعنی مدینہ میں آپ باہر جنگل میں جاکر نماز عید پڑھتے تھے۔ اور نماز کے بعد وہیں قربانی کرتے تھے۔ فرمائیے، حجۃ الوداع میں آپ نے کہاں نماز عید پڑھی؟ اور مکہ کے اندر کس عیدگاہ میں قربانی کرتے تھے؟

ترمذی۔ نسائی اور ابن ماجہ میں ہے۔ حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے۔ کہ عید قربان آگئی۔ پھر ہم گائے میں سات آدمی اور اونٹ میں دس آدمی شریک ہوئے۔"

قابل غور امر ہے کہ یہ قربانی بھی حضور نے اور آپ کے ساتھ

سب مسلمانوں نے مکہ کے سوا کسی اور مقام پر دی ---!" پھر کس طرح عام مسلمانوں کو یہ کہہ کر گمراہ کیا جاتا ہے - کہ مکہ کے سوا --- حج کے موقعہ کے علاوہ، کہیں قربانی کرنی جائز نہیں ؎

رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم!
تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا

گھر گھر قربانی کی تاکید

ایک اور قول فیصل سنیئے - کہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر حضور انورؐ نے سوا لاکھ صحابہؓ کو ہر سال گھر گھر قربانی کرنے کی یوں تاکید فرمائی -

یا ایھا الناس ان علی کل اھل بیت فی کل عام اضحیۃ

(ترمذی - ابو داؤد - نسائی - ابن ماجہ)

"لوگو! تحقیق ہر گھر والے پر ہر سال اضحیہ (قربانی) واجب ہے!"

فرمائیے --- ؟ اگر صرف حج والے پر ہی ہر سال قربانی واجب ہے - تو کیا ہر گھر والے پر ہر سال حج بھی واجب ہے؟ ظاہر ہے - کہ حضورؐ یہ حکم تمام مسلمانوں کو دے رہے ہیں کہ ہر مسلمان . . . . . . ہر گھر وال، ہر سال (جو مفروض نہ ہو) ضرور ضرور قربانی کرے اور پھر آپ نے یہاں "ھدی" نہیں فرمایا - بلکہ اضحیہا (ہر جگہ عید پر دی جانے والی قربانی)

Marfat.com

ارشاد فرمایا۔

بخاری مسلم میں ہے۔ کہ کچھ لوگوں نے نمازِ عید سے قبل قربانیاں کر دیں۔ حضورؐ نے نماز سے فارغ ہو کر قربانیوں کا گوشت دیکھا۔ تو فرمایا۔ جس نے نمازِ عید سے پہلے ذبح کیا۔ اسے چاہیئے کہ اب نماز کے بعد اور (قربانی) ذبح کرے"۔ (کیونکہ نمازِ عید سے پہلے ذبح کرنے سے قربانی قبول نہیں ہوتی)

یہ واقعہ بھی یقیناً مدینہ منورہ کا ہے۔ کیونکہ مکہ میں حج کے موقعہ پر نمازِ عید پڑھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی حضور نے آخری حج کے وقت مکہ میں نمازِ عید پڑھی۔ ثابت ہوا کہ آپ قربانیوں کے متعلق یہ حکم مدینہ منورہ میں ہی دے رہے ہیں۔ جہاں آپ نے عید الاضحیٰ لوگوں کو پڑھائی۔

امید ہے۔ قارئین کرام کو تسلی ہو گئی ہو گی اور مکہ میں حج کی قربانی اور گھروں کی قربانی کی نوعیت۔ واقعیت اور ان کے احکام کی جداگانہ تفصیل نے حقیقت کو واشگاف کر دیا ہو گا۔!

مسلمانوں کے آگے یہ اپیل کی گئی ہے۔ کہ یہ ——— DOOR TO DOOR SACRIFICE - "گھر گھر قربانی مُلّانوں کا جوا ہے۔ جسے اُتار پھینکنا چاہیئے"۔ یہ آواز دراصل قربانی کے

Marfat.com

خلاف عطائیوں (LAY MEN) کا واویلا ہے۔ ہماری گذارش یہ ہے۔ کہ فی الواقع ملا کا جوا جتنی جلدی اتار پھینکا جائے اتنا ہی اچھا ہے۔ اور ملا ازم سے مسلمانوں کو جتنی جلدی بھی نجات ملے ان کی خوش بختی اور سعادت ہے۔ لیکن یاد رہے کہ موجودہ قربانی اللہ واحد القہار کا جوا (YOKE) ہے۔ جسے رسالتؐ کے ہاتھوں نے ہمارے کندھوں پر رکھا ہے۔ اسے اتارنے کا خیال کرنا الحاد کے گڑھے میں گرنا ہے۔

پاکستان کی آزادی کے حصول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم کتاب وسنت کی پابندی سے بھی آزاد ہو جائیں ؎

صنوبر باغ میں آزاد بھی ہے پا بگل بھی ہے
انہیں پابندیوں میں حاصل آزادی کو تو کر لے

شب برات

اسلام میں جو مذہبی تہوار آتے ہیں۔ وہ کسی انسان کے مقرر کئے ہوئے نہیں ہیں۔ بلکہ وہ خدائے لایزال کے بنائے ہوئے ہیں۔ کیونکہ اسلام میں جس چیز کو بھی کوئی مذہبی حیثیت حاصل ہے وہ خدائی حکم

Marfat.com

اور قانون سے ہے۔

یاد رہے۔ کہ اسلام میں صرف دو ہی عظیم الشان تہوار ہیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ۔ ان تہواروں کی اصل و اساس بھی خدا کی توحید۔ اس کی عبادت اور اسکی حمد و ستائش اور تہلیل و تکبیر پر ہے۔ گویا تہوار مقرر کرنے والے نے ان کے منانے کے طریقے اور سلیقے بھی بتا دیے ہیں۔ مسلمان کے اسلام اور اسکی تفصیلی شرافت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ عبادات الٰہیہ کی بجا آوری میں مداخلت فی الدین نہ کرے اور انہیں اپنی نفسانی خواہشات اور ملکی رسم و رواج کا لباس نہ پہنائے۔

اسلامی تہواروں کے علاوہ بعض دنوں اور راتوں کو بھی اسلام میں اہمیت حاصل ہے۔ اس اہمیت — شرعی اہمیت کی تعین و تبیین بھی خدا نے ہی فرمائی ہے۔ ایسے تمام خدائی احکام و ارشادات کی خبر صرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان پاک سے ہی ہم کو معلوم ہوتی ہے۔ امت میں سے کسی بڑی سے بڑی شخصیت کو بھی یہ حق حاصل نہیں۔ کہ وہ اسلام کے اندر کوئی مذہبی تہوار مقرر کرے کسی دن، رات یا وقت کو اپنی طرف سے متبرک قرار دے کر منائے یا منانے کا حکم دے۔

شعبان کی پندرھویں تاریخ (شب برات) خدا کے نزدیک بہت

Marfat.com

بزرگ اور مرتبہ والی ہے۔ اکثر لوگ اسے شب قدر کہتے ہیں — جو غلط اور بے خبری پر مبنی ہے۔ شب قدر رمضان کے اخیر عشرہ میں ہوتی ہے۔ جسے لیلۃ القدر بھی کہتے ہیں۔ اس کا حال آپ پہلے پڑھ چکے ہیں۔ نصف شعبان کی رات شب برات کہلاتی ہے اس رات کی بندگی۔ عبادت اور دعا و استغفار خدا کی جناب میں بہت مقبول اور ماجور ہے۔ چنانچہ اکرم الاولین واکرم الآخرین امام الانبیاء والمرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (ابی وامی) ارشاد فرماتے ہیں۔ رجب اور رمضان کے درمیان ایک مہینہ (شعبان) آتا ہے کہ لوگ اسکی برکتوں سے تغافل برتتے ہیں اور اس مہینے میں خدا کے سامنے لوگوں کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں "۔ (نسائی شریف)

حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ فرماتی ہیں۔ میں نے (اپنی باری کو) ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بستر پر نہ پایا۔ پھر میں نے آپ کو (تلاش کرتے کرتے) ناگہاں بقیع میں دیکھا۔ حضورؐ نے فرمایا۔ عائشہ رضؓ! کیا تو اس بات سے ڈری تھی کہ تجھ پر اللہ اور اس کا رسولؐ (تیری باری کا حق مار کر) ظلم کرے۔ میں نے کہا۔ اے خدا کے رسولؐ! میں نے گمان کیا تھا کہ آپ (خدا کے حکم سے) اپنی کسی بیوی کے پاس گئے ہونگے پھر آپ نے فرمایا۔ عائشہ رضؓ! آج پندرھویں شب شعبان ہے (شب برات ہے) اللہ تعالیٰ اس رات میں

آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے (دریائے رحمت ملاطم خیز ہوتا ہے) اس رات کو وہ بنی کلب کے ریوڑ کے بالوں سے زیادہ (لوگوں کے) گناہ بخشتا ہے۔ (عائشہ! اسلئے میں بستر چھوڑ کر یہاں علیحدہ عبادت کیلئے آگیا تھا۔ (ترمذی)

حضرت علیؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (مسلمانو!) جب شعبان کی پندرھویں رات آئے اس رات میں نماز پڑھو۔ اور اس (کے پندرھویں دن) کا روزہ رکھو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس رات میں غروب آفتاب کے وقت آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے۔ (رحمت کی برکھا برستی ہے) پھر خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ خبردار! ہے کوئی بخشش مانگنے والا کہ بخشش دوں اس کو؟ خبردار! ہے کوئی رزق مانگنے والا کہ رزق دوں اس کو؟ خبردار! ہے کوئی گرفتار بلا کہ عافیت دوں اس کو؟ خبردار! ہے کوئی ایسا اور ایسا! (یعنی ایسی ایسی حاجتوں والا؟) فرماتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ طلوع فجر تک۔" (ابن ماجہ)

بتا تیری رضا کیا ہے؟ | شب برات کی بزرگی اور فضیلت آپ ملاحظہ فرما چکے کہ قبیلہ بنی کلب کی بھیڑوں کے بالوں سے زیادہ خطا کاروں اور گنہگاروں کو اس رات خدائے غفار بخشتا اور ان پر اپنی رحمت فرماتا ہے

اس رات قدوس لایزال آسمان دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے۔ اس کی رحمت کی گھٹائیں خوب برستی ہیں۔ اور بخشش کے اتھاہ سمندر کی موجوں میں اضطراب ہوتا ہے۔ ہر خاطی اور عاصی کے لئے مغفرت کی آغوش وا ہوتی ہے۔ حاجت روائیوں اور مشکل کشائیوں کے دروازے خدا آپ کھولتا ہے۔ حدیث فوق الذکر میں آپ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن چکے ہیں۔ کہ خدا تعالیٰ اس رات میں ہر حاجتمند۔ محتاج کی حاجتوں اور احتیاجوں کا نام لے کر پکارتا ہے۔ اور انہیں خبردار اور ہوشیار کر کے دامن حوائج پھیلانے کو کہتا ہے جس کا مطلب یہ ہے۔ کہ خدا بندے سے خود پوچھتا ہے:-

بتا تیری رضا کیا ہے؟

جب آپ کو معلوم ہو گیا۔ کہ شب برات کی اس قدر بزرگی اور فضیلت ہے۔ کہ خدا بندے سے خود ہم کلام ہوتا ہے۔ آپ باتیں کرتا ہے۔ دست طلب سے باب اجابت کو دستک دینے کا حکم کرتا ہے ...... تو از راہ انصاف سوچیں اور توحید و رسالت کے اقرار کی ذمہ داریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جائزہ لیں کہ ـــــ کیا ہم رسمی ختموں کو پڑھوا کر نان و حلوہ کھیے

انبار لگا کر شب برات کے مسنون فرائض سے عہدہ برآ ہو سکتے ہیں؟ کیا یہ کام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پاک خلفائے راشدین کی روش، تابعین اور تبع تابعین کے عمل سے کہیں ثابت ہیں؟ "روح ملانے کے ختم" کے رزق لئے ایجاد فی الدین کی فضا میں کبھی طائر لاہوتی کے پر نوچے تھے؟ جب جواب نفی میں ہے۔ اور یہ چیزیں قرون مشہود لہا بالخیر میں کالعدم تھیں۔ لیکن ہم نے ان کو شب برات کا لازمہ قرار دے رکھا ہے۔ تو پھر ہماری مسلمانی کی کیا قدر و قیمت ہو سکتی ہے اور شافع روز جزا کو کل ہم کونسا منہ دکھائیں گے؟

سنت ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق تو ہم کو یہی کرنا چاہیئے کہ شب برات کی مبارک رات کو کثرت سے نوافل پڑھیں۔ ہر رکعت کو لمبے قیام۔ دراز رکوع۔ طویل سجدے اور مطمئن قومے سے آراستہ کریں۔ خدا کی تسبیحیں پڑھیں۔ قرآن مجید کی تلاوت کریں۔ اور خواجہ دوسرا ارواحنا لہ الفدا صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود بھیجیں۔ دوران عبادت میں عجز و الحاح اور خضوع و خشوع مد نظر رہے!

شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں۔ " اندروں از طعام خالی دار تا دراں

نورِ معرفت بینی" اے عابد! اگر تو اپنے اندر نورِ معرفت اور خدا کا جلوہ دیکھنا چاہتا ہے۔ تو پیٹ کو (نان و حلوہ اور فرنی و کھیر کی کثرت سے) خالی رکھ کر شب زندہ داری کر۔ تاکہ شبِ برات کی عبادت اور مکالمہ الٰہی میں کسل و کاہلی لاحق نہ ہو۔

رمضان کا شرفِ صحبت

شعبان کے مہینہ کی فضیلت اور پندرھویں شب کی بزرگی کا باعث یہ ہے۔ کہ ماہِ شعبان کو رمضان کا شرفِ صحبت حاصل ہے اور اسی طرح شوال کو بھی رمضان سے شعبان کی طرح اتصال کامل ملا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ شوال کے چھ روزوں کا ثواب سال بھر کے نفلی روزوں کے ثواب کے برابر ہے۔ سبحان اللہ! رمضان کے قرب و ملاپ کے سبب اس سے پہلے اور پچھلے مہینوں کے درجات و فضائل بیان نہیں ہو سکتے۔ تو اس سے رمضان اور رمضان کی شب قدر کے فضائل کی کہکشاں گیری کا آپ کیا اندازہ لگا سکتے ہیں! اس سے چھونے والے مہینوں کی ضیاباری درخورِ صد تحسین ہے۔ تو جو لوگ رمضان کے اندر داخلے اور حاضری کے شرف سے ممتاز ہوتے ہیں۔ ان کا مقام کون بیان کرسکتا ہے؟ اور مقابلۃً رمضان کی بزرگی کہاں تک ہے یعنی کون

Marfat.com

جان سکتا ہے؟

فضائلِ قرآن!

از یک آئینے مسلماں زندہ است
پیکرِ مسلم ز قرآں زندہ است!

حضرت آدم علیہ السلام اپنی رفیقہ حیات کے ساتھ بہشت میں رہتے تھے۔ شجرہ ممنوعہ کا پھل کھا کر — وَعَصٰٓى اٰدَمُ رَبَّهٗ۔ کے جرم میں پکڑے گئے۔ فی الفور بہشت چھین لی گئی۔ اور انہیں نیچے اتار دیا گیا۔ نہ صرف حضرت آدم و حوا ہی بہشت سے نکالے گئے۔ بلکہ ان کی اولاد بھی جو پشت میں تھی — محرومِ الارث ہو گئی!

ہبوطِ آدم کے بعد سب سے پہلی وحی جو خدا کی طرف سے ان پر نازل ہوئی، یہ تھی:-

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ٥ (پ۱)

پھر اے آدم تو اور تیری اولاد سن لے۔ کہ، جو ہدایت تمہارے پاس میری طرف سے آئیگی۔ جو کوئی (صرف) میری ہدایت

کی پیروی کرے گا۔ ان پر نہ کچھ ڈر ہے اور نہ وہ غمگین ہونگے"

شاہراہ بہشت پر چراغاں

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ آدم علیہ السلام کی لغزش کی پاداش میں آدم اور اس کی اولاد کو جو دنیا کا پر فتن، اور صبر آزما سفر در پیش آیا ہے — اس مستقر میں اگر وہ، فقط آسمان سے اتری ہوئی وحی پر عمل پیرا ہوں گے۔ محض خدا ہی کے اوامر پر چلینگے۔ اور صرف اسی کی نواہی (شجرہ ممنوعہ در دنیا) سے باز رہیں گے۔ تو دنیا میں ایسی فرمانبردار زندگی بسر کرنے والوں کو ان کا سفر ختم ہوتے ہی — بعد موت ان کے باپ کی وراثت ان کے حوالہ کردی جائیگی۔ اور وہ بے کھٹکے بہشت میں داخل ہو جائینگے لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔ انہیں کے حق میں وارد ہوا ہے!

پھر اس سفر میں عابرین سبیل کی رہنمائی کے لیئے خدا تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کے بھیجنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ حضرات انبیاء علیہم السلام آتے رہے۔ اور وحی الٰہی کی مشعلوں سے بہشت کو جانے والی شاہراہ " مَا اَنَا عَلَيْهِ وَاَصْحَابِيْ " پر چراغاں کرتے رہے یہاں تک کہ بنی نوع انسان کی ہدایت کے لیئے — کہ راہ نہ بھول

جاتیں۔۔۔ خدا تعالیٰ کے آخری رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ اس کی آخری وحی کے ساتھ مبعوث ہوئے۔ زمانہ نبوت کے تئیس سال میں خدا تعالیٰ کے اس مرسل اعظم نے صرف خدا ہی کی وحی پر عمل کر کے لوگوں کو وحی (قرآن) پر چلنے کا طریقہ بتایا (جو احادیث سے ملتا ہے) اور ساتھ ہی امت کو تاکید کی

عَلَيْكُمْ بِالْقُرْاٰنِ فَاتَّخِذُوْهُ اِمَامًا۔ (جامع صغیر)

لازم پکڑو قرآن (وحی) کو اور (صرف) اسی کو اپنا امام بناؤ۔

قرآن کی امامت و پیشوائی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کی امامت و پیشوائی اس لیے لازم قرار دی۔ کہ یہی اور صرف یہی وحی (ہدایت الٰہی) ہی آدم کی ذریت کو منزل مقصود تک پہنچا سکتی ہے۔ اور ان کی وراثت انہیں واپس دلا سکتی ہے!

حقیقت خرافات میں کھو گئی

لیکن افسوس! امت نے آسمانی ہدایت (قرآن) کو گلدستہ طاق نسیاں بنا دیا۔ اور اس کی امامت کی اقتدار سے دست بردار ہو گئے۔ اس کی روشنی میں چلنے سے دم چرالیا۔ اور اس طرح قرآن کی حقیقت کو کھو دیا ہے

حقیقت خرافات میں کھو گئی
یہ امت روایات میں کھو گئی (اقبالؒ)

یہاں روایات سے حدیث نبویؐ کی روایات مقصود نہیں ہیں۔ بلکہ مُلّا اِزم کی وہ مانیؔ تھالوجی مراد ہے جس کی ساحری نے سادہ لوح مسلمانوں کی بصیرت چھین لی ہے۔ اور نور بصیرت سےؔ بے بہرہ ہونے کے بعد "اِتَّخَذُوْا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ" کے مصداق ہو گئے۔

نجات و فلاح کی صورت

الحاصل اب دنیا و آخرت کی نجات و فلاح کے لئے ضرورت اس امر کی ہے۔ کہ رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق قرآن مجید کی طرف رجوع کیا جائے۔ غور و فکر سے اس کے مطالب و معارف کو سمجھیں۔ اس کے اوامر کی شراب طہور سے سرشار ہوں۔ اور نواہی کے خار مغیلاں سے دامن سمیٹ کر گزر جائیں!

اس موضوع میں ہم قرآن (وحی الٰہی) کی محاسن و برکات اور

ؔ قصے کہانیاں۔ ؔ بنا لیا (یہودیوں اور عیسائیوں نے) اپنے علماء و مشائخ کو اللہ سے ورے "رب" (کہ دین میں بغیر دلیل کے انکی مانتے تھے)

Marfat.com

اس کے فضائل لاکلام حامل وحی جناب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی بیان کرتے ہیں۔ تاکہ قارئین کرام میں قرآن خوانی کا جذبہ پیدا ہو۔ وہ قرآن کو کما حقہ سیکھیں اور لوگوں کو سکھائیں اور پھر اس پر عمل کر کے مقصود زندگی پائیں۔

بہتر مسلمان کون ہے

وَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ (بخاری)

حضرت عثمانؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم میں سے بہتر وہ شخص ہے۔ کہ جس نے قرآن (اسکے حقائق و معارف اور احکام و مطالب کے ساتھ) سیکھا اور (پھر) اسے اوروں کو سکھایا۔"

قرآن بالعمل کی تبلیغ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری حج کے موقعہ پر جب کہ آپ کے لوئے توحید کے نیچے تقریباً سوا لاکھ صحابہؓ جمع تھے۔ انہیں مخاطب کر کے فرمایا:۔

اَلَا ھَلْ بَلَّغْتُ ـــــ کیا میں نے (تمہیں قرآن بالعمل) پہنچا دیا؟" پھر حضورؐ نے آسمان کی طرف اپنی انگشت شہادت سے اشارہ

کیا۔ اور پھر اسے لوگوں کی طرف جھکایا۔ تین بار ایسا ہی کیا۔ اور تین بار ہی زبان مبارک سے یہ فرمایا:۔

اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ ۔ اَللّٰھُمَّ اشْھَدْ ۔ اَللّٰھُمَّ اَشْھَدْ ۔ الٰہی تو گواہ رہ! کہ میں نے تیری وحی۔ آسمانی ہدایت ۔ قرآن مجید ان کو من وعن پہنچا دیا ہے۔ پھر آپ نے صحابہؓ کو حکم دیا:۔

"فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ"

جو یہاں موجود ہیں۔ ان پر فرض ہے۔ کہ قرآن اور میرے عمل بالقرآن (حدیث) کو ان لوگوں تک پہنچا دیں۔ جو یہاں موجود نہیں ہیں"۔ (بخاری، مسلم، طبقات ابن سعد)

تاریخ ۔ اس بات پر شاہد ہے۔ اور زمانہ بھی اس بات کی گواہی دیتا ہے۔ کہ وہی صحابہؓ قرآن مجید کا سحاب تبلیغ بن کر آسمانِ دنیا پر چھا گئے ۔ تعلیم وتفہیم اور علم وعرفان کی باراں بن کر برسے۔ کہ آج ہمیں بھی ان ہی کی تبلیغ کے فیضان سے دولت اسلام حاصل ہے۔

غور کریں۔ کہ حدیث مذکور میں حضرت اکرمؐ کا ارشاد کس قدر جامع اور درست ہے۔ کہ ۔ "تم میں سے بہتر وہ ہے۔ جو

Marfat.com

قرآن کریم کو سیکھیے اور دوسروں کو سکھائیے

تمام مسلمان بھائیوں علی الخصوص سکولوں اور کالجوں کے طلبہ سے ہماری یہ گزارش ہے۔ کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق قرآن مجید کا سیکھنا اور سکھانا ــــ صحیح معنوں میں اپنی زندگی کے دستور العمل میں داخل کرلیں۔ کیونکہ وحی الٰہی کی تعلیم اور تعلّم اور اس پر عمل پیرا ہونے سے بڑھ کر دنیا میں کوئی نیکی نہیں ہے۔ تمام انبیاء علیہم السلام نے بھی دنیا میں آسمانی ہدایت ہی کی اشاعت کی۔ اور جناب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی قرآن ہی بذریعہ جبریلؑ خدا تعالیٰ سے سیکھا۔ جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے۔ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ــــ اور پھر سیکھ کر دنیا کو عمل (حدیث) کے ساتھ سکھایا!

ہر حرف پر دس نیکیاں

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ وَّالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا لَا اَقُوْلُ الٓمّٓ حَرْفٌ اَلِفٌ حَرْفٌ وَّلَامٌ حَرْفٌ وَّمِيْمٌ حَرْفٌ۔ (ترمذی)

Marfat.com

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص قرآن میں ایک حرف پڑھے۔ تو ہر حرف کے عوض ایک نیکی ہے۔ وہ نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے (یعنی ہر حرف پر دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں)، میں نہیں کہتا (فرمایا حضورؐ نے) کہ الٓمٓ ایک حرف ہے (بلکہ) الف ایک حرف ہے۔ اور لام ایک حرف ہے۔ اور میم ایک حرف ہے۔ (گویا تین حرف ہوئے۔ اور الٓمٓ کہنے سے تیس نیکیاں لکھی گئیں)

غور فرمایئے! — کیا قرآن کے سوا کوئی اور کتاب بھی ہے۔ کہ جس کے پڑھنے سے نیکیاں ملتی ہیں؟ نہیں! وحی الٰہی کے سوا کسی کتاب کو یہ شرف حاصل نہیں! صرف قرآن ہی ایک وہ کتاب ہے۔ کہ جس کے پڑھتے ہی "کِرَامًا کَاتِبِیْن" نیکیاں لکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ سبحان اللہ! قرآن کے بارے میں کتنا وسیع فضلِ یزداں ہے!

اور پھر جو شخص قرآن مجید پڑھتے وقت ہر ہر آیت پر غور و فکر کرے۔ آیات رحمت پر اس کو خوشی ہو۔ اور اس پر رحمت مانگے اور عذاب کی آیات پڑھتے ہوئے آنکھیں آنسو گرائیں۔ اور عذاب سے

پناہ پکڑے۔ اور پھر ہر امر و نہی پر سوچ بچار کرتے ہوئے عمل کرے ۔ جس قرآن کے پڑھنے والے کو یہ کیفیت اور توفیق عمل حاصل ہو۔ اس کے ثواب اور رضائے ایزدی کے دریا کا پاٹ کون معلوم کر سکتا ہے؟

والدین کی توقیر کا منظر

عَنْ مُعَاذِ بْنِ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ وَعَمِلَ بِمَا فِيْهِ اُلْبِسَ وَالِدَاهُ تَاجًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ضَوْءُهُ اَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِيْ بُيُوْتِ الدُّنْيَا لَوْ كَانَتْ فِيْكُمْ فَمَا ظَنُّكُمْ بِالَّذِيْ عَمِلَ بِهٰذَا (احمد)

معاذ جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص قرآن پڑھے۔ اور جو کچھ (امر و نہی) قرآن میں ہے، اس پر عمل بھی کرے۔ تو قیامت کے دن اس کے ماں باپ کو (ایسا) تاج پہنایا جائے گا۔ جس کی روشنی اس آفتاب سے جو تمہارے دنیا کے گھروں کے اندر ہو بہت اچھی (اور بڑھ کر) ہوگی۔ پھر کیا گمان ہے تمہارا اس شخص کے متعلق جس نے قرآن مجید پر عمل بھی کیا۔

ملاحظہ:۔ آپ اپنی نرینہ اور مادینہ اولاد کو ضرور قرآن

کی تعلیم دیں۔ اور صرف ناظرہ ہی نہ پڑھائیں۔ بلکہ اسکا ترجمہ اور مفہوم بھی سکھائیں۔ تاکہ وہ قرآن پڑھ کر بالراست صحیح دین سے واقف ہو کر خدا کے احکام پر عمل بھی کر سکیں۔ آپ کی قرآن پڑھی ہوئی ایسی اولاد آپ کے لئے صدقہ جاریہ بن کر قیامت کے دن عزت و توقیر اور نجات و فلاح کا موجب ہو گی۔ فوق الذکر حدیث میں آپ نے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ معلوم کر لیا ہے۔ کہ اولاد کو قرآن پڑھانے والے ماں باپ کو قیامت کے دن ایسا نورانی تاج پہنایا جائے گا۔ جس کی روشنی — ہمارے دنیا کے گھروں کے اندر آئے ہوئے آفتاب سے بڑھ چڑھ کر ہو گی۔ یعنی یہ سورج جو چوتھے آسمان پر چمکتا ہے۔ کس قدر تیز روشنی رکھتا ہے۔ اگر یہی آفتاب بالفرض ہمارے گھروں کے اندر طلوع کرے۔ تو پھر اس کی روشنی کتنی تیز ہو گی؟ لیکن جو تاج اولاد کو قرآن پڑھانے والے والدین کو پہنایا جائے گا۔ اس کی روشنی — گھروں کے اندر روشن ہونے والے آفتاب سے تیز ہو گی!! اور پھر تمام لوگوں کی نظر ایسے نورانی تاج والوں کے چہروں پر پڑے گی۔ اور ان کی عزت و توقیر دیکھ کر اہل محشر انگشت بدنداں رہ جائیں گے۔ بھائیو! وقت کو غنیمت جانو۔ اور اپنی اولین فرصت میں اولاد

Marfat.com

کو تعلیم قرآن کے زیور سے آراستہ کر لو۔

نوٹ :- ہاں تو قرآن کی تعلیم کے ساتھ انہیں علوم عصریہ (MODERN ARTS) کے اکتساب بھی محروم نہ رکھیں۔ کیونکہ مروجہ علوم نہ رکھنے کے سبب انسان آج کل کی مختشر بدامن دنیا کو نہیں سمجھ سکتا۔ اور آزاد ذریعہ معاش نہ ہونے کے سبب ہو سکتا ہے۔ کہ لوگوں کی روٹیوں کا ہی ہو رہے۔ اور قرآن کو دنیا اکٹھی کرنے کا ذریعہ بنائے۔ اس سے سیزن (SEASON) کمائے۔ یا پیشہ ور واعظ بن جائے!

قرآن با معنی پڑھنے کا حکم

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْرِبُوا الْقُرْاٰنَ وَاتَّبِعُوْا غَرَائِبَہٗ وَغَرَائِبُہٗ فَرَائِضُہٗ وَحُدُوْدُہٗ (مشکوٰۃ)

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قرآن کے معانی بیان کرو۔ اور اس (قرآن) کے غرائب کی پیروی کرو۔ اور (سنو!) قرآن کے غرائب اس کے فرائض اور اس کی حدیں ہیں۔

ملاحظہ :- فرائض سے مراد اوامر اور حدود سے مقصود

نواہی ہیں!

ترجمہ پڑھنا گناہ ہے؟ بعض نام نہاد مولوی اور پیر لوگوں کو کہا کرتے تھے۔ کہ قرآن کا ترجمہ پڑھنا خدا کے لنگ (عزت) کو ہاتھ ڈالنا ہے۔ ترجمہ پڑھنا گناہ ہے کیونکہ خدا کا کلام سمجھا نہیں جا سکتا۔ اس لئے صرف ناظرہ (بلا ترجمہ) پڑھنا ہی بہتر اور بڑا ثواب ہے!

دراصل یہ عباد اللہ بناؤ لوگوں کو قرآن کے ترجمہ پڑھنے سے صرف اس لئے منع کرتے تھے۔ کہ اگر لوگ قرآن کا ترجمہ پڑھ کر اس کے مفہوم و مطالب سے واقف ہو گئے۔ تو مسئلہ مسائل پوچھنے میں ان کے محتاج نہ رہیں گے۔ اور پھر ان کے وقار میں کمی آجائے گی۔ اور سب سے بڑی وجہ لوگوں کو اَن پڑھ رکھنے کی یہ تھی۔ کہ اگر مرد اور خاص کر عورتیں قرآن اور حدیث پڑھ کر سچ مچ مذہب سے واقف ہو گئے۔ تو اندھی تقلید کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اور ساتھ ہی خرقہ سالوس کے اندر ان کی مہاجنی بھی ختم ہو جائے گی۔! پس مردوں اور علی الخصوص عورتوں کی ILLITERACY (بے علمی) کے اسباب ہیں۔ ملائے قرآن اور پیر ہمنبت سر فہرست ہیں۔ خدا تعالیٰ کا اس کے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر

Marfat.com

بے شمار درود و سلام ہو جس نے امت کی خیر خواہی اور دین نوازی کی خاطر ارشاد فرمایا۔ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ (مشکوٰۃ) طلب علم ہر مسلمان (مرد و عورت) پر فرض ہے۔

بے شک اگر تمام مرد اور عورتیں قرآن اور حدیث کے مطالب سے کما ینبغی واقف ہو جائیں۔ تو جہاں وہ اپنی دین و دنیا کی کامیابی کی تعمیر صحیح بنیادوں پر استوار کر سکیں گے ——— وہاں وہ "دین ملا فی سبیل اللہ فساد" کی دو دھاری تلوار کے وار سے بچ جائیں گے۔

بہشت کا دارو مدار

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَظْهَرَهٗ فَاَحَلَّ حَلَالَهٗ وَحَرَّمَ حَرَامَهٗ اَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ۔ (مشکوٰۃ)

حضرت علیؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے قرآن پڑھا۔ پھر اس کو یاد کیا۔ اور قرآن کے حلال کو حلال جانا۔ اور قرآن کے حرام کو حرام جانا۔ تو خدا تعالیٰ اس کو بہشت میں داخل کریگا۔

نوٹ:- حلال اور حرام جاننے سے سنت کے مطابق قرآن

پر عمل کرنا مراد ہے ! جس شخص نے قرآن کے کسی حکم پر غیر مسنون طریق سے عمل کیا۔ اس نے قرآن کے حلال و حرام کی حدود کو توڑ ڈالا !

قوموں کا عروج و زوال

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَّيَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ (مسلم)

حضرت عمر بن خطابؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ قوموں کو اس کتاب (قرآن) کے ساتھ بلند کرتا ہے۔ اور کتنے لوگوں کو اس کے ساتھ پست کرتا ہے"

ثریا سے ثریٰ پر

حدیث بالا کا مطلب یہ ہے۔ کہ جو قرآن مجید کو سیکھ کر اس پر عمل کرتا ہے۔ خدا اس کا درجہ دنیا میں بھی بلند کرتا ہے یعنی اس کو دولت، عزت، حکمت اور حکومت دیتا ہے جیسا کہ عرب کے گڈریئے جب قرآن شریف پر ایمان لے آئے (رضی اللہ عنہم) پھر اسے پڑھا۔ اور عملاً اس کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہوئے۔ تو خدا نے ان کو اتنا بلند کیا۔ وہ عروج بخشا! کہ عرب۔ روم۔ شام۔ ایران۔ اور مصر کے تخت حکومت پر بیٹھ کر جہاں بانی کرنے لگے۔ پھر اس کے بعد ایک وقت ایسا آیا۔ کہ مسلمانوں نے قرآن کو گلدستہ طاق نسیان بنا دیا۔ اس کے امتثال اوامر اور اجتناب نواہی سے بے نیاز ہو گئے۔

Marfat.com

تو قرآن کے فقدانِ عمل نے انہیں ثریا سے زمین پر دے مارا حضور اکرم ؐ نے اس حدیث میں تذکیر کا ایک دریا بہا یا ہے۔ اور عروج وزوالِ اقوام کی گتھی کو سلجھایا ہے۔ کہ علی وجہ البصیرت قرآن پر عمل کرنا کہکشاں گیر ترقیوں اور عزتوں کا موجب ہے۔ اور قرآن کی پیشوائی سے بے نیاز اور مستغنی ہونا ذلت وادبار کی تاریک خندقوں میں گرا دیتا ہے!

حافظ اور قاری کا مرتبہ

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُقَالُ لِصَاحِبِ الْقُرْاٰنِ اِقْرَأْ وَارْتَقِ وَرَتِّلْ کَمَا کُنْتَ تُرَتِّلُ فِی الدُّنْیَا فَاِنَّ مَنْزِلَکَ عِنْدَ اٰخِرِ اٰیَۃٍ تَقْرَأُھَا۔ (احمد)

حضرت عبداللہ بن عمروؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ (قیامت کے دن) صاحب قرآن کو کہا جائے گا۔ پڑھ (قرآن) اور (بہشت کے درجوں پر) چڑھتا جا۔ اور ٹھیر ٹھیر کر پڑھ۔ جیسے کہ تو دنیا میں ٹھیر ٹھیر کر پڑھتا تھا۔ پس تحقیق تیرا مرتبہ (آج بہشت میں) آخری آیت پر ہے۔ جو تو پڑھے گا۔"

Marfat.com

قارئین کرام ـــــ اس آنی فانی اور ہنگامی دنیا میں قرآن سے لو لگاؤ۔ بڑی محبت اور انتہائی خلوص سے قرآن کی ہر روز تلاوت کیا کرو۔ خواہ تھوڑا ہی پڑھو۔ لیکن پڑھنے پر مداومت کرو۔ اور ایسے استحضار اور خضوع و خشوع سے پڑھنے کا ملکہ پیدا کرو۔ کہ گویا آپ محبوب حقیقی ـــــ اللہ رب العالمین سے باتیں کر رہے ہیں۔ ذرا غور تو کریں۔ کہ قیامت کے روز جب آپ سے ـــــ قرآن کو بلا ناغہ ترتیل سے پڑھنے والوں اور باعمل حافظوں سے خطاب خداوندی ہوگا۔ کہ قرآن کو پڑھتے جاؤ۔ اور درجات بہشت کی اس سیڑھی پر چڑھتے جاؤ۔ قرآن پڑھتے پڑھتے جب آپ آخری آیت پر پہنچیں گے۔ تو اس قدر بلند درجہ بہشت میں آپ کو ملیگا۔ حافظ اور قاری قرآن کے مقام کی بلندی کا ذرا اندازہ تو لگائیں! یہ یاد رہے۔ کہ حصول مراتب کے لیے قرآن فروشی سے بچنا اور قرآن کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونا شرط ہے!!

قرآن جامع وظائف ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی مَنْ

Marfat.com

شَغَلَهُ الْقُرْاٰنُ عَنْ ذِكْرِيْ وَمَسْئَلَتِيْ اَعْطَيْتُهُ اَفْضَلَ مَا اُعْطِي السَّائِلِيْنَ وَفَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ (ترمذی)

حضرت ابو سعیدؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بلند اور برکت والا پروردگار فرماتا ہے۔ (حدیث قدسی ہے!) جس کو باز رکھے قرآن میری یاد اور مجھ سے مانگنے سے۔ دیتا ہوں میں اس کو بہتر اس چیز سے جو دیتا ہوں مانگنے والوں کو —— اور کلام الٰہی کی بزرگی تمام کلاموں پر اس طرح ہے۔ جس طرح اللہ کی بزرگی اس کی تمام مخلوقات پر۔"

ملاحظہ:۔ اس حدیث پاک کا یہ مطلب ہے کہ جو شخص اپنا اکثر وقت قرآن کے پڑھنے اور پڑھانے، اسکے سمجھنے اور سمجھانے۔ معانی اور مطالب میں غور و فکر کرنے میں گزارے اور پھر اس کو دیگر اوراد و وظائف اور اذکار و ادعیہ کا وقت نہ ملے۔ تو خدا تعالیٰ اس کو اذکار و اوراد اور ادعیہ و وظائف کے ذریعہ مانگنے والوں سے بہتر دیتا ہے!

پس قرآن مجید کو سوچ سمجھ کر پڑھنا اور خلوص و تقویٰ سے

سے اس پر عمل کرنا — حوائج و مصائب دنیوی اور مرام و مطالب اخروی کے لئے اکسیر اعظم اور تریاق لامثال ہے!

ستر ہزار فرشتوں کی دعائیں

عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ فَقَرَأَ ثَلٰثَ اٰيَاتٍ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ مَّاتَ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مَاتَ شَهِيْدًا وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ (ترمذی)

حضرت معقل بن یسارؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں۔ حضور اکرمؐ نے فرمایا۔ جو شخص صبح کے وقت تین بار یہ کہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ — پھر سورہ حشر کی آخری تین آیات پڑھے (یعنی هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے عَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک) تو خدا تعالیٰ اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتے متعین کر دیتا ہے۔ جو شام تک اس کے لئے (توفیق خیر، دفع شر، اور گناہوں کی بخشش

کے واسطے دعا مانگتے رہتے ہیں۔ اور اگر مر جائے اس دن تو شہید مرتا ہے۔ اور جو شخص پڑھے اسی آتین بار شام کو اور پھر سورہ حشر کی تین آیات (بدستور) تو اسی مرتبہ بھی ہوتا ہے "یعنی اس کے لئے ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیے جاتے ہیں۔ جو شام سے لیکر صبح تک خیریت و عافیت اور اثبات دین کے لئے دعا کرتے رہتے ہیں!

دل کے زنگ کی جلاء

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذِهِ الْقُلُوْبَ تَصْدَأُ كَمَا تَصْدَأُ الْحَدِيْدُ اِذَا اَصَابَهُ الْمَاءُ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا جِلَاءُهَا قَالَ كَثْرَةُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ - (بیہقی)

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح لوہے کو پانی لگنے سے زنگ لگ جاتا ہے۔ اسی طرح یہ دل بھی زنگ پکڑ جاتے ہیں حضورؐ سے پوچھا گیا۔ کیا ہے جلاء (صفائی) ان کی؟ آپ نے فرمایا موت کو بکثرت یاد کرنا۔ اور (مطالب و معانی پر غور کر کے) قرآن پڑھنا"۔

Marfat.com

سورہ فاتحہ کی حلفی عظمت

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ کَیْفَ تَقْرَأُ فِی الصَّلٰوۃِ فَقَرَأَ اُمَّ الْقُرْاٰنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ مَا اُنْزِلَتْ فِی التَّوْرَاۃِ وَلَا فِی الْاِنْجِیْلِ وَلَا فِی الزَّبُوْرِ وَلَا فِی الْقُرْاٰنِ مِثْلُھَا وَاِنَّھَا سَبْعٌ مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ اُعْطِیْتُہٗ۔ (ترمذی)

حضرت ابی ہریرہؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب کو کہا۔ تم نماز میں کیا پڑھتے ہو؟ (ہمارے ماں باپ اور ہماری جانیں آپ پر قربان۔ کیسی تمہید باندھ کر عظمت فاتحہ بیان فرماتے ہیں) پس پڑھی (ابی بن کعبؓ نے) سورت فاتحہ۔ پھر حضورؐ نے فرمایا۔ قسم ہے اس ذات کی۔ کہ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ نہیں اتاری گئی تورات میں، ور نہ انجیل میں، اور نہ زبور میں، اور نہ قرآن میں —— کوئی سورت مانند سورت فاتحہ کے! اور بیشک اس سورت کی سات آیتیں ہیں۔ (جو) مکرر پڑھی جاتی ہیں۔ اور (وہ) قرآن عظیم ہے۔ جو مجھے ملا ہے!!

Marfat.com

دس سیپاروں کا ثواب

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیَعْجِزُ اَحَدُکُمْ اَنْ یَقْرَأَ فِیْ لَیْلَۃٍ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ قَالُوْا وَکَیْفَ یَقْرَأُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ قَالَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ (مسلم)

حضرت ابی درداءؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا کوئی تم میں ایک رات میں تہائی قرآن (دس سیپارے) پڑھنے سے عاجز ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا۔ کہ کوئی تہائی قرآن کیسے پڑھے؟ فرمایا حضورؐ نے — سورہ اخلاص — قل شریف — دس سیپاروں کے برابر ہے

قرآن کی مزدوری لینے والے

عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَفِیْنَا الْاَعْرَابِیُّ وَالْعَجَمِیُّ فَقَالَ اقْرَءُوْا فَکُلٌّ حَسَنٌ وَسَیَجِیْءُ اَقْوَامٌ یُقِیْمُوْنَہٗ کَمَا یُقَامُ الْقِدْحُ یَتَعَجَّلُوْنَہٗ وَلَا یَتَاَجَّلُوْنَہٗ (ابوداؤد)

حضرت جابرؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ ایک دن رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے۔ اور ہم قرآن پڑھتے تھے ہم میں اعرابی بھی تھے۔ اور عجمی (غیر اعرابی) بھی تھے۔ پھر حضور نے فرمایا۔ پڑھو — ہر ایک (تم میں) اچھا پڑھتا ہے۔ (اور یاد رکھنا کہ) کچھ لوگ (آئندہ زمانہ میں) آئینگے۔ (جو) قرآن کو ایسا سیدھا کرینگے۔ جیسے تیر سیدھا کیا جاتا ہے۔ لیکن (وہ پیٹ کے پجاری) جلدی کریں گے۔ بدلے (لینے) قرآن کے (دنیا میں) اور نہ رکھیں گے (مزدوری قرآن کی، آخرت پر)

متاعِ کاروان جاتا رہا

مذکورہ صدر حدیث کا یہ مطلب ہے۔ کہ آخر زمانہ میں قرآن پڑھنے والے ایسے ہونگے — کہ قرآن کے الفاظ کو خوب سنواریں گے اور مخارج کی رعایت میں بہت تکلف کرینگے محض دکھانے، سنانے، فخر اور ریا کے لئے — لیکن ثواب کی کچھ غرض نہ ہو گی۔ دنیا کو آخرت پر ترجیح دینگے۔ دنیا کمانے کے لئے قرآن پڑھیں گے۔ اور پھر قرآن پڑھنے کی مزدوری لینے میں جلدی کرینگے۔ دنیا ہی میں لوگوں سے وصول کر لینگے۔ قرآن خوانی اور وعظ گوئی کے ختم ہوتے ہی رومال بچھا دینگے۔ آخرت میں خدا پر نہ چھوڑینگے۔ افسوس آج کل ہمارے زمانہ میں قرآن

Marfat.com

پڑھنے پڑھانے ــــ اور سنانے والے حافظوں، قاریوں اور پیشہ ور واعظوں کی اکثریت کا یہی حال ہے ــ

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا!!

کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا (اقبالؒ)

قرآن پڑھ کر رزق کمانا

حضرت عمران بن حصینؓ ایک دفعہ کسی قصہ گو واعظ کے پاس سے گزرے اور وہ قرآن پڑھتا تھا اور پھر سوال کرتا تھا۔ یہ دیکھ کر حضرت عمرانؓ نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پڑھا۔ اور کہا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ فرماتے تھے مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ فَلْیَسْئَلِ اللّٰہَ فَاِنَّہٗ سَیَجِیْءُ اَقْوَامٌ یَقْرَؤُوْنَ الْقُرْاٰنَ یَسْاَلُوْنَ بِہِ النَّاسَ ــ جو شخص قرآن پڑھے اسے چاہیئے۔ کہ قرآن کے ساتھ اللہ سے سوال کرے۔ (نہ لوگوں سے) پس تحقیق (ایک زمانہ میں) آئینگے لوگ (پیٹ کے پجاری) قرآن پڑھیں گے اور اس کے ساتھ لوگوں سے مانگیں گے۔ (ترمذی)

ملاحظہ:۔ قرآن پڑھ کر دو طرح سے مانگتے ہیں۔ بعض لوگ رہگذاروں میں بیٹھ کر پڑھتے اور مانگتے ہیں۔ اور بعض قبل از

وقت ہی ـــ ایک ماہ کے لئے ساٹھ، ستر، یا اسّی روپے، تین پاؤ دودھ، اور بادام بالائی وغیرہ کا سودا کر لیتے ہیں۔ قرآن کے ایسے سوداگر ذرا مہذب گداگر کہلاتے ہیں۔ افسوس اثمن قلیل کے عوض آیات الٰہی کا سودا کرتے وقت ایسے لوگوں کو ضمیر بھی ملامت نہیں کرتا۔

حضرت الورہ نے فرمایا۔ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ يَتَأَكَّلُ بِهِ النَّاسَ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَوَجْهُهُ عَظْمٌ لَيْسَ عَلَيْهِ لَحْمٌ ـــ

جو شخص قرآن پڑھے۔ کہ کھائے لوگوں سے بسبب اس کے (یعنی جو قرآن کو دنیا کمانے کا ذریعہ بنائے گا) قیامت کے روز اس کا (بد شکل) چہرہ صرف ہڈی کا ہوگا جس پر گوشت کا نام نہ ہوگا۔ (شعب الایمان)

اس حدیث نے تو پیشہ ور عالموں، واعظوں، قاریوں اور حافظوں کو جن کا ضمیر زندہ ہے ـــ نعل در آتش کر دیا ہے ان حضرات کو اکتساب ارزاق باالقرآن کی روش ترک کر کے آج ہی کوئی نہ کوئی دوسرا ذریعہ معاش اختیار کر لینا چاہیئے ؎

نترسم کہ صرفہ نبرد روز باز خواست ؛ نانِ حلالِ شیخ ز آبِ حرام ما (حافظؔ)

حافظ کا دس آدمیوں کی شفاعت کرنا

ترمذی۔ ابن ماجہ کے حوالے سے مشکوٰۃ میں حضرت علیؓ روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ حضرت انورؐ نے فرمایا۔

جس شخص نے قرآن پڑھا۔ اسے حفظ کیا۔ اور پھر اس کے حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانا (یعنی قرآن پر پورے طور سے عمل کیا) اس کو خدا تعالیٰ بہشت میں داخل کرے گا۔ اور اس کے گھرانے میں سے ایسے دس آدمیوں کے حق اس کی شفاعت قبول کریگا جن کے لئے دوزخ واجب ہو چکی ہوگی۔"

نوٹ:۔ بغیر اجازت الٰہی شفاعت ناممکن ہے۔ حضور پر نورؐ کو بھی شفاعت کبریٰ کے لئے اللہ اجازت دے گا۔ تو آپ لب اعجاز وا فرمائیں گے۔ اسی طرح حلال کا رزق کما کر کھانے والے عامل بالقرآن حافظ کو خدا خود اجازت دیگا۔ کہ ہاں اپنے کنبہ کے دس آدمیوں کے متعلق تو شفاعت کر سکتا ہے۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحان اللہ العظیم۔

دھوکہ نہ کھانا

بعض پیر حضرات اپنے مریدوں اور مریدنیوں کو یہ کہہ کر جُل دے جاتے ہیں۔ کہ قیامت کے روز ہم تمہاری شفاعت کرینگے۔ مریدو! تم کو ساتھ لے کر ہم

بہشت میں جائیں گے۔ اس لئے نذر نیاز اور ششماہی دیتے رہو۔ واضح رہے۔ کہ اوّل تو کسی شخص کو اپنے انجام کا علم نہیں ہے کہ وہ بہشتی ہے۔ یا دوزخی صحیح بخاری میں حضورؐ فرماتے ہیں۔ کہ آدمی نیک کام کرتا رہتا ہے۔ حتےٰ کہ بہشت ایک بالشت رہ جاتی ہے۔ تو اس سے (اخیر میں) کوئی ایسا بُرا عمل ہو جاتا ہے کہ وہ دوزخی ہو جاتا ہے۔ اور آدمی بُرے کام کرتا رہتا ہے۔ حتےٰ کہ دوزخ ایک بالشت رہ جاتی ہے۔ تو اس سے (اخیر میں) کوئی ایسا نیک کام ہو جاتا ہے۔ کہ وہ بہشتی ہو جاتا ہے"۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ اعتبار انجام پر ہے۔ انما الاعمال بالخواتیم!

پھر کس طرح ہو سکتا ہے۔ کہ کوئی شخص زندگی میں سینے پر ہاتھ مار کر بہشتی ہونے کا دعوےٰ کرے۔ خواہ کوئی کتنا ہی بزرگ کیوں نہ ہو۔ خدا کی رحمت کا امیدوار ہو سکتا ہے۔ مدعی جنت ہرگز نہیں ہو سکتا۔ جب صورت حال یہ ہے۔ تو کس طرح پیر مریدوں کو کہہ سکتا ہے۔ کہ میں اپنے ساتھ ضرور تمہیں بہشت میں لے کر جاؤنگا۔ یا تمہاری ضرور شفاعت کروں گا۔ حضور انورؐ تو اپنی بیٹی فاطمہ رضؓ اور اپنی پھوپھی صفیہؓ کو یہ فرمائیں۔ یَا فَاطِمَۃَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ وَّ

Marfat.com

يَا صَفِيَّةَ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِعْمَلَا لِمَا عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنِّیْ لَآ اُغْنِیْ عَنْكُمَا مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا ہ۔ فاطمہ! میری بیٹی۔ اور صفیہ! میری پھوپھی رسول! خدا کے ہاں کام آنیوالے (نیک) عمل کرلو۔ میں خدا کے ہاں تمہیں کچھ کام نہ آؤں گا۔ (طبقات ابن سعد)

فرمائیے! رسول پاک جن کو شفاعت کا اذن ملنا قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔ وہ تو اپنی بیٹی اور پھوپھی کو صرف اعمال صالح پر زور دے رہے ہیں۔ اور یہ نہیں فرما رہے۔ کہ میں تم کو ضرور ضرور بہشت میں لے کر جاؤں گا۔ اکیلا ہرگز نہیں جاؤں گا۔ لیکن پیر جس کے انجام اور شفاعت کا قطعاً ثبوت اور علم نہیں ہے۔ وہ کس طرح لوگوں کو کہہ سکتا ہے۔ کہ میں تمہاری شفاعت کروں گا۔ اور بہشت میں ساتھ لے کر جاؤنگا۔ خبردار! کہ یہ سب پیری مریدی کی دکان چلانے کے لچھن ہیں۔ حافظ قرآن جس کے متعلق حضور نے فرمایا ہے۔ کہ اس کو کنبہ کے دس آدمیوں کی شفاعت کی اجازت ہوگی۔ اس بات کا پتہ بھی قیامت کے روز ہی لگے گا۔ کہ وہ کون کون حافظ ہے۔ جس کو اذن ملا ہے۔ حافظ قرآن بھی باوجود بشارت

پانے کے اس عالم کون و فساد میں دعوائے شفاعت ہرگز نہیں کر سکتا۔ ہاں صالح اعمال اور عامل قرآن ہو کر رحمت ایزدی کا امیدوار ضرور ہو سکتا ہے!

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ٥
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ
وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ٥ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ
وَالْمُرْسَلِیْنَ ٥ وَسَائِرِ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ ٥

Marfat.com

ترے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے؟
خودی تیری مسلماں کیوں نہیں ہے؟
عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں!
تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے؟

(اقبال)

Marfat.com



Marfat.com